
# مصر کا جادو





# مصر کا جادو





۷۸۶

# دیباچہ

فضلِ پروردگار سہولت ناظرین اور مفید عام کے واسطے اس کتاب میں جادو و طلسمات و جفر و دروازہ و برج سبعہ سیارہ ماہیت حروف ابجد حروف تقسیم۔ موکلات حروف تہجی ایام سبعہ و تعویذات۔ طریقہ حاضرات مستند۔ نوروز عالم افروز ہندی اور ماہواری طالع نامہ۔ زکی نامہ جفر نامہ ساعت نامہ مسمریزم۔ علم شگون وغیرہ کا مفصل بیان کرنے کے علاوہ الگ الگ تشریح اور نیک و بد حالات و اوصاف کا بھی ذکر کیا ہے۔ اور عملیات و تعویذات و الفاظ وہ لکھے گئے ہیں۔ جن کو ہر خاص و عام آدمی سمجھ کر مطلب حاصل کر سکے۔ وہ عمل یا تعویذات وغیرہ جو مشکل اور خطرناک ہوں۔ ان کو نہیں لکھا گیا۔ کیونکہ ناحق پریشانی فضول ہوتی ہے۔ لہذا کوئی غلطی معلوم ہو۔ تو معاف رکھیں۔ الانسان مرکب من الخطأ والنسیان۔ جو خاکسار کی محنت سے بنائی اس کتاب کو پڑھ کر فائدہ اٹھائیں۔ وہ مولف کے حق میں دعائے خیر فرمادیں۔

ثم آمین۔

۷۸۶

# مصر کا جادو

سب سے پہلے دیکھتے ہی ناظرین یہ خیال کرینگے ۔ کہ اس کتاب کا نام مصر کا جادو کیوں رکھا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بادشاہ فرعون کے زمانہ سے آج تک مصر کا جادو تمام دنیا میں مشہور ہے ۔ اور بڑے جادوگر رہتے ہیں جنہوں نے ہزاروں شعبدات و طلسمات و عجائبات جادو کے ذریعے بنا کر دنیا کو دکھائے ۔ چنانچہ فرعون کے وقت میں جادوگروں نے ایسی ایسی طلسمیں بنائی ہوئی تھیں جن کو دیکھ کر پڑھنے اور سننے سے عقل حیران رہ جاتی ہے جن میں سے چند طلسم ہم مفصل بیان کرتے ہیں ۔

**طلسم نمبرا ۔** فرعون کے زمانہ میں دریا کی سیر کرنے کیلئے ایک کشتی تھی ۔ جب وہ سیر کی خاطر اس میں بیٹھتا تو اس کے کناروں سے نہایت خوبصورت اور حسین مہ جبین آپس میں منہ ملائے ہوئے ناز و نخرے کے ساتھ دو تصویریں ایسی پیدا ہوتیں جن کے اصلی اور نقلی ہونے میں کوئی تمیز نہیں کر سکتا تھا ۔ جب وہ کشتی تیرتی ہوئی دریا کے درمیان پہنچتی تو دونوں تصویریں فوراً غائب ہو جاتی اور اسی وقت ان دونوں کی جگہ آگ نکلتی ۔ کشتی والے جب ان کو دیکھتے تو مارے خوف و حیرت کے پریشان ہو جاتے ۔

باغ میں جاکر کسی درخت کا پھل توڑنے لگتا۔ تو اُسی درخت سے ایک پنجہ نکل کر اُسی ہاتھ کو ایسا زبردست پکڑ لیتا۔ کہ جب تک شاہی نوکر یا چوکیدار آکر اُس کو نہ چھوڑاتا۔ وہ ہرگز نہ چھوڑتا۔

طلسم نمبر ۳۔ بادشاہی تخت کی چاروں طرف نہایت زہریلے اور بڑے بڑے چار سانپ کھڑے رہتے۔ جب بادشاہ بیٹھ کر عدالت کرتا۔ تو یہ چاروں اُس کی نگہبانی کرتے۔ کسی مجرم یا چور کو مار دینے کا حکم صادر ہوتا۔ تو یہی چاروں سانپ بموجب حکم بادشاہی اُس کو کاٹ کھاتے۔ اور وہ مر جاتا۔

طلسم نمبر ۴۔ فرعون کے زمانہ میں داناؤں نے ایک ایسا شیشہ بناکر شہر میں لگایا ہوا تھا۔ جس کے دیکھنے سے نیک و بد حالات معلوم ہو جاتے تھے۔ جب کسی کو اپنا حال دریافت کرنے کی ضرورت ہوتی۔ تو وہ جاکر اُس شیشے کو دیکھتا۔ اور اپنا تمام حال معلوم کر لیتا۔

طلسم نمبر ۵۔ شہر مصر کے دروازہ پر جادوگر نے طلسمی مرغ بناکر رکھا ہوا تھا۔ جب کوئی چور ظلم کی نیت سے اُس دروازہ سے اندر جانے لگتا۔ تو وہ مرغ بڑے زور سے بلند آواز سے اذان کہتا جس کو سنتے ہی تمام لوگ خبردار ہو جاتے اور اُس چور کو فوراً پکڑ کر مناسب سزا دیتے۔

طلسم نمبر ۶۔ شاہی قلعہ کے اندر بارہ دری پر اُس وقت کے داناؤں نے ایک نہایت خوبصورت نازنین معشوقہ بناکر رکھی ہوئی تھی۔ جب کوئی آدمی اُس کی طرف آکر دیکھتا۔ تو وہ بے اختیار [illegible]

اور وہ شخص اُس پر دل و جان سے عاشق زار ہو جاتا مگر اُس کو یہ نہ معلوم ہوتا کہ یہ اصلی ہے یا جادو کا کرشمہ ہے۔

طلسم نمبر ۷۔ باغ کے درمیان بادشاہی حرم کے رہنے کا ایک عظیم الشان محل بنا ہوا تھا۔ جس کی دیواریں آسمان کے برابر نظر آتی تھیں۔ اور کوئی شخص بادشاہ کی طرف سے اُس کا محافظ و پہریدار نہ تھا۔ صرف ایک طرف سے سیڑھیاں اونچی جاتی تھیں۔ جب کوئی شخص اُن کے راستہ اوپر کو جانے لگتا۔ تو پہلا قدم رکھتے ہی محل کے اخیر سرے پر ایک آدمی کا چہرہ دکھائی دیتا۔ دوسرا قدم رکھنے سے ہاتھ میں تیر و کمان پکڑے ہوئے پورا آدمی نظر آتا جب چڑھنے والا چوتھی سیڑھی پر قدم رکھتا تو اچانک ایک تیر اوپر سے آ کر اُس کے سینہ میں لگتا۔ اور وہ پچھلے پاؤں زمین پر گر جاتا۔

علیٰ ہذا القیاس، ایسے ایسے طلسماتی کاموں میں مصر کا عام چرچا تھا چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام اور فرعون کا آپس میں مقابلہ شروع ہوا۔ تو بڑے بڑے نامور جادوگر بلائے گئے۔ جنہوں نے فرعون سے وعدہ لیا تھا۔ کہ اگر ہم جیت گئے۔ تو بہت سا انعام لیں گے جب میدان مقابلہ آراستہ ہوا۔ اور خلقت سب اکٹھی ہو گئی تو اُن جادوگروں نے بڑے بڑے سانپ اور اژدہا وغیرہ بنا کر مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب میدان میں آ کر دیکھا خدا سے التجا کی۔ اور کہا۔ کہ یا رب العالمین اس ناچیز کی

الٰہی ... تیرے ... ہے

حسب ... اُن ... کہ تو کوئی ... اندیشہ نہ کر

میں خود تیرا حافظ اور ناصر ہوں۔ اپنے ہاتھ کی لاٹھی اس وقت میدان میں چھوڑ۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھ۔

بموجب ارشاد پروردگار حضرت موسٰے علیہ السّلام نے اپنے عصا مبارک کو اُس میدان میں پھینکا۔ اور وہ آتے ہی ایک ایسا ہیبت ناک اژدہا بن گیا اس نے تمام جادو کے بنے ہوئے سانپ اور اژدہا نگل کر کھائے۔ اور پھر ویسے کی ویسی لاٹھی بن کر حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے ہاتھ میں آ گئی۔ یہ معجزہ دیکھ کر فرعون اور تمام جادوگروں نے کہا۔ کہ ھٰذا لساحر عظیم یعنے یہ سب سے بڑا جادوگر ہے۔



درحقیقت کوئی چیز نہیں۔ صرف قوت مقناطیسی کو ناجائز طریقہ پر استعمال کرنے کا نام جادو ہے۔ اور اس قوت خداداد سے انسان وحیوان کوئی بھی خالی نہیں ہوتا۔ ہر ایک میں موجود ہوتی ہے۔ مگر برابر نہیں ہوتی۔ کسی میں کم اور کسی میں زیادہ جو لوگ خیال کرتے ہیں۔ کہ جادو نہایت برا اور شیطانی علم ہے ہاں واقعی ہے۔ تو شیطانی۔ مگر غور سے دیکھا جائے۔ تو جادو کا کوئی وجود ثابت نہیں۔ دراصل یہ اُس پاکیزہ علم کی شاخ ہے جس کو تمام اولیا واللہ صوفیائے کرام و فقرا اور علماء دین استعمال کرتے ہیں۔ مگر اُن کی نیت فقط نیکی اور رضا الٰہی پر مبنی ہوتی ہے۔ جب وہ اس روحانی علم میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔ تو دریا سے پار جانا۔ آگ

دوسرے وجود میں آنا۔ صورت تبدیل کرنا۔ تمام دنیا کو دانہ رائی کے برابر جاننا۔ اور مردہ کو زندہ کر دینا۔ اُن کے آگے کوئی بڑی بات نہیں ہوتی۔ مگر وہ قانون قدرت کے برخلاف ایک قدم نہیں چلتے۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے۔ کہ حضرت خواجہ حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ دریا میں پانی پر مصلّےٰ بچھا کر بیٹھے عبادت الٰہی کر رہے تھے اتفاقاً مائی صاحبہ رابعہ بصری بھی اُس طرف سے گزرے۔ تو خواجہ صاحب نے فرمایا۔ کہ رابعہ آ۔ یہاں بیٹھ کر اپنے مالک حقیقی کو یاد کریں۔ اسی وقت رابعہ مصری نے اپنا جائے نماز ہوا پر بچھایا۔ اور خواجہ حسن بصری سے عرض کی۔ یا حضرت تشریف لاؤ۔ یہاں دونو بیٹھیں اور پروردگار عالمین کی عبادت کریں۔

ایک دفعہ حضرت سلیمان علیہ السلام تخت بادشاہی پر جلوہ افروز تھے۔ اور تمام رعایا اور امرا وزرا حاضر تھے۔ مگر ہُدہُد جانور حاضر نہ تھا۔ اُس کے واسطے یہ فرمایا۔ کہ وہ کوئی نئی خبر لاوے تو بہتر۔ ورنہ اُس کو کوئی سزا دی جاویگی۔

الغرض جب ہُدہُد نے آکر سلام کیا۔ تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی شرط پوری کرنی چاہی۔ مگر ہُدہُد نے عرض کی۔ یا حضرت میں ایک ایسی تازہ خبر لایا ہوں۔ جو حضور نے آج تک نہ دیکھی۔ اور نہ سُنی ہوگی۔ اور ساتھ ہی شاہزادی بلقیس کا تمام حال بیان کر دیا تب حضرت سلیمان علیہ السلام نے اِس کی طرف خط لکھا جس کے جواب سے معلوم ہوا۔ کہ وہ شہزادی نافرمانی ظاہر کرتی ہے اُسی [illegible] اسی مجلس میں کوئی

ایسا شخص موجود ہے۔ جو فوراً اس نافرمان عورت کو لا کر حاضر کرے تب ایک جن نے آداب بجا کر عرض کی۔ کہ بندہ اس کو اتنی دیر میں یہاں لا سکتا ہے۔ جتنے تک حضور تخت مبارک پر اٹھ کھڑے ہو کر بیٹھ جائیں دوسرا جن بولا کہ حضرت میں اتنی دیر میں لا کر آپ کے سامنے حاضر کر سکتا ہوں جتنے میں آنکھ کھول کر بند کر لیں۔ تب حضرت سلیمان علیہ السلام نے حکم دیا۔ کہ بہتر۔ آنکھ جب بند کر کے کھولی۔ تو بلقیس کا تخت اپنے تخت کے سامنے پایا۔ حیران ہو کر اس جن سے پوچھا۔ کہ یہ علم تو نے کہاں سے حاصل کیا۔ جن نے فوراً جواب دیا۔ کہ ھٰذا من فضل ربی۔ یہ میرے رب کا فضل ہے۔

ایسے ایسے اور بھی واقعات بہت ہیں۔ جو علم روحانی کے ذریعہ برگزیدہ زماں لوگوں نے کئے۔ ان میں یہی طاقت خداداد اور پاکیزہ قوت موجود تھی۔ جس کو علم روحانی یا تصویر وغیرہ وغیرہ کہتے ہیں جب تک یہ علم پاک لوگوں کے قبضہ میں رہتا ہے۔ تو وہ اس کو باحفاظت رکھتے ہیں۔ اور ناپاک جگہ نہیں استعمال کرتے۔ افسوس کہ یہی پاکیزہ علم جب نالائق اور پلید عاملوں کو ہاتھ لگتا ہے۔ تو وہ نہ اس کی قدر کرتے ہیں۔ نہ ان کو اتنی سمجھ ہوتی ہے۔ پاک اور پلید میں سمجھ نہیں کر سکتے۔ یہی علم جب ناجائز طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ تو اسی کو علم نفسانی یا جادو خواہ شیطانی کہتے ہیں۔

درحقیقت علم ایک ہے۔ مگر استعمال کرنے میں اچھا یا برا معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ قیمتی لعل جوہری کو مل جائے۔ تو وہ اس کی بڑی قدر و منزلت کریگا۔ گمنامی لعل بدشکل اگر بے شناس گدھوں کے چرواہے کے ہاتھ لگے

تو وہ ضرور خوبصورت اور چمکدار دیکھ کر اپنے سب سے اچھے گدھے کے گلے میں ڈالے گا۔

اب ہم اس کتاب میں بتوفیق پروردگار۔ طلسمات۔ تعویذات فتنیلہ جات۔ حالات افلاک۔ دوازدہ بروج۔ خواص تسخیر سیارگان منتر۔ جنتر۔ بیمار نامہ۔ فال نامہ۔ علم شگون اور فوائد و نقصانات و ہدایات مسمریزم وغیرہ کا مفصل بیان کرتے ہیں۔ اور سہولت ناظرین کے لئے یہ کتاب پانچ باب پر منقسم کردی ہے ؛

# پہلا باب

اس باب میں دوازدہ بروج اور ستاروں کا مفصل بیان کیا گیا ہے کیونکہ ماہران عملیات و کاملان تعویذات ان کا بہت لحاظ رکھتے ہیں ؛

## دوازدہ بروج

بسبب گردش آفتاب کے آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے جس کو دائرۃ البروج کہتے ہیں۔ آفتاب اس دائرہ کو ایک سال کی مدت میں طے کرتا ہے۔ اور اس کو عامل لوگ بارہ حصوں پر تقسیم کر کے ہر ایک حصہ کا نام برج رکھتے ہیں ؛

### حمل

ہندی میں اسکو ماہ بیساکھ کو کہتے ہیں۔ اس کی صورت مینڈھے کی مانند ہوتی ہے اور دو سینگ موکل اطاعیل

حروف ا ۔ ع ۔ ل ۔ ی سر بر ہوتے ہیں ۔ سر اس کا مغرب



کی طرف اور دم مشرق
کی طرف ۔ پیٹھ شمال کی جانب
اور پاؤں جنوب کو ۔ اور منہ پچھلے
طرف موڑے ہوئے گویا کسی کو پیچھے سے دیکھ رہا ہے ۔ خانہ
مریخ مشرقی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب ۱۹ درجہ پر ہبوط زحل مذکر منقلب

## ثور

ہندی برکھ ۔ ماہ جیٹھ کو کہتے ہیں ۔ مؤکل عزرائیل حروف ب



ہیں ۔ جس کی صورت مثل گائے
کے ہوتی ہے سر اس کا مشرق کو
اور دم مغرب کی طرف ہوتا ہے مانند برہ
جنوبی خاکی سفید وبال مریخ شرف قمر ۱۹ درجہ پر مونث ۔

## جوزا

ہندی متھن ۔ ماہ اہاڑ کو کہتے ہیں ۔ مؤکل اسرافیل حروف ف ق ک



اس کی صورت ایسی ہے ۔ جیسے دو لڑکے
آپس میں پیٹھ ملا کر کھڑے ہوں ۔ سر
دونوں کے شمال کو ۔ پاؤں جنوب ۔ اور
مغرب کی طرف ہوتے ہیں خانہ عطارد
غربی بادی زرد وبال مشتری شرف راس ہبوط ذنب ذو جدین ۔ ۱۱۱

# سرطان

ہندی کرک ماہ ساون کو کہتے ہیں۔ موکل قبقائیل حروف لا۔ ح ہیں۔ صورت اس کی بعینہ مثل کیکڑا دریائی ہوتی ہے۔ خانہ قمر شمالی آبی سفید وبال زحل شرف مشتری ہبوط مریخ مونث منقلب.......



# اسد

ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں۔ موکل حرکائیل حروف م ت ہیں۔ جس کی صورت....... مثل شیر۔ خانہ شمس مشرقی آتشی سرخ وبال زہرہ مذکر ثابت



# سنبلہ

ہندی کنیا ماہ اسوج کو کہتے ہیں۔ موکل سماکائیل حروف ب۔ ت ہیں۔ خوبصورت دختر دامن لٹکائے ہوئے۔ اور داہنا ہاتھ کاندھے کے برابر اٹھائے ہوئے اور بایاں ہاتھ لٹکائے ہوئے سر [illegible] کا رخ مغرب و [illegible] پاؤں کا رخ مشرق جنوب اور اٹھائے ہوئے ہاتھ میں بالی کسی



درخت کی سے ہوئے خانہ عطارد جنوبی نما کی سبز
بلغم کے نزدیک سیاہ وہاں مشتری شرف عطارد ہبوط
زہرہ مونث ذوجسدین۔

# میزان

ہندی تلا ماہ کاتک کو کہتے ہیں۔ مہم الفائیل حروف ر۔ت۔
ط ہیں۔ بصورت ترازو خانہ
زہرہ غربی بادی سفید وبال
مریخ زحل ہبوط آفتاب
مذکر منقلب ...........



# عقرب

ہندی برچھک۔ ماہ مگھر کو کہتے ہیں۔ بصورت بچھو موکل
صدمنائیل حروف ل۔ن۔ظ۔ض
خانہ مریخ شمالی سرخ وبال
زہرہ ہبوط۔ قمر مونث ثابت۔



# قوس

ہندی دھن۔ ماہ پوہ بصورت
ایک مرد ہاتھ میں تیر کمان پکڑے
ہوئے خانہ مشتری مشرقی آتشی



زرد وبال عطارد شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجدین موکل ۱۱۱ صنخائیل حرف ف۔

## جدی

ہندی مکر ماہ ماگھ بصورت بکر موکل سماکائیل حرف ح۔خ



زحل جنوبی خاکی سیاہ وبال
قمر شرف مریخ ہبوط مشتری
مونث منقلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
۱۰

## دلو

ہندی کنبھ ماہ پھاگن کو کہتے ہیں بصورت موکل سنحازائیل حروف



س۔ش ایک مرد ڈول ہاتھ
میں لے کر ٹیڑھا کر کے زمین پر
پانی گراتا ہے۔ خانہ زحل عربی
بادی زرد وبال آفتاب مذکر
ثابت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
۱۱

## حوت



ہندی میں ماہ چیت بصورت
دو مچھلیوں خانہ مشتری
شمالی آبی شرف وبال ہبوط عطارد
۱۲

شرف زہرہ موئث ذوجدین موکل قبقائیل حروف - د - ج

تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَجَعَلَ فِيهَا سِرَاجًا وَقَمَرًا مُّنِيرًا ۝ قرآن ع۔

ترجمہ۔ بڑی برکت ہے جس نے بنائے آسمان میں برج اور دا رکھا اُس میں چراغ اور چاند اُجالا کرنے والا ؛

# سبعہ سیارہ کا بیان

پروردگار عالم نے ویسے تو بے شمار ستارے پیدا کئے ہیں۔ جن کا حساب سوائے اُس کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اُن میں بعض تو حرکت کرنے والے جن کو سیارے اور حرکت نہیں کرتے۔ اُن کو ستارے کہتے ہیں۔ عالمان نجوم نے اِن تمام میں سے صرف سبعہ سیارہ یعنی سات سیاروں کا بیان کیا ہے۔ جن کی حرکات سے طرح طرح کی تاثیرات عالم میں ظاہر ہوتی ہیں۔ جس کا اثر ہر ایک چیز پر الگ الگ وارد ہوتا ہے۔ یہ تمام سیارے اپنے اپنے نیک و بد میں برابر حکومت کرتے ہیں۔ اب ہم زہرہ۔ زحل۔ شمس۔ قمر مریخ۔ عطارد۔ مشتری اِن سات سیاروں کا مفصل حال وخواص اور اُن کو تسخیر کرنے اور طلسم لکھنے کا بیان کرتے ہیں؛

## زُہرہ

فارسی ناہید ... کا مجسم بصورت عورت ہاتھ میں باجا

ہے ہوئے - رنگ سفید - ہنس مکھ - شیریں سخن - دانا گانے بجانے کا - واقف - جندہ پیشانی - بلغمی مزاج - صاحب عقل - کوتاہ قد باریک انگشت ناک پتلی منہ تنگ - نازک بدن - باریک کمر نہایت خوبصورت عامل ملک - سوم روز جمعہ ہو کل اسمعون النیم سوم اور ہلسوبات اس کے یہ ہیں عیش وعشرت - رنگ و رنگ - نیک بختی - جگہ خوش باغ و بوستان قمار خانہ راگی - خوبصورت عورتیں - عطار و ریشم فروش - بد اخلاق شرارت انگیز - جھوٹ کا پتلا - بیوفا - بے حیا - عشقباز - کمینا کودنا - مشغول کرنا - شطرنج - گنگہ بازی - لونڈے بازی - لباس پشمینہ - نقش دار اشیاء کٹی - میٹھی اور لذیذ چیزیں زیادہ روشنی - درخت شگوفہ دار - ساز طنبور - زیور - انگوٹھی گوشوارہ مالامروارید جانور قمری - کنوئیں عیش عشرت روشنی کرنا امراض ضعف حرارت دل وجگر و خفقان ادویات یاقوتی ماء اللحم خوشنما و لذیذ غذا مغزیات ممالک عرب لبنان ہرات ومشق - کوفہ - اطراف شام - حلب وغیرہ ؛

## تسخیر زہرہ

جو عامل سیارہ زہرہ کو اپنے قبضہ میں لانا یا تابعدار بنانا چاہے - تو اس کو چاہیے - کہ پہلی تاریخ ماہ رمضان یا شعبان سے شروع کر کے اگلا چاند نظر آنے تک پورا مہینہ برابر ہر روز بلا ناغہ عمل کرتا رہے - جس رات کو چاند دیکھے - اسی وقت نہا دھو کر لباس صاف و تھرا اور پاکیزہ پہنے - اور اپنے چاروں طرف ایک لکیر کھینچ کر اس کے اندر بیٹھ جائے - اور پانچ ہزار مرتبہ عمل پڑھ کر پورا کرے

یَا نُوْرُ کُلِّ شَیْءٍ وَ ھُدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ الظُّلُمَاتِ جنودہ

جب پورا مہینہ گذر عمل کا آخری دن آئے۔ تو ایک شخص ہاتھ میں کوئی سازنہ لیے ہوئے نہایت خوبصورت ناٹک بدن بڑی شان و شوکت کے ساتھ عامل کے سامنے حاضر ہوکر سلام و آداب بجالانے کے بعد اپنا ساز درست کر کے ایسی پیاری اور سریلی آواز سے گانا شروع کرے گا۔ کہ عامل خوشی کا مارا سرود میں آکر مست ہو جائے گا۔ مگر یہ مستی نہایت نقصان دیہ۔ اور ضائع عمل ہوتی ہے کیونکہ اُس کے راگ سنانے کا اصل مطلب یہی ہوتا ہے۔ کہ کسی نہ کسی طرح (؟) عامل کو روکے۔ تاکہ وہ اپنی پوری منزل پر نہ پہنچے۔ اس وقت (؟) میں عامل کو نہایت ہوشیار و خبردار اور لاپرواہ رہنا چاہیئے۔ اس کے رنگ و راگ کی طرف خیال نہ کرے۔ وہ اپنے عمل بدستور پڑھتا رہے۔ جب عمل پورا ہو جائے گا۔ تو وہ شخص خود بخود گانا بجانا بند کر کے بڑی تمیز اور خوش آواز سے عرض کرے گا۔ کہ یہ عمل تو اس مطلب کے لیے پڑھتا ہے۔ تب عامل اُس کو کہے کہ میں یہ چاہتا ہوں۔ کہ تو ہر وقت میرے پاس حاضر باش رہکر ہمیشہ رنگ و راگ سناتا رہے۔ اور ہر کام میں مددگار بن جائیں۔ پھر زہرہ یعنے وہ شخص جواب دے گا۔ کہ بہت اچھا۔ میں آپ کا کہنا بجالاؤں گا اور آپ کے ہر کام میں امداد دیا کروں گا۔ جس وقت آپ مجھے بلایا کریں گے میں اسی وقت حاضر ہو جایا کروں گا۔ ان باتوں کے بعد وہ شخص ہانڈے کے برابر سفید نگینہ ایک مہرہ عامل کو دے کر کہے گا۔ کہ جب میرے بلانے کی ضرورت ہو اس مہرے کو سامنے رکھ کر یہ نام پڑھ کر سگند رکھو

میں فوراً آپ کے پاس آجایا کرونگا۔ اتنا ہی کہکر وہ شخص چلا جائے گا بعد ازاں عامل کا فرض ہے کہ اُس مُہر کو بڑی احتیاط اور محافظت کے ساتھ اپنے پاس پوشیدہ رکھے کسی کو خواہ کیسا ہی عزیز کیوں نہ ہو۔ نہ دکھائے۔ اور نہ اُس کا بھید ظاہر کرے۔ آپ کو جس وقت ضرورت ہو بلا کر مطلب پورا کرلیں۔ مگر چھوٹے چھوٹے اور واہیات ناپاک کاموں کے واسطے بار بار نہ بلایا کریں ::

## طلسم زہرہ

جو شخص اس طلسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ وہ ہمیشہ خوش و خرم اور صاحب عزت رہیگا۔ رزق بہت کشادہ ہوگا۔ اس کے ساتھ عورتیں بڑی محبت کریں گی۔ کوئی شخص نقصان کرنے یا ضرر پہنچانے اور بے عزت کرنے کے درپے ہو۔ تو وہ نابود ہوجائے گا۔ اگر مرد عورت کے درمیان دشمنی ہو۔ تو محبت قائم ہوجائے گی۔ جس وقت زہرہ شرف میں یا برج ثور۔ یا برج میزان یا مشتری سے قران ہو۔ تو ہرتال و ہلدی و زعفران عرق گلاب میں گھول کر لکھے۔ اگر یہ وقت میسر نہ ہو۔ تو بروز جمعہ اوّل ساعت زہرہ میں لکھ کر بازو پر باندھے۔ اور تصدقات زہرہ ادا کرے۔

| عا ضسا ۃ سـ اح |
|---|
| الا ھمـ لحصعی |

## زحل

مُؤکل کا اسم کیائیل جبرائیل سیخہ ہنشہ بصورت مرد

دراز بال چھ ہاتھ دونوں ہاتھوں سے عصا گدی کے نیچے لٹکائے ہوئے اور کسی میوہ دار درخت کی ڈالی ہاتھوں میں پکڑے ہوئے سیاہ رنگ دراز قد ترش رو۔ بد زبان۔ کوتاہ پشت ناخن بڑے سر پر گوشت خود پسند۔ چغلخور۔ جاہل۔ عامل فلک ہفتم اقلیم۔ اول روز شنبہ (ہفتہ) موکل از قائیل اور منسوبات اس کے یہ ہیں۔ کعب قدم دم۔ صحرا نشین۔ غلام کنیزہ بوڑھے بڈھے کوہستان۔ پتھروں کی جگہ۔ خشک مقامات۔ خراب وگندہ جگہیں ویرانہ باورچی خانہ۔ مقام بد بو دار بت جانہ۔ منحوس جگہ تاجری بندہ پروری زبان درازی بُردباری متحمل مزاجی۔ کاہلی بے مروتی۔ جھوٹ بولنا۔ جادو گری۔ شادی میں دیگری۔ سیاہ لباس جوتا سینا۔ موزہ بنانا۔ کوتوال موٹا اور سیاہ کپڑا قلعی سکہ گندھک پرانی چیزیں۔ پیاز۔ طعام درخت سماق خشخاش وہر پڑ ساز چغانہ لانوس سنگ بے قیمت تھرول کے پتھر۔ پرانی عمارتیں زمین کے کیڑے جانور۔ چمگادڑ الو زمانہ آئندہ طرف جنوب وقت قضا بندگی آدھی رات امراض جذام ورم پاشنہ ادویات کڑوے درختوں کی جڑیں ملک حبش اور درمیان نمناک کے رہنے والے لوگ وغیرہ ۝

# تسخیر زحل

جو شخص سیارہ زحل کو بس میں لانے یا فرمانبردار بنانے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیئے کہ نہا دھو کر لباس پاکیزہ اور صاف ستھرا پہنے اور ایک مربع کھینچے اور اس دائرہ کے اندر

دو زانو ہو کر منہ شمال کی طرف اور پیٹھ جنوب کی طرف کر کے بیٹھے اور بیس ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھے۔ فلاشنا این الا دہام کل شنا نشہ و مجدۂ اسی طرح باقاعدہ پچیس روز بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ جب اخیر کا دن ہو گا۔ تو زحل خود بخود ایک ہیبت ناک ڈراؤنی صورت بن کر سامنے آئے گا۔ اور اس کے چھ ہاتھ ہونگے۔ اور ہر ایک ہاتھ میں کوئی نہ کوئی چیز پکڑی ہوئی ہو گی۔ اور وہ عامل کی طرف اس طرح دیکھے گا۔ جیسے کوئی جانی دشمن ہوتا ہے۔ عامل کے نزدیک بیٹھ کر ایسی واہیات اور بیہودہ خوفناک باتیں کرے گا۔ کہ خواہ مخواہ عامل کی جان خطرے میں پڑ جائے گی۔ لیکن عامل کو نہایت ہوشیاری اور لاپرواہی سے کام لینا چاہیئے۔ خواہ مخواہ وہ کچھ کہے۔ اس کی پرواہ نہ کرے اور اپنا کام برابر کرتا رہے۔ جب عمل ختم ہو گا۔ تو وہ خود بخود مہربان ہو کر بولے گا اور کہے گا۔ اے مردِ خدا تو یہ عمل کس نسبت کے لئے پڑھتا ہے۔ اس وقت نہایت ادب کے ساتھ عامل کہے کہ میں تیری حضوری چاہتا ہوں۔ تاکہ تو میرا مددگار بن جائے۔


عامل کی ان تمام باتوں کو وہ شخص بسر و چشم ہر ایک کام مان کر ایک نرگس کا پھول نہایت عمدہ عامل کو دے گا۔ جو فوراً اس کو سونگھے۔ اور آنکھوں پر لگائے۔ اور اپنے آپ کو کامیاب سمجھے اور جان لے۔ کہ تمام مخفی بھیدوں کی چابی ہاتھ لگی ہے۔ مگر پھول دینے ہی وہ شخص گم ہو جائے گا۔

بعد ازاں عامل اس راز کو پوشیدہ رکھے۔ اور کسی پر ظاہر نہ کرے۔ جب کسی مشکل کام میں امداد کی ضرورت ہو تو وہی گل نرگس

سامنے رکھ کر مذکورہ بالا عمل پڑھے تو وہی شخص حاضر ہو کر سب کام بخوبی سرانجام کرے گا۔ اور اس عمل کو سب عامل سرنگھے۔ تو تمام اسرار مخفی اس پر ظاہر ہو جائیں گے۔ اور پرانے بادشاہوں کے دبے ہوئے خزانے دکھائی دیں گے۔ بلکہ اسرار قدرت و عالم زندگی سے واقف ہو جاتا ہے۔ عامل کو چاہیئے کہ وہ اس عمل کو جان سے عزیز سمجھ کر ہر ایک بشر سے پوشیدہ رکھے۔ اور ہمیشہ پاک بدن اور صاف لباس رہے۔ اور خوشبو وغیرہ کا استعمال کرے ؛

## طلسم زحل

جو شخص شرف زحل میں سیاہی اور فنفوری مشک ملا کر یہ طلسم لکھ کر اپنے پاس رکھے یا اپنے بازو پر باندھ کر رکھے گا۔ تو اس کے سب کام آسان ہونگے اگر کیتنی بوے۔ تو پیداوار بکثرت ہو اور عمارت بنائے۔ تو مبارک اور پائدار ہو۔ جو گرنے اور تمام خرابیوں سے محفوظ رہے۔ اگر مذکورہ بالا وقت میسر نہ ہو تو بروز شنبہ یعنی ہفتہ سات




اول میں بکری کو ذبح کر کے اس کی کھال پر لکھے۔ مگر زحل اس وقت خوشحالی میں ہو۔ ہبوط و وبال اور خانہ دشمنی میں نہ ہو اور سیاہ چیزوں کا صدقہ ضرور دیں ؛

## شمس

نام شمس خورشید یا آفتاب ہندی سورج روز یکشنبہ

یعنے ذاتی اطوار بصورت مرد میانہ قد گندم چہرہ ہالہ دائیں بائیں شمشیر کی صورت دونوں ہاتھ اوپر رکھے ہوئے بیدار مغز خوش وضع چست وچالاک بہادر صاحب زور عاقل زرد وسرخ چشم مزاج صفراوی کف پا خالی سنہری رنگ عامل فلک چہارم روز یک شنبہ اقلیم چہارم مؤکل کلائیل اور منسوبات اس کے یہ ہیں۔

امیر۔ سردار قوم آسودہ حال لوگ پاکیزہ تن غذا چاول زرد میوہ میٹھائی۔ خوشبو۔ عطر۔ صندل وسرخ وسفید عنبر۔ اگر تگر۔ لوبان عود۔ امراض تپ صفراوی۔ دردسر۔ نزلہ۔ گرم کھانسی۔ حیوانات بیل وغیرہ۔ جانور۔ مور۔ چکور۔ مرغ۔ ہما۔ جواہرات یاقوت۔ زرد املاک ولت صحیح عبادت عمارت۔ مدارس۔ مساجد۔ خانقاہ۔ انسانی طبقات سے انبیاء صلحاء صاحب الہام نیک بخت وغیرہ ::

## تسخیر شمس


جو شخص آفتاب یعنی شمس کو اپنا مطیع اور حاکم بردار بنانا چاہیے تو سب سے پہلے تمام کار وبار۔ تفکرات اور اخراجات ولوازمات دنیاوی کو پورا کرے۔ تاکہ دوران عمل میں کسی قسم کا فکر واندیشہ نہ رہے۔ ورنہ عمل ٹھیک نہیں ہوتا۔ جب شروع کرنا ہو۔ تو پہلے نہا دھو کر پاک وصاف ہووے۔ پھر ایک الگ مکان میں اپنے گرد ایک لکیر بطور قلعہ کھینچے۔ اور اس کے اندر بیٹھ کر ہر روز بلا ناغہ جتنا زیادہ پڑھ سکے۔ ایک سو پچاس روز تک یہ اسم پڑھے یا ذاکی الطاهر من کل آفة بعد سبعہ ذاکی ہر اس کے اول اکرا الحرمہ

فقرہ بلند آواز سے پڑھے۔ ز یاس یا شمس داعی اللہ) یہ عمل پڑھنے
کے دنوں میں جو راز ظاہر ہو۔ اُن کو ہر ایک سے پوشیدہ رکھے
جب دو طلبینہ کے ختم ہونے کا آخری دن آئے گا۔ تو ایک نوجوان خوبصورت
مرد بن کر ستیارہ آفتاب عامل کے سامنے حاضر ہوگا۔ جس کے دیکھنے
سے عامل کے دل میں نہایت خوشی ہوگی۔ پھر وہ شخص نرم آواز اور
سلوک محبت کے ساتھ پوچھے گا۔ کہ اس عمل کے پڑھنے سے تیرا کیا
مطلب ہے۔ عامل اُس کو جواب دیوے۔ کہ میری خواہش یہ ہے
کہ تو میرا مددگار بن جائے۔ اور وقت حاجت کام آیا کرے
یہ سب باتیں اس کر وہ شخص منظور کر کے غور سے غائب ہو جائیگا یا ہوگا
اور چاروں طرف سے بلند آواز سے سنائی دے گی کہ اے عامل تجھے
دنیا کی بادشاہی مبارک ہو۔ بعد ازاں جو چیز وہ شخص عامل کو عطا کرے
اور عامل قبول کر کے اپنے پاس باحفاظت رکھے۔ تب وہ ستیارہ
اجازت دے کر چلا جائے گا۔ جو عامل تسخیر آفتاب میں کامیاب
ہوگا وہ نہایت ذی بخت اور خوش نصیب ہونے کے
علاوہ دنیا میں اس کی اس قدر عزت ہوتی ہے کہ تمام دنیا کے
لوگ اُس کو بادشاہ بنانا چاہتے ہیں۔ جب بہت مجبور کریں
تو عامل کسی دوسرے کو اپنے ہاتھوں سے بادشاہ مقرر کر کے
تخت پر بٹھائے۔ اگر پھر بھی خلقت تنگ کرے تو بادشاہی
قبول کرے۔ انشاء اللہ کوئی بادشاہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گا
اور تمام ملک امن و امان میں رہے گا۔ جو اس کا دشمن ہوگا۔ وہ
تو دو جلد تباہ و برباد ہوگا۔ عامل کو دن رات میں سورج

روشن نظر آتا ہے۔ جس طرف کو جائے۔ بڑے بڑے عظیم الشان بادشاہ بھی تعظیم کرتے اور آداب بجا لاتے ہیں۔ الغرض اس کی صفت بیرون از بیان ہے۔

# طلسم شمس

جو شخص اس طلسم کو اس وقت میں شنگرف ہڑتال اور زعفران حل کر کے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ رکھے جب کہ آفتاب شرف میں یا اپنے ہی خانہ برج اسد میں ہو۔ بروز اتوار اول ساعت آفتاب میں۔ مگر جب تک طلسم تیار نہ ہو۔ تو اتنی دیر خوشبو سلگائے رکھنی چاہیے۔ اگر یہی طلسم مذکورہ وقت میں سونے کے پترہ پر کھدوا کر گلے میں باندھی جائے۔ اور وہ شخص کسی امیر یا بادشاہ کے روبرو جائے۔ تو بہت عزت پائے۔ اگر قیدی کے گلے میں باندھی تو اس کی جلد رہائی ہو جائے۔ اگر دھو کر پلا دیں۔ تو پرانا سانپ دور ہو جاتا ہے۔ الغرض یہ طلسم نہایت مفید چیز ہے اس کے پاس رکھنے سے بڑے بڑے فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ جو عامل خود بخود معلوم کر لیتا ہے۔



ہندوستان



تمت

فارسی قمر ہندی چندرمان اپانام سعد اصغر العبورت مرد دراز

قدر دانوں ہاتھ کاندھوں پر دھرے ہوئے۔ چہرہ کے گرد ایک ہار
مزاج سرد بلغمی شیریں زبان نیک رو پاکیزہ تن تنگ دہن سیاہ
چشم۔ فراخ سینہ کشادہ دانت اور باریک بامروت عامل ملک اوّل
اقلیم ہفت روز دوشنبہ مؤکل مہوائیل اور منسوبات اس کے یہ ہیں
ولیعہد بادشاہ اطفال شیر خوار نوجوان لڑکیاں۔ دہقان غواص باغبان
ملاح۔ مسافر فروش کاغذ بنانے والے حوض مکانات جو کنارہ دریا
پر ہوں سفید عمارتیں مجلس دانا اخبار کتابت کرنے والے۔ پانی میٹھا
دودھ۔ عطر گلاب خوشبودار بوٹیاں سفید چیزیں۔ کافور زرد آلو انگور۔
امراض۔ استسقاء سوالقینہ لباس نرم اور نازک بلور چاندی کاغذ سفید
صدف چینی کے برتن برف مچھلیاں و دیگر آبی جانور بکری وغیرہ۔

اس سیارہ کو نیز امشتر یعنی شمس جو نیر اعظم ہے۔ اس کا وزیر کہتے
ہیں۔ اس کی حکومت پہلے آسمان پر ہوتی ہے۔ انسان کے تمام
کام نیک و بد اسی کی تاثیر پر مبنی ہوتے ہیں۔ اور اس کو کوئی عامل
یکایک مسخر نہیں کر سکتا۔ بڑے بڑے علماء دین اور مشائخین فرماتے
ہیں۔ کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تابع میں ہی ستارہ قمر
تھا۔ اب کوئی بشر دنیا میں اس کو فرمانبردار نہیں کر سکتا۔

## تسخیر قمر

جس شخص کا ارادہ ہو کہ سیارہ قمر میری تسخیر میں آجائے۔ تو وہ
ایک مکان ایسا تجویز کرے جو کنارہ دریا پر یا کسی سبز کھیتی میں

صرف جس کا ایک دروازہ ہو۔ اُس کے اندر مربعہ صورت لکیر کھینچے۔ اور اُس کے چاروں کونوں پر چار کیل چاندی کے گاڑے اور چار چھریاں فولاد کی چاروں طرف اس لکیر کے کھینچے۔ اور درخت انار کی لکڑی لے کر اس پر یہ عمل ابریشم سفید سے لکھ کر باندھے۔ اور مربعہ پردہ بھی گاڑ دے۔ اور پہلے قند سفید پوست خشخاش سمندر جھاگ لوبان زعفران ان سب کو باریک پیس کر دودھ میں گولیاں بنائے۔ اور چاندی کی انگیٹھی میں رکھ کر سلگائے۔ اور صبح کے وقت پاک صاف ہو کر اس مربعہ لکیر کے اندر بیٹھ کر دس ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھے۔ یا عزیز المنیع والغالب دھلی امرالہ فلاشی نعادلہ جب رات ہو۔ تو باہر آجاوئے۔ اور چاند کی طرف دیکھ کر یا قمراہ آجت داعی اللہ سو بار کہتا رہے۔ اور دل میں تصور باندھ رکھے۔ اسی طرح چودہ روز بلاناغہ صبح سے شام تک کرے جب اخیر کا دن ہوگا۔ تو عامل کو ہر جگہ میں نور ہی نور نظر آئے گا۔ اور ہر چیز میں چاند ہی دکھائی دے گا۔ اور چاند خود بخود آکر عامل کو گلے لگائے گا۔ اور بڑی میٹھی میٹھی باتیں کرے گا۔ اور کہے گا۔ کہ اے میرے مہربان عزیز دوست کس مقصد کے واسطے تو یہ عمل پڑھتا ہے۔ تو عامل جواب دیوے۔ کہ میں میری خواہش ہے۔ کہ تو ہمیشہ اس خاکسار کی تابع مرضی رہے اور ضرورت کے وقت کام میں مدد دیا کرے۔ تب یہ سب باتیں منظور کر کے عامل کو بڑی محبت اور پیار سے جواب دے گا۔ کہ میرے اور آپ کے درمیان


ایک گہری دوستی ہو چکی۔ یہاں تک کہ آپ جس وقت مجھے یاد کریں گے۔ میں ضرور حاضر ہو کر امر بجا لاؤں گا اگر سیر کرنے کا ارادہ ہو۔ تو تمام عالم کے عجائبات دکھلاؤں گا۔ اتنی گفتگو کے بعد ایک چاندی کی بنی ہوئی انگوٹھی عامل کو بطور یادگار دے کر رخصت ہو جاتا ہے۔ اس انگوٹھی کی برکت و حرمت سے تمام خلقت اس عامل کی فرمانبردار ہو جائے گی اور جو بات کرے گا۔ نہایت معتبر اور نتیجہ خیز ہو گی۔ اور نیک و بد حالات سے پہلے ہی آگاہ ہو جایا کرے گا۔ دل میں ہر وقت سرور اور آنکھوں میں نور رہے گا۔ ایسے عامل کو اندھیری رات میں روشنی کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کیونکہ ہر وقت اس کو چاند سامنے دکھائی دیتا ہے۔ خواہ دن ہو یا رات۔ الغرض قمر کے مسخر کرنے والا نہایت خوش نصیب اور ذی بخت انسان ہوتا ہے:

## طلسم قمر

جو شخص ہڑتال شنگرف اور کافور ان تینوں کو حل کر کے بروز پیر اوّل ساعت قمر میں یہ طلسم لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ یا جس وقت قمر شرف میں ہو۔ چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے اور صدقات قمر ادا کرے۔ تو نحوست قمر اس کے سر سے دور ہو جائے [illegible] وغیرہ امراض سے شفا پائے۔ اور اس طلسم کے پاس [illegible] والا کتنا ہی سفر کرے۔ اس کو تھکان

معلوم نہیں ہوتی۔ اور بہت جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے عجائبات بھی دیکھنے میں آتے ہیں






# مریخ

فارسی بہرام ہندی منگل نحس، وسط خوبصورت مرد۔ پاہی ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے میں جیبِ کشادہ۔ جلاد ننگ یا گو نوال ... فلک سرخ رنگ سیاہی مائل ہیرا اعظم صاحب زور بے ترس قصاب جراح آواز خوفناک کبوتر چشم باریک لب ٹیڑھی کمر لمبی گردن بے رحم ماہر فن سپاہ گری عامل فلک پنجم روز سہ شنبہ دمنگل) اقلیم سوم مؤکل بجرائیل اور منسوبات اس کے یہ ہیں
سامان عشرت مقامات بلند اوزار خانہ گردی اشیاء گوشت کچا خون شراب کباب درخت لالہ عناب کا گنج۔ سرخ چیز۔ لباس نرم نقارہ عقیق شنگرف سنکھیا۔ سرخ آلو بخارا بلغم ... مرغ۔ سانپ امراض خناق)۔ خون - آنا۔ ... عقیقہ سرخ ہاتھ پاؤں میں گرد لیں پڑنا۔ ادویہ مشمولہ ... اسباب وغیرہ

# تسخیر مریخ

جو عامل سیارہ مریخ کو مسخر کرنا یا اپنے قابو میں لانا چاہیے تو پہلے ایک مہینہ متواتر روزہ رکھے۔ پھر ایک ایسا مکان تجویز کرے جو ہر قسم کے لگ لگاؤ اور شور وغل اور ایسے ویسے آدمی کی آمد ورفت سے بالکل پاک اور الگ ہو۔ اُس میں مربعہ شکل لکیر کھینچ کر چار کیل لوہے کے چاروں کونوں پر گاڑے۔ پھر نہا دھو کر لباس صاف ستھرا پہنے۔ اور اُس لکیر کے اندر بیٹھ کر چار ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھے: یا اعظم و لقنتآء الفاخرو القہر والکبریآ فسلا یذل عزہ۔ اسی طرح بلاناغہ چالیس روز تک متواتر پڑھتا رہے۔ اگر دوران عمل میں کسی قسم کی خطرناک صورتیں آ کر دکھائی دیں۔ تو ہرگز اُن کی پرواہ نہ کرے۔ اور ذرا بھر خوف نہ کھائے۔ چاہے کچھ ہو۔ اپنا کام کرتا رہے مگر ان سب امور کو اپنے دل میں پوشیدہ رکھے۔ مریخ کا مسخر کرنا از حد خوفناک اور زبردست ہوتا ہے۔ اس لیے عامل کو چست وچالاک اور مستقل مزاج رہنا چاہیے کیونکہ بعض اوقات مریخ ایسی ایسی ہیبتناک بد شکلیں دکھاتا اور ڈراتا دھمکاتا ہے۔ کہ خواہ مخواہ عامل بیچارے کے ہوش اُڑ جاتے ہیں۔ ایسے وقت میں اگر عامل عمل پڑھنے سے مارے خوف کے غافل ہو جائے۔ تو عمل منقلب ہو جانے بلکہ جان جانے کا اندیشہ ہے۔ تمام منزل طے ہو کر جب چالیسواں دن آتا ہے تو بڑی ہولناک ڈراؤنی صورت

مثل دیو ہیبت ناک لمبی ڈاڑھی دونوں ہاتھوں میں تلواریں پکڑے ہوئے اُس ہیکل کے نزدیک عامل کے سامنے ایک شخص آکر شور و غل مچانے کے بعد تلواریں دونوں زانوؤں کے نیچے دبا کر بیٹھ جائیگا اور اپنے مُنہ میں کچھ باتیں آہستہ آہستہ کریگا۔ جس کو عامل نہیں سمجھ سکے گا۔ جب عامل اپنے عمل میں پورا اُترے گا۔ تو مریخ کہے گا کہ اے انسان تیرا کیا مقصد اور کس مدعا کیلئے یہ عمل پڑھتا ہے۔ تب عامل ہوشیار ہوکر بولے کہ میں تجھ کو مسخر کرنا اور دوست مددگار بنانا چاہتا ہوں تاکہ میرے ہر ایک کام میں تو امداد کرے اور ہر حال میں میرا شامل حال رہے۔ اور جو تیرے موکل ہیں اُن پر مجھے اختیار دے۔

اتنی بات سنتے ہی تیرہ دن پر تاج مرصع اور ہاتھوں میں جواہرات کی تھالیاں لے کر سامنے آبیٹھیں گے۔ اور عامل پر نثار کر دیں گے تب مریخ عرض کرے گا کہ تو صاحب میں تمہارا دوست حقیقی بن چکا اور آج سے میں تیری تابعداری میں رہونگا۔ اور جو کچھ تو کہے گا بسر و چشم بجا لاونگا۔ اور صرف میں تیری خواہش پوری کرنے کیلئے آسمان سے اُتر کر زمین پر آیا ہوں۔ اب تو کسی قسم کا فکر و اندیشہ دل میں نہ رکھ۔ میں تیرے دشمنوں کو برباد اور شاد کرونگا اور میں رخصت ہوکر جاتا ہوں۔ اور یہ میری طرف سے انگوٹھی بطور یادگار اپنے پاس رکھیں جس پر کچھ حروف لکھے ہوں گے۔ تب عامل پوچھے ان حرفوں کی کیا خاصیت ہے۔ تو مریخ تمھینا اشیاء [illegible] زبان میں بتا کر چلا جائے گا اس کے بعد یہ حروف


جو تو وہ انگوٹھی سامنے رکھ کر عامل سابقہ عمل اس پر پڑھے ۔ تو مریخ اُسی وقت حاضر ہو جایا کرے گا ۔ جو کام ہو ۔ فوراً کر دے گا اور اس انگوٹھی کے خواص بے شمار ہیں ۔ جو پروردگار ہی جانتا ہے ۔ اگر خشک درخت کو لگا دی جائے ۔ تو وہ فوراً سبز ہو جاتا ہے ۔ اگر پتھر پر رکھیں ۔ تو سب سونا بن جائے ۔ ہاتھ میں پہننے سے تمام چھپی ہوئی چیزیں نظر آ جاتی ہیں ۔ اور دنیا تابعدار ہو جاتی ہے کوئی شخص اس کے سامنے نہیں ہو سکے گا ۔ اگر اُس وقت عامل بادشاہ ہونا چاہے ۔ تو کچھ مشکل نہیں ۔ مگر وہ اسے اچھا نہیں جانتا ۔

جو عامل مریخ کو مسخر کرنا چاہے ۔ اُس کو لازم ہے ۔ کہ پہلے آفتاب کو قابو میں لاوے ۔ اور جب تسخیر مریخ کے دوران میں خطرناک حالت پیش آئے ۔ تو اپنی نگہبانی کے لئے آفتاب کو بلا کر پاس بٹھلائے ۔ کیونکہ مریخ آفتاب سے خوف کھاتا ہے ۔ اور پھر عامل کو تنگ نہیں کرتا ۔

## طلسمِ مریخ

جو شخص ہفتہ کے دن مریخ کی ساعت میں سیاہی شنگرف اور جانوروں کا خون ان تینوں کو ملا کر یہ طلسم لکھے ۔ اور بازو پر باندھ رکھے ۔ یا شرف مریخ میں تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے ۔ تو نحوست مریخ اس سے دور ہو جائے گی اور مصیبتیں ٹل جائیں گی ۔ مقصود بہت جلد حاصل ہوگا ۔ اگر میدان

جنگ میں جائے۔ تو نیزہ تیر اور تلوار وغیرہ کوئی ہتھیار اُس کے بدن پر کارگر نہ ہوگا۔ اگر چار روز متواتر ساعت مریخ میں اس طلسم کو لکھ کر پرانے امراض والے مریض کو پلائی جائے۔ تو سب بیماریاں دور ہو جائیں۔ مریخ جب برج حمل میں ہو۔ تو اُس وقت یہ طلسم تلوار کے قبضہ پر کندہ کرائے جو شخص وہ تلوار اپنے پاس رکھے۔ اور جنگ میں جائے۔ تو اُس کو ضرور فتح حاصل ہو اور آپ ہر ایک ہتھیار کے زخم سے محفوظ رہے۔ مگر منگل کے دن صدقات مریخ ضرور ادا کرے۔ یہ طلسم نہایت مفید ہے۔ جو شخص جنگ و لڑائی میں رہتا ہو۔ یہ طلسم اُس کو ضرور پاس رکھنا چاہیئے۔





# عطارد

فارسی دبیر تازی کاتب ہندی بدھ نہ سعد نہ نحس عامل فلک دوم اقلیم ششم روز چہار شنبہ (بدھ) بصورت پیر مرد دانشمند۔ ہاتھ میں قلم۔ زانو پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کچھ لکھ رہا ہے۔ رنگ فیروزی۔ عامل نیز فہم صاحب زور مزاج صفراوی

بلغمی استخوان قوی حاضر جواب۔ خوش طبع۔ ساعر۔ عامل منجم ہندسہ جناز رمال مؤکل اس کا اسمٰعیل اور منسوبات اس سیارہ کے یہ ہیں حرص ہل و دولت کم۔ مشورتی بے تکلیف حکمت روشنی طریقہ علم تربیت بنانا و درست کرانا۔ دعا طلسمات کا لکھنا تقسیم کرنا۔ دراثت کا تسخیر کواکب عملیات روحانی صحبت صاحبان کمال و حکما۔ کاتب دیوان تدبیر عجائبات کمال گری کاغذ لکھنا رنگ روغن قیمتی اشیاء بنانا۔ ہنرمندوں کی جگہ عطریات عنبر کستوری غذا افشور با وغیرہ اور یہ ثمر بیجین ثمر شفتالو زرد آلو بیدمشک ندی درخت بھارا وزن لباس نرم ساز دہل شیشہ مہرہ کپڑا سیاہ جانور بد ہد چڑیا خانگی مرغ سکھلایا ہوا۔ امراض معدہ ہیضہ قولنج و تنت درد دراز کشائی۔ ممالک شہر ہندز مین کشمیر اور شہر طرف شمال مغرب کا گوشہ وغیرہ اوصاف و منسوبات اس کے بعد میں رگر مختصر کر کے لکھے گئے ہیں:

## تسخیر عطارد

جس کو سیارہ عطارد اپنے قابو میں لانا منظور ہو۔ تو اس کے واسطے ضروری ہے۔ کہ پہلے ایک مہینہ متواتر روزے رکھے۔ تاکہ قلب صاف ہو کر لطافت حاصل کرے۔ بعد میں ایک مکان بنائے۔ جو بالکل الگ اور محفوظ اور خوب عمدہ صاف اور اندر سے سفید۔ ہو اور ایک تر پائی انار یا انجیر خواہ بیر کے درخت کی لکڑی سے بنوا کر اس مکان کے درمیان میں رکھے۔ اور چار چھریاں لوہے کی اس تپائی کے چاروں طرف کونوں پر گاڑے۔ اور دوا اس کے بکیر۔ گھنیچ اور

کو مربعہ بنائے۔ اور یہ اسم لکھ کر چاروں پایوں پر لٹکا دے دیا
مُذِلُّ کُلِّ جَبّارٍ عَنِیدٍ بِقَھرِ عَزِیزٍ سُلطَانِہٖ یَا مُذِلُّ) اور یہی اسم چونسٹھ روز
تک چھ لاکھ مرتبہ ہر روز بلا ناغہ اُس مکان میں مربعہ لکھ کر کے اندر زیر پائی
مذکور پر بیٹھ کر پڑھے۔ اور دل میں تسخیر عطارد کا تصور باندھ کر رکھے اور
ہر روز پاک و صاف رہے۔ اور روزہ رکھے۔ بغیر ضرورت نہ بولے اور اندر
کے باہر نہ نکلے۔ کوئی غیر شخص بھی اُس مکان کے اندر نہ آئے۔ جب
ساٹھ روزے پورے ہو جائیں گے۔ تو اُس محفوظ مکان میں ایک پیر مرد
نہایت خوبصورت خوش وضع جس کے ہاتھ میں کتاب ہوگی وہ دائرہ کے
پاس آکر کتاب پڑھنی شروع کردیگا۔ مگر عامل اس کی ہرگز پرواہ نہ کرے
اور نہ اُس کی طرف دیکھے۔ وظیفہ عمل پڑھتا رہے۔ جب عامل وظیفہ
پورا کرے گا۔ تو وہ پیر مرد پوچھے گا۔ کہ اے میرے عزیز
دوست یہ عمل تو کس نیت کے واسطے کرتا ہے۔ اُس وقت عامل
اس کے جواب میں کہے۔ کہ میرا مقصد آپ کو مسخر کرنے کا ہے تاکہ
میرے ہر کام میں آپ شریک ہو کر امداد فرمائیں۔ اور آپ کی بدولت
تمام دنیا کے امراء اور بادشاہ میرے فرمانبردار ہو جائیں۔ اور
کیفیت عالم سے آگاہی حاصل کروں۔ پھر عطارد جواب دے گا
کہ میں آج سے تیرے بس میں آچکا۔ اور جو کچھ تو کہے گا۔ فوراً بجا لاؤنگا
اور جب میرے بلانے کی ضرورت ہو۔ تو آپ کے یاد فرمانے پر میں
حاضر ہو جایا کرونگا۔ اور میرے تمام فرمانبردار آپ کے غلام ہو
جائیں گے۔ اور آپ ہمیشہ جملہ تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔ آپ
میں جاتا ہوں۔ اور یہ میری یادگار باحفاظت اپنے پاس رکھیے

ف عطارد بیضوی شکل کا ایک خوبصورت مہرہ جس پر چند سبز لکیریں ہونگی۔ عامل کو دے کر غائب ہو جائے گا۔ جب وہ مہرہ عامل کو مل جائے۔ تو اس کو نہایت احتیاط اور ہر ایک بشر سے محفوظ رکھے۔ کسی پر ظاہر نہ کرے۔ ورنہ مہرہ گم ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس مہرہ کی برکت و عظمت سے عامل اگر ہزار کوس بھی سفر طے کر جائے۔ تو بالکل نقصان معلوم نہ ہوگی۔ اگر چاہے تو عالم بالا کی سیر کر سکتا ہے۔ تمام بادشاہ اور زمانہ کے لوگ اس کا کہنا بسر و چشم مانتے ہیں۔ ذرا عذر نہیں کرتے۔ جس شخص کے سامنے جائے۔ وہ فوراً تابعدار اور غلام ہو جاتا ہے۔ الغرض عطارد کا عامل جو ہو۔ اس کے آگے لوہا کو سونا بنانا یا اپنے ہوئے خزانے دیکھنا کوئی بڑی بات نہیں۔ مگر وہ دنیا کی مال و دولت سے بالکل مستغنی ہو جاتا ہے۔ اور ان باتوں کی پرواہ نہیں کرتا اس کی زبان میں اکسیر کی تاثیر ہوتی ہے ::

## طلسم عطارد

سیاہی میں تھوڑے مشک ملا کر عطارد کی ساعت میں بدھ کے روز یہ طلسم لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ یا بازو پر باندھے۔ تو اس سے عطارد کی نحوست دور ہو جاتی ہے۔ اگر یہی طلسم شرف عطارد میں لکھ کر بازو پر باندھی جائے۔ تو وہ شخص علم حکمت و حساب اور شاعری میں لاثانی ہو جاتا ہے۔ طلسم پڑھنے اور کام سیکھنے میں بہت جلد کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔ اگر یہی طلسم تین روز بلاناغہ لکھ کر

کسی شخص کو پلائی جائے۔ تو اس کی قوت حافظہ اس قدر بڑھ جاتی ہے
کہ گذری ہوئی باتیں بھی اس کو یاد آجاتی ہیں۔ اور کسی بات کو بھولتا
نہیں۔ طلسم لکھنے والے کو لازم ہے۔ کہ وہ تصدقات عطارد ضرور
ادا کرے ؎

| عس لہ لا ع س |
|---|
| مس سکہ |

# مشتری





فارسی برجیس ہندی برہسپت (دیو) فلک ششم عامل روز
پنج شنبہ سعد اکبر اقلیم دوم موکل میکائیل بصورت پیر مرد سن رسیدہ زرد
رنگ فربہ جسم بلغمی مزاج۔ ذی عقل۔ دانا شیریں۔ زبان سیاہ چشم
پیشانی خوشنما۔ کشادہ ابرو خوبصورت گانے اور بجانے کا
شوقین ہوتا ہے۔ اس کے ہاتھ میں سوائے ایک کتاب کے اور
کوئی چیز نہیں ہوتی۔ اور علم موسیقی میں ہر وقت مشغول رہتا ہے
دوسرے کاموں کی طرف اتنی رغبت نہیں رکھتا۔ اس کی پیشانی
پر زخم داغ یا کالا داغ اور گردن پر تل کا نشان ہوتا ہے۔ اور
مندرجہ ذیل اشیاء اس کی طرف منسوب ہوتی ہیں۔ مثلاً جواہرات
سفید زمرد صندل اور گھوڑا۔ جانوروں میں ہما چکور اور بیار لیل

امراض دماغی درد سر شقیقہ وغیرہ

# تسخیر مشتری


جس شخص کا ارادہ ہو۔ کہ مشتری کو اپنے قابو میں لا کر دلی مقصد
حاصل کروں۔ تو اس کے واسطے ضروری ہے۔ کہ پہلے روزہ رکھے
اور غسل کرے باوضو ہو کر اپنے چاروں طرف ایک لکیر کھینچے اور
اس کے اندر با آرام بیٹھے۔ اور یہ اسم چھ ہزار مرتبہ ہر روز بلاناغہ
پچیس روز تک پڑھے۔ اور ہر روز برابر روزہ رکھے (یا علی الم لمشتاق منیع
خوف کل شئی تلوار تفاعہ) اور پڑھتے وقت خون سیاہ شال چرائتہ
خشخاش سفید عنبر زعفران برابر وزن کوٹ کر گولیاں بنائیں۔ اور
دو اڑھائی ماشہ کے برابر جلایا کرے۔ اور غذا سوائے گوشت
ہکد یخنی کے نہ کھائے۔ دوران عمل میں اگر کسی قسم کا خطرہ معلوم
ہو۔ تو عامل کو نہایت ہوشیار اور مستقل مزاج رہنا چاہیے کیونکہ بہت
سی ڈراونی اور ہیبت صورتیں نظر آیا کرتی ہیں۔ تمام مرحلہ طے ہو
کر جب اخیر کا دن ہوگا۔ تو ایک پیر مرد نہایت خوش و منع
بزرگ خندہ رو سبز پوش بڑی خوشی کے ساتھ عامل کے پاس
آ کر آداب سے اسلام علیکم کر کے دائرہ کے نزدیک بیٹھے گا۔ اور
نرم آواز سے بولے گا۔ کہ اے ابن آدم تو کس لیئے۔ اور
کس مطلب کے واسطے یہ اسم پڑھتا ہے ظاہر کر تاکہ میں اس تیرے
مقصد کو پورا کروں۔ اور میں صرف تیری خاطر آسمان سے اس
ناہاں پر آیا ہوں ورنہ میرا کوئی کام نہ تھا۔ اس وقت

نہایت ادب کے ساتھ عامل جواب دیوے۔ کہ بندہ کو آپ کی تسخیر منظور ہے۔ اور ہر کام میں تمہاری امداد چاہتا ہوں تب مشتری جواب دے گا۔ کہ آج سے میرے اور آپ کے درمیان دوستی اور محبت قائم ہو چکی۔ اور میں ہمیشہ تمہاری فرمانبرداری میں رہوں گا۔ اور میرا یہ وعدہ ہو چکا۔ کہ جس وقت آپ مجھے یاد فرمائیں گے۔ تو میں اسی وقت بلا عذر حاضر خدمت ہو جایا کروں گا اور آپ کے واسطے لازم ہے۔ کہ ہر وقت باوضو نہا دھو کر پاک وصاف رہا کریں۔ اور کسی حالت میں نماز پنجگانہ اور تہجد سے غافل نہ رہیں۔ اور غذا کم کھائیں۔ تو انشاء اللہ جب میرے حاضر کرنے کی نیت باندھو گے۔ تو میں حاضر ہو کر فرمان کو بسر وچشم پورا کروں گا۔ آپ کوئی فکر و اندیشہ دل میں نہ لائیں۔ اتنی باتیں کرنے کے بعد مشتری غائب ہو جائے گا۔ اور عامل کی عزت روز بروز دنیا میں بڑھنے لگے گی ؛

## طلسم مشتری

جو شخص چاہے۔ کہ دنیا میں میری عزت بڑھ جائے اور تمام لوگ مجھے محبت کی نگاہ سے دیکھیں۔ تو زعفران اور شکر ملا کر جمعرات کے روز مشتری کی ساعت میں اس کے طلسم کو لکھ کر بازو پہ باندھے یا کھالیوے۔ تو بادشاہ۔ اور امیر لوگ اس کے ساتھ اندھا دھند پیار کریں۔ اور ہر ایک کی نگاہ میں بہت عزت و حرمت پائے اور مطابق حیثیت کے تصدقات مشتری ضرور ادا کرے۔ یہ

طلسم نہایت مفید ہے۔



# بخوراتِ سیارگان

یعنی وہ دوائیں جن کی بخور یا دھونی بنا کر عمل کرنے وقت ہر ایک ستیارہ کے لئے الگ الگ جلائی جاتی ہے۔ اور کسی قسم کا اندیشہ نہیں ہوتا۔

**زہرہ** - بخور زہرہ کے لئے عود، عنبر، مشک، کافور، حرمل وغیرہ مفید ہیں۔

**زحل** - ستارہ زحل کے واسطے عود، لوبان، رال وغیرہ

**مریخ** - لوبان -

**عطارد** - کافور، صندل سرخ، لونگ وغیرہ

**مشتری** - عود، مشک، صندل سرخ، کافور، اور شکر وغیرہ

بخورات بحکم ستارہ عاشق بحکم ستارہ معشوق کے ہے۔ اگر ستارہ دونوں کا ایک ہی ہو تو ایک ہی بخور جلا دے۔ اور بعض عدادت کے تعویذ لکھتے وقت رائی اور رال جلا دیں

فتیلہ جن اور بسوننہ کے وقت گوگل۔ ہینگ۔ سرسوں
مرچ سیاہ۔ وغیرہ جانی چاہیئے۔
شمس۔ عود۔ مشک۔ دار چینی
قمر۔ عود۔ کافور۔ اور شہد وغیرہ ؛

# تصدقات سیارگان

ہر ایک سیارہ کے وقت میں جب تعویذ یا طلسم لکھنا ہو
یا عمل کرنا ہو۔ مندرجہ ذیل تصدقات حسب حیثیت ضرور ادا کرلیا
کریں۔ مثلاً زہرہ کے لیئے ہلدی۔ سندھور۔ اور زحل کے لیئے تیل
ماش۔ سوا پاؤ جامہ سیاہ قدرے لوہا اور شمس کے لیئے کپڑا
چاول۔ روئی۔ تیل والی اور قمر کے لیئے ہلدی۔ سندھور۔ مرغ سفید
تل۔ چاندی اور مریخ کے لیئے کپڑا سرخ رنگ مسور سرخ چاول تل
اور عطارد کے لیئے روغنی روئی کپڑا چاندی مرغ سفید انڈا۔ مرغی گوشت
سوا پاؤ چاول اور مشتری کے لیئے مرغ سرخ نقد و کپڑا سرخ۔ اور
سیاہ کپڑا ہلدی قدرے چاندی گندم وغیرہ اور بادشاہ سے
غریب آدمی تک حیثیت یہ چیزیں دے کر صدقہ دیں۔ مثلاً
گندم۔ جو۔ چنا۔ چاول۔ تماکو۔ سونا۔ چاندی تانبہ۔ لوہا
پیتل۔ تل۔ اونٹ۔ گھوڑا۔ بکرا۔ کبوتر وغیرہ وغیرہ ؛

# جدول سعد و نحس اوقات سبعہ سیارہ

یہ جدول اوقات صرف دن کی لکھی گئی ہے

| نام سیارہ | عدد | سعد و نحس | نام دن | نام دن | پہلا پہر ساعت ۱ | پہلا پہر ساعت ۲ | پہلا پہر ساعت ۳ | دوسرا پہر ساعت ۴ | دوسرا پہر ساعت ۵ | دوسرا پہر ساعت ۶ | تیسرا پہر ساعت ۷ | تیسرا پہر ساعت ۸ | تیسرا پہر ساعت ۹ | چوتھا پہر ساعت ۱۰ | چوتھا پہر ساعت ۱۱ | چوتھا پہر ساعت ۱۲ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زحل | ۱ | نحس اکبر | ہفتہ | شنبہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ |
| شمس | ۲ | نہ سعد نہ نحس | اتوار | یکشنبہ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| قمر | ۳ | سعد اصغر | سوموار | دوشنبہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| مریخ | ۴ | نحس اوسط | منگل | سہ شنبہ | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
| عطارد | ۵ | نہ سعد نہ نحس | بدھ | چہار شنبہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |
| مشتری | ۶ | سعد اکبر | ویر | پنج شنبہ | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |
| زہرہ | ۷ | سعد اوسط | جمعہ | جمعہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |

# تشریح اوقات سیارگان

زہرہ - یہ سیارہ سعد اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں جو کام کیا جائے اس کا نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ الفت زبان بندی اور خواب بندی کے تعویذ اسی کی ساعت میں لکھے جاتے ہیں

زحل - یہ سیارہ نحس اکبر بڑا منحوس ہے۔ اس کے وقت میں کوئی کام ہرگز نہ کرنا چاہیئے۔ اگر کیا جائیگا۔ تو اس کا انجام خراب ہوتا ہے۔ کسی کو ہلاک کرنے یا دو آدمیوں کے درمیان دشمنی ڈالنے کے تعویذات اسی کی ساعت میں لکھتے ہیں۔

شمس - نہ سعد نہ نحس۔ اور بعض کے نزدیک سعد ہے اس کی ساعت میں جو کام کیا جائے۔ یا تعویذ محبت واخلاص اور شفاء امراض کے لئے لکھنے مناسب ہوتے ہیں۔

قمر - اس کو بھی سعد اصغر کہتے ہیں۔ اس کی ساعت میں جو کام کیا جائے۔ یا تعویذ محبت واخلاص اور شفاء امراض کے لئے لکھے جائیں۔ تو ان کا نتیجہ اچھا نکلتا ہے۔

مریخ - اہل علم اس سیارہ کو نحس اصغر لکھتے ہیں اور اس کی ساعت میں بلا کی دشمن کے واسطے تعویذ لکھنے سے اکثر نتیجہ حسب منشا برآمد ہوتا ہے۔

عطارد - یہ سیارہ عاملان نجوم کے نزدیک نہ سعد اور نہ نحس شمار کیا جاتا ہے اور اکثر عامل اس کی ساعت میں تعویذات محبت و خواب بندی زبان بندی اور تیغ بندی کے لکھتے ہیں۔

مشتری - عاملان نجوم و کاملان نجوم اس سیارہ کو سعد اکبر یعنی بڑا اچھا کہتے ہیں۔ اس کی ساعت میں جو کام کیا جائے اس کا نتیجہ نیک اور درست نکلتا ہے۔ اُلفت بڑھانے اور غائب کو حاضر کرنے اور بیماری سے نجات پانے کے واسطے اسی کی ساعت میں تعویذ لکھنے چاہئیں۔ تو از حد مفید ہوتے ہیں۔٭

# نقشہ دریافت ساعت سیارگان

ہر ایک تعویذ لکھنے یا عمل شروع کرنے کے واسطے الگ الگ سیاروں کی ساعتوں کا دریافت کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جب آفتاب نکلے تو ایک صاف و راست لکڑی جو بارہ انچ لمبی ہو ہموار زمین پر آفتاب کے سامنے کھڑی کرے پھر اس کے سایہ کو ناپ کر اس نقشہ میں دیکھے۔ اور ساعت معلوم کرے٭

| حصہ پہلی سورج نکلنے سے دوپہر تک | | | | حصہ دوم دوپہر سے سورج ڈوبنے تک | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہ | انچ | ۱ | ساعت | ۶ سایہ | انچ | ۷ | ساعت |
| ۲۰ | ۲ | ۲ | ״ | ۱۰ ״ | | ۸ | ״ |
| ۱۰ | ״ | ۳ | ״ | ۱۸ ״ | ״ | ۹ | ״ |
| ۲ | ״ | ۴ | ״ | ۲۰ ״ | ״ | ۱۰ | ״ |
| ۸ | | ۵ | ״ | ۳۶ ״ | ״ | ۱۱ | ״ |
| ۲ | ״ | ۶ | ״ | ۴ ״ | ״ | ۱۲ | ״ |

عاملان عملیات و کاملان تعویذات دن کو بارہ ساعتوں پر تقسیم کرتے ہیں۔ اور اسی طرح رات بھی بارہ ساعت کی ہوتی ہے۔ اور تمام ساعتوں کو اللہ جل شانہٗ نے الگ الگ تاثیریں نیک و بد عطا فرمائی ہیں۔ کیونکہ جب دوسرا سیارہ ایک کے بعد اپنی حکومت پر آتا ہے۔ تو اس وقت یا ساعت میں نئی تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ جس کا اثر اس کی تمام سلطنت پر یکساں ہونا چاہیے۔ اور مروجہ وقت کے لحاظ سے ایک ساعت برابر ایک گھنٹہ کے ہوتی ہے۔



حبیب رضا
03467582098

# مختصر جدول دوازدہ بروج

| برج | ہندی نام | خانہ | جہت | تاثیر | رنگ | وبال | شرف | ہبوط | مذکر و مؤنث | مؤکل | حروف | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل | بیساکھ یا بساکھ | مریخ | شرقی | آتشی | سرخ | زہرہ | آفتاب | زحل | مذکر منقلب | سرطائیل | ا ع ل | ۱ |
| ثور | جیٹھ یا جلیٹھ | زہرہ | جنوبی | خاکی | سفید | مریخ | قمر | × | مؤنث ثابت | حزرائیل | د ب | ۲ |
| جوزا | متھن ماہ ہاڑ | عطارد | غربی | بادی | زرد | مشتری | راس | ذنب | مذکر ذوجسدین | اسرافیل | ن ک ق | ۳ |
| سرطان | کرک ماہ ساون | قمر | شمالی | آبی | سفید | زحل | مشتری | مریخ | مؤنث منقلب | قیتائیل | ہ ح | ۴ |
| اسد | سنگھ ماہ بھادوں | شمس | شرقی | آتشی | سرخ | زحل | - | - | مذکر ثابت | حرکائیل | م ت | ۵ |
| سنبلہ | کنیا ماہ اسوج | عطارد | جنوبی | خاکی | سبز | مشتری | عطارد | زہرہ | مؤنث ذوجسدین | سماکائیل | ب ت | ۶ |
| میزان | تلا ماہ کاتک | زہرہ | غربی | بادی | سفید | مریخ | زحل | آفتاب | مذکر منقلب | ہمہ الحائیل | ر ت ط | ۷ |
| عقرب | برچھک ماہ مگھر | مریخ | شمالی | آبی | سرخ | زہرہ | • | قمر | مؤنث ثابت | دمدمائیل | ا ل ن ظ ش | ۸ |
| قوس | دھن ماہ پوہ | مشتری | شرقی | آتشی | زرد | عطارد | ذنب | راس | مذکر ذوجسدین | صلصائیل | ف | ۹ |
| جدی | مکر ماہ ماگھ | زحل | جنوبی | خاکی | سیاہ | قمر | مریخ | مشتری | مؤنث منقلب | سماکائیل | ح خ | ۱۰ |
| دلو | کنبھ ماہ پھاگن | زحل | غربی | بادی | زرد | آفتاب | - | • | مذکر ثابت | سخانوئیل | س ذ ش ع | ۱۱ |
| حوت | مین ماہ چیت | مشتری | شمالی | آبی | سرخ | عطارد | زہرہ | عطارد | مؤنث ذوجسدین | قمعائیل | د ج | ۱۲ |

# مختصر جدول سبعہ سیارہ

سہولت ناظرین کے لیے سات سیاروں کی مختصر فہرست جدول لکھی گئی ہے۔ تاکہ آسانی کے ساتھ ہر ایک سیارہ کے نام فارسی اور ہندی میں معلوم کرنے کے علاوہ ان کے موکل و فلک و اقلیم اور سعد و نحس اوقات بھی دریافت کر سکیں۔ اور ہر ایک وقت میں کام کرنا ہو۔ ان کا ضرور لحاظ رکھیں۔

| نام عربی | نام فارسی | نام ہندی | رنگ | فلک | نام دن فارسی | نام دن ہندی | موکل | اقلیم | سعد و نحس | صورت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زحل | کیوان | سنیچر | سیاہ | ہفتم | شنبہ | ہفتہ | اررقائیل | ۱ | نحس اکبر | مرد سیہ دراز قد |
| شمس | خورشید | روِت سورج | طلائی | چہارم | یکشنبہ | اتوار | کلائیل | ۴ | سعد نحس | مرد میانہ قد |
| قمر | ماہتاب | چندرماں | سبز | اوّل | دوشنبہ | سوموار | جبرائیل | ۷ | سعد اصغر | مرد دراز قد |
| مریخ | بہرام | منگل | سُرخ | پنجم | سہ شنبہ | منگل | سمسمائیل | ۳ | نحس اوسط | مرد لشکری |
| عطارد | تیر | بُدھ | فیروزی | دوم | چہارشنبہ | بُدھ | اسمعیل | ۶ | نحس سعد | پیر مرد [illegible] |
| مشتری | برجیس | برہسپت | زرد | ششم | پنجشنبہ | ویر | ہمائیل | ۲ | سعد اکبر | مرد پیر سن |
| زہرہ | ناہید | شکر | سفید | سوم | جمعہ | جمعہ | عنیائیل | ۵ | سعد اوسط | عورت |

# ماہیت اقالیم ہفت افلاک

جو شخص سبعہ سموات یعنے سات آسمانوں کی ہر ایک اقلیم الگ الگ حال دریافت کرنا چاہے۔ تو سب کے واسطے علیحدہ علیحدہ عمل یہاں پر لکھے جاتے ہیں۔:

# فلک اوّل

## اقلیم اوّل



جس عامل کو پہلے آسمان کی اقلیم اوّل کا حال دریافت کرنا منظور ہو۔ تو پہلے نہایت پاک وصاف اور باوضو ہو کر کسی محفوظ جگہ میں بیٹھے۔ اور جس قدر ہو سکے۔ بلا تعداد یہ اسم پڑھے اوصال فعل بصرۃ کلمیا رسمعون بجق سبحانک لاالٰہ الا اللہ تعالیٰ مفہوم سے دل پڑھنے سے عامل کے سامنے ایک بھاری لشکر نمودار ہو کر غائب ہو جایا کرے گا۔ جب چند روز گزر جائیں گے۔ تو ایک شخص نہایت خوش وضع پاکیزہ لباس چار غلاموں کے ہمراہ تخت زمرد پر بیٹھ کر عامل کے روبرو آوے گا۔ اور سلام علیکم کہے گا۔ تب عامل صرف سلام کا جواب دیوے اور کوئی بات چیت نہ کرے۔ اور اپنے وظیفہ سے اسم پڑھتا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ شخص کہے گا۔ کہ اے انسان جو اسم پڑھنے

سے تیرا کیا مقصد ہے۔ تب عامل اُس کو جواب دیوے کہ میں تیری اقلیم کے عجائبات دیکھنے اور حالات دریافت کرنے چاہتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ تو میرے اس مدعا کو پورا کرے گا۔ اس کے بعد وہ بزرگ عامل کو کہے گا۔ اور اپنے پاس زمردی تخت پر بٹھائے گا۔ اور اُس کو فلک اول میں لے جاکر پہلی اقلیم کی سیر کرائے گا۔ اور تمام ماہیت سے واقف کرے گا۔

## اقلیم دوم

فلک اول اقلیم دوسری کا حال معلوم کرنا ہو تو عامل کو چاہیئے کہ نہایت پاکیزہ اور صاف ہو کر ایک محفوظ مکان میں بیٹھے۔ اور یہ اسم لاتعداد پڑھا کرے "ینا نکر تہوان مرسی زندہ اوخ بحق یا الشر الا الہتہ"، جب کچھ روز پورے ہوں گے۔ تو ایک بزرگ معہ چار خادموں کے تخت پر بیٹھا ہوا بدستور سابق حاضر ہو کر عامل سے مطلب پوچھے گا۔ تب عامل تمام حالات دریافت کرنے کا سوال کرے۔ پھر وہ بزرگ عامل کا ہاتھ پکڑے گا۔ اور اپنے ساتھ بٹھلا کر اقلیم دوم کی سیر کرائیگا۔ اور تمام عجائبات الگ الگ دکھلائے گا۔

## اقلیم سوم

جب کوئی عامل پہلے آسمان کی تیسری اقلیم کا سیر کرنا چاہے تو حسن خیال وقت میں نہا دھو کر لاتعداد یہ اسم پڑھے: ساردت اخنشا قیہر بورق انوش بحق یا اللہ المحمود یہ بدستور سابق جب عامل کامیاب

ہوگا۔ تو چاروں خادموں سمیت ایک بزرگ تخت پہ بیٹھا ہوا عامل
کے گرد آکر اُس کو ہاتھ سے پکڑے گا۔ اور مطلب دریافت کرنے کے
بعد اپنے تخت پر بٹھا کر ہوا میں اُڑ جائیں گے اور تیسری اقلیم کی
جا کر تمام ماہیت عامل کو بتاؤنگا۔ اور ہر ایک کیفیت سے واقف کریگا

## اقلیم چہارم

جس عامل کی مرضی ہو۔ کہ میں فلک اوّل اقلیم چہارم کی سیر کروں
تو اس کو لازم ہے۔ کہ یہ اسم پڑھے۔ نواس قبضور گو کی خبر شوم بمق یا
رحمٰن کل شئی۔ دوران عمل میں بدستور ایک بزرگ ویسے طریقہ سے
عامل کو لے جا کر اپنی اقلیم کا سیر کرائے گا ::

## اقلیم پنجم



جس عامل کی خواہش ہو۔ کہ میں فلک اول اقلیم پنجم کا سیر کروں
اور اُس کے عجائبات دیکھوں۔ تو اُس کو لازم ہے۔ کہ پہلے نہا دھو کر
با وضو یہ اسم شمشیقاً شوم اینا ہو۔ ارسیال ہیناک یا حی لا تعداد
پڑھنا شروع کرے۔ جب اُس میں کامیاب ہو جائے گا۔ تو ایک
بزرگ چار خادموں سمیت حاضر ہو کر السلام علیکم کہنے کے بعد
عمل پڑھنے کا سبب پوچھے گا۔ تو اُسی وقت عامل اپنا مدعا بیان
کرے۔ اور پھر وہ بزرگ اس کا سوال قبول کر کے اپنے تخت پر بٹھائے
گا۔ اور نہایت شان و شوکت کے ساتھ اپنی اقلیم میں لے جا کر تمام
حالات اور عجائبات سے واقف کرے گا ::

# فلک دوم

## اقلیم اوّل

جو شخص فلک دوم۔ اقلیم اول کی ماہیت دریافت کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ تو پہلے پاک وصاف ہو کر ایک جگہ محفوظ میں بیٹھے۔ اور یہ اسم بے اندازہ پڑھنا شروع کرے۔ "انبقر ونواز عنا دیا کب ار ینال" خوف نہ کرے۔ پورے روز ہو جائیں گے۔ تو ایک دن بڑا بزرگ آدمی جس کے ہمراہ چار موکل ہوں گے۔ بڑے بڑے لمبے چوڑے سانپ پر چڑھا ہوا۔ حاضر ہو کر نہایت خطرناک باتوں سے ڈرائے گا۔ مگر عامل کو ہرگز خوف نہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ اپنا وظیفہ کرتا رہے جب وہ شخص عامل کو مستقل مزاج ثابت کرے گا۔ تو بہت آہستہ سے پوچھے گا۔ کہ اے میرے دوست تو یہ کس لئے عمل پڑھتا ہے اس وقت عامل ہوشیار ہو کر کہے۔ کہ میں تیری اقلیم کو دیکھنا چاہتا ہوں اس وقت وہ بزرگ عامل کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ۔ اس اژدہا پر بٹھائے گا۔ اور اپنی اقلیم میں لے جا کر بخوبی سیر کرائے گا۔

## اقلیم دوم



جس شخص کی خواہش ہو کہ فلک دوم اقلیم دوم کی ماہیت دریافت

کرے ۔ تو پہلے خلوص نیت کے ساتھ یہ اسم بدشال کو بنال ربیال اوسال کرسیال بحق یا ناحاد" لاتعداد پڑھتا رہے جب اس میں کامیاب ہوگا ۔ تو اسی طرح بزرگ سانپ اس عامل کو اپنے ساتھ لے جاکر پنی اقلیم کی ماہیت سے واقف کرے گا۔

## اقلیم سوم

فلک دوم ۔ اقلیم تیسری کا حال دریافت کرنا منظور ہو ۔ تو عامل اس اسم کو لاتعداد پڑھنا شروع کرے ۔ تو کامیاب ہونے کے بعد وہی بزرگ مؤکلوں سمیت حاضر ہوکر عامل کو اپنی تمام اقلیم کی بخوبی سیر کرائے گا ۔ اور وہاں کے عجائبات دکھائے گا ۔ اسم یہ ہے کیتول اشیتر فحفر یال اسکال اتر خو بحق یا د، ثم۔

## اقلیم چہارم

عامل فلک دوم ۔ اقلیم چوتھی کی سیر کرنی چاہے ۔ تو یہ اسم بدستور پڑھے ۔ اور یال رفوں ابوت اطال ہمیسن بحق یا صدوہ کامیاب ہونے کے بعد بطریق مذکورہ وہی بزرگ اسی طرح حاضر ہوکر عامل کو ساتھ لے جاکر بڑی شان و شوکت کے ساتھ اپنی اقلیم کی سیر کرائے گا۔ اور ہر ایک چیز سے واقف کرے گا۔

## اقلیم پنجم

فلک دوم ۔ اقلیم پنجم کی سیر کرنے کے واسطے عامل کو یہ اسم پڑھنا

چاہیئے۔ اقبال اصقلال نمونی اورت التقی بحق بار بار جب اِس میں پورا اُترے گا۔ تو وہی بزرگ بدستور اپنے ہمراہ لے جاکر اپنی اقلیم پنجم کے تمام حالات اور عجائبات سے آگاہ کرنے گا۔

# فلک سوم

## اقلیم اوّل

جس شخص کے دل میں ارادہ ہو۔ کہ میں فلک سوم کی سیر کروں اور وہاں کے عجائبات دیکھوں۔ تو اس کے واسطے لازم ہے۔ کہ خلوص نیت و پاکیزگی و حضوری قلب کے ساتھ کسی جگہ محفوظ میں بیٹھ کر یہ اسم جس قدر زیادہ ہو سکے۔ پڑھے "یحال البال مزیال رہال ابربال بحق یا کبیر"۔ جب کچھ روز ہوں گے۔ تو ایک بزرگ چار خادموں سمیت شیر پر سوار ہو کر بڑے کروفر سے عامل کے روبرو آکر بڑی خطرناک باتوں سے عامل کو دھمکائے گا۔ اس وقت عامل کو نہایت مستقل مزاج اور صاحب حوصلہ رہنا چاہیئے۔ تاکہ اپنے عمل میں کوئی نقصان نہ ہو جب وہ دیکھے گا۔ کہ عامل کامیاب ہے۔ تو خود بخود آہستہ اور خوش آواز سے پوچھے گا۔ کہ اے حضرت انسان مجھے بتلا کہ تو یہ اسم کس غرض کے لئے پڑھتا ہے۔ تاکہ تیرا دلی مقصد پورا کروں گا۔ اس وقت عامل کہے گا۔ کہ میرا ارادہ تیری اقلیم میں جانے کا ہے تب وہ بزرگ عامل کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ شیر پر سوار کرے گا

اور پرواز کرکے فوراً اپنی اقلیم میں پہنچے گا۔ اور وہاں کے تمام عجائبات عامل کو دکھلائے گا ؛

## اقلیم دوم

جس عامل کو ملک سوم ۔ اقلیم دوم کے دیکھنے کا شوق ہو۔ تو اس اسم کا عمل کرے " فرکوش کوکربن نموصنوش ازموار سشش طیططموشش بحق یا باری النفوس " جب اس میں بلاخوف و خطر۔ کامیاب ہوگا۔ تو وہی بزرگ شیر پر سوار ہو کر عامل پاس آئے گا۔ اور امتحان میں پورا ہونے پر وہ اپنے ساتھ لے جا کر اقلیم دوم کی سیر کرائے گا ؛

## اقلیم سوم

غوریال ۔ منوال یکمویال عمال ۔ صندینال بحق یازاکی ۔ جو شخص یہ اسم پڑھے ۔ اور اس پر عمل کرے ۔ تو کسی روز وہی بزرگ شیر اسوار عامل کے سامنے حاضر ہو کر امتحان کے بعد اپنے ہمراہ لے جاکر اپنی اقلیم سوم کی سیر عامل کو کرائے گا ؛

## اقلیم چہارم

جو عامل فلاک سوم ۔ اقلیم چہارم کی سیر کرنا چاہتا ہو۔ تو یہ اسم پڑھے یا میناال ملدھیال ۔ نومیال ارمیال غضبال بحق یا کافی جب اس وظیفہ بلاخوف وخطرہ کامیاب ہوگا۔ تو بدستور سابق وہی شیر اسوار

خدمت میں حاضر ہو کر اپنی اقلیم کی سیر نہایت خوشی کے ساتھ کرے گا

## اقلیم پنجم

اسی طرح یہ اسم پڑھے۔ اور اس پر پورا عمل کرنے سے وہی بزرگ حاضر ہو کر تمام سیر کراتا ہے۔ اور عجائبات دکھاتا ہے سفریاں سنجیاں فصصال۔ مجلیال بحق یا نقتا" عامل کو ہر حالت میں مستقل حلاج اور نڈر رہنا چاہیئے :-

# فلک چہارم

## اقلیم اوّل

ظہریال۔ توہریال ارتیال۔ خموریال اجود بحق یا جنان" جس عامل کے دل میں شوق پیدا ہو۔ کہ میں فلک چہارم اقلیم اوّل کی سیر کروں۔ تو اس کو مناسب ہے۔ کہ نہایت پاکیزہ تن ہو کر مذکورہ بالا اسم پڑھنا شروع کرے۔ تھوڑے دنوں کے بعد ایک بزرگ آدمی چار ساتھیوں کے ہمراہ طاؤس پر بیٹھا ہوا عامل کے روبرو آکر کھڑا ہو کر خوب ہنسے گا۔ اور کہے۔ کہ اے بابا انسان تو جو اتنی محنت اور کیوں اور کس مقصد کے واسطے کرتا ہے۔ کیا تجھ کو اپنی جان عزیز نہیں۔ مگر اس کی ذرا پرواہ نہ کرے۔ بلکہ اپنے عمل میں مشغول رہے۔ جب وہ عامل کو کامیاب

پائے گا۔ تو نہایت ادب اور نرمی سے کہے گا۔ اے دوست اپنا دلی مدعا بیان کریں۔ کہ میں اس کو بجا لاؤں۔ تب عامل اپنی نیت ظاہر کرے۔ کہ میں تیری اقلیم کے عجائبات دیکھنا چاہتا ہوں اور اس کی سیر کرنے کا شوق ہے۔ اس وقت عامل کا ہاتھ پکڑ کر وہ بزرگ اپنے ساتھ طاؤس پر بٹھلائے گا۔ اور پرواز کر کے فوراً اس کو اپنی اقلیم میں لے جا کر سیر کرائے گا۔

## اقلیم دوم

یا جنبیال۔ ابدال۔ ہجمیال یسمیال بحق یا مسانغ

اس اسم کے پڑھنے والا عامل بڑا کامیاب ہوگا۔ تو فوراً وہی طاؤس سوار حاضر ہو کر عامل کو اپنے ساتھ لے جائے گا۔ اور اقلیم دوم کی بخوبی سیر کرائے گا۔

## اقلیم سوم

یا خیبال۔ قنبیال۔ مجوبیال۔ کلمکائل فخریال بحق یا غلام

اس اسم کے پڑھنے اور کامیاب ہونے پر ویسے ہی بزرگ حاضر ہو کر عامل کو اقلیم سوم کا سیر کرا دیتا ہے۔ مگر عامل عمل میں پورا ہونا چاہیے۔

## اقلیم چہارم

(یا ختتال۔ بکلدیال۔ متبعول۔ قنفیال۔ بخرسیال بحق یا حلیم)

جو عامل اس اسم کے پڑھنے میں پورا کامیاب ہو جائے تو بدستور ایک بزرگ معہ اپنے چار موکلوں کے حاضر ہو کر عامل کو ساتھ لے جا کر عجائبات اقلیم چہارم سے آگاہ کرے گا۔

## اقلیم پنجم

رفروشیال۔ اردشیال۔ سترمال۔ نوسا فوسیال بحق معتد

جو شخص اس اسم پر عمل کرنے میں پورا کامیاب ہو جائے گا تو بدستور وہی بزرگ حاضر ہو جائے گا۔ اور عامل کو ہمراہ لے جا کر اقلیم پنجم کا بخوبی واقف کار بنائے گا۔

# فلک پنجم

## اقلیم اوّل

جو شخص چاہے کہ فلک پنجم اقلیم اوّل کے عجائبات دیکھنے کے لئے عالم بالا کی سیر کو جاؤں۔ تو اس کے واسطے ضروری ہے کہ نیچے لکھے ہوئے اسم کا وظیفہ کرے۔ اگر اثناء عمل میں کوئی خطرناک صورت دکھائی دے۔ تو ہرگز خوف نہ کرے۔ بلکہ نڈر ہو کر پڑھتا رہے [illegible] روز چار موکلوں سمیت ایک بزرگ طلوع پر سوار ہو کر عامل کے روبرو آئے اور آداب و تسلیمات کے بعد طلوع کو چھوڑے۔ اور عامل کے پاس بیٹھ کر اس کا

مطلب پوچھے۔ پھر عامل کہے۔ کہ میں تیری اقلیم دیکھنے کی۔ آرزو رکھتا ہوں۔ اور امید ہے۔ کہ تیرا مدعا پورا کرے گا۔ تب وہ ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ سوار کر کے اقلیم میں لے جا کر سیر کرائے گا۔ اسم یہ ہے۔

"امیاں۔ بمیاں۔ زردکول بمذال وخول بحق امام"

## اقلیم دوم

نیچے لکھے ہوئے اسم کو پڑھنے اور اس کے عمل میں پورا کامیاب ہونے پر بدستور وہی مذکورہ بالا بزرگ حاضر ہو کر عامل کو اقلیم دوم کی تمام سیر کرا دینا ہے۔ اسم یہ ہے۔

"غوس۔ فیموں۔ کلیاں۔ کتنال۔ عوطاپل۔ نعدضال بحق یا مدار"

## اقلیم سوم

نیچے لکھا ہوا اسم جو شخص پڑھ کر امتحان میں کامیاب ہوگا تو وہی بزرگ اپنے چار موکلوں سمیت عامل کے پاس آئے گا۔ اور اس کو ساتھ لے کر فلک پنجم۔ اقلیم سوم کی بخوبی سیر کرائے گا۔ اور وہاں کے تمام عجائبات دکھائے گا۔ اسم یہ ہے۔

"دیار رقیاں نعضیال بجوریاں کلیکلیال مخزباں بحق یا غلام"

## اقلیم چہارم

جو اسم نیچے لکھا گیا ہے۔ اس پر عمل کرنے میں جو شخص پورا

کامیاب ہو جائے۔ تو وہی بزرگ بدستور حاضر ہو کر عامل کو اپنی اقلیم چہارم کی عجیب و غریب سیر کراتا ہے۔

(محققتیال۔ کلیال۔ مقبول۔ اقفل۔ فردمیال۔ بحق یا علیم)

## اقلیم پنجم

نیچے کا لکھا ہوا اسم جو شخص پڑھے گا۔ اور اس کے امتحان میں کامیاب نکلے گا۔ تو وہی بزرگ حاضر ہو کر عامل کو ساتھ لے کر اپنی اقلیم پنجم کی تمام کیفیت سے ماہر کرے گا۔ اسم یہ ہے۔

(مردسیال۔ اروشنیال سمسریال نوستا نوسیال بحق یا معبد)

# فلک ششم

## اقلیم اوّل

اگر کسی شخص کو فلک ششم۔ اقلیم اوّل کی سیر کرنی منظور ہو۔ تو نہایت پاک صاف ہو کر یہ اسم پڑھے۔

(البفریال لمنوت سکشاف ہنریان بحق یا عیسدہ)

جب پورا ہونے کا دن آئے گا۔ تو ایک بزرگ تخمینت نر جاج پہنتا ہوا پنا فوکلوں آجمنت عامل کے پاس حاضر ہو کر اس کے پڑھنے کا سبب پوچھے گا۔ اس وقت عامل اپنا دلی مدعا ظاہر کرے

پھر وہ بزرگ عامل کو اپنے پاس تخت پر بٹھائے گا۔ اور
اُڑتا ہوا۔ اپنی اقلیم میں پہنچے گا۔ اور عامل کو تمام
عجیب و غریب اشیا کی سیر کروائے گا۔ اور ماہیت
وکیفیت سے آگاہ کرے گا ؞

## اقلیم دوم

جس شخص کا منشا یہ ہے کہ میں فلک ششم۔ اقلیم دوم
کی سیر کروں۔ اور عجائبات دیکھوں۔ تو یہ اسم پڑھے۔
ڈہڑون) رفتون۔ اقیائل۔ ستفائل۔ سک بائل بحق یا شموئیل
جب اس کی تعداد پوری ہو گی۔ تو بدستور ایک بزرگ
عامل کے پاس خود بخود آئیگا۔ اور عامل کو پورا پاکر اس کو
اپنے ہمراہ بٹھا کر۔ اپنی اقلیم میں لے جائے گا۔ اور وہاں کے
تمام عجائبات دکھلا کر خوش کرے گا ؞

## اقلیم سوم

اقلیم سوم فلک ششم کے حالات دریافت کرنے کی جو
شخص آرزو رکھتا ہے۔ تو یہ اسم پڑھے۔
دابقیائل۔ لنفربائل۔ ورسعیائل نوبرقیائل تبطیور بحق یا شناہر
جب اس کا عمل پورا کر چکے گا۔ تو بدستور ایک بزرگ آکر
عامل کو اپنے ہمراہ عالم بالا پر لے جاکر وہاں کی تمام کیفیت
بتلائے گا۔ اور عامل کو خوش کرے گا ؞

## اقلیم چہارم

فلک ششم۔ اقلیم چہارم کے عجائبات دیکھنے کا شوق ہو تو۔ باقاعدہ یہ اسم پڑھے۔

ڈیاریال۔ احدیال۔ بحریال زمقون۔ دبریال بحق یا فریب

جب عامل بلا خوف و خطر اس وظیفہ کے امتحان میں پاس ہوگا۔ تو ایک بزرگ معہ چار موکلوں کے عامل کی خدمت میں حاضر ہونے کے بعد اس کا مدعا دریافت کرے گا۔ اور پھر عامل کو اپنے ہمراہ لے جا کر اقلیم چہارم کے تمام معلومات اور عجائبات سے آگاہ کریگا۔ جس سے عامل کو نہایت خوشی حاصل ہوگی۔

# فلک ہفتم

## اقلیم اوّل

ابرقی برنیال۔ برنیال۔ ارنیال محودیال بحق یا نور

جو شخص فلک ہفتم۔ اقلیم اوّل کی سیر کرنے اور وہاں کے عجائبات دیکھنے کی دل میں آرزو رکھتا ہو۔ تو اس کو چاہیئے کہ نہایت پاک صاف ہو کر ایک تنہا جگہ میں بیٹھے۔ اور اوپر لکھا ہوا اسم بمنور قلب پڑھنا شروع کرے۔ [illegible] دن کے بعد ایک بزرگ نہایت خوش وضع [illegible] ہوا جس کے ہمراہ کئی ہزار موکل ہوں گے عامل

کے رو برو آکر سب کے سب بڑا شور و غل مچائیں گے کہ جیسے کہ انسان کو جان کا خطرہ پڑ جاتا ہے۔ مگر عامل کو ہوشیار و خبردار رہنا چاہیئے۔ اگر ذرا بھی خوف کھا کر پڑھنا چھوڑ دے گا۔ تو تمام محنت ضائع ہو جائے گی۔ اور وقت ہاتھ سے نکل جائے گا۔ وہ بزرگ جب عامل کو پختہ یقین پائے گا۔ تو سامنے ہو کر سلام مودبانہ کلام کرے گا۔ اور پوچھے گا کہ آپ اس قدر محنت کس خواہش کے لئے اٹھاتے ہیں۔ اور حقیقت میں آپ کا مطلب کیا ہے۔ اگر ظاہر کریں۔ تو میں اُس کو بجا لاؤں۔ اس وقت عامل اپنا مقصد بیان کرے۔ اور کہے کہ میں تیری اقلیم میں سیر کرنا چاہتا ہوں۔ پھر وہ بزرگ عامل کو اپنے پاس تخت یا تخوت پر بٹھائے گا۔ اور اپنی اقلیم میں لے جا کر اُس کی تمام ماہیت بخوبی بتلائے گا۔

## اقلیم دوم

"برخیال دعیال وفد سیال دمرخیال فردحال بحق یا علی ملتانخ"

یہ اسم جو شخص پڑھے۔ اور کامیاب نکلے۔ تو بدستور ایک بزرگ عامل کو اپنے ساتھ لے جا کر فلک ہفتم اقلیم دوم کی تمام سیر کرائے گا اور وہاں کے عجائبات دکھلائے گا۔

## اقلیم سوم

"جیال خرایال سیال دہون ہود بحق یا فدوس"

اس اسم کے بدستور پڑھتے اور کامیاب ہونے پر وہی ایک تخت نشین بزرگ حسب معمول آکر عامل کو بڑی خوشی کے ساتھ اپنے ہمراہ لے جائے گا۔ اور فلک ہفتم اقلیم سوم کی ماہیت سے آگاہ کرے گا۔ اور تمام عجائبات وہاں کے عامل کو دکھلائے گا ؛

## اقلیم چہارم

"خر دینال۔ طلشیال۔ برسدنیال۔ ملوال جاجیال بحق یابدوح"
اس اسم کے وظیفہ میں، برخلاف خوف و خطر جو شخص پاس ہو جائے گا۔ تو بدستور ایک بزرگ تخت نشین حاضر خدمت ہو کر حسب معمول عامل کو اقلیم چہارم میں لے جائے گا اور وہاں کے تمام حالات اس کے آگے ظاہر کرے گا۔ جس سے عامل نہایت خوش ہوگا ؛

## اقلیم پنجم

"خردل۔ ملک شال۔ برسویل فغفیال مشکیال فقرال بحق یا جبیل"
اس اسم کے ورد کرنے میں جو شخص کامیاب نکلے۔ تو بدستور سابق وہی بزرگ اپنے موکلوں سمیت عامل کے پاس آکر مطلب دریافت کرنے کے بعد بڑی خوشی سے اپنے تخت پر سوار کر کے فلک ہفتم اقلیم پنجم میں لے جا کر وہاں کے تمام عجائبات کی سیر کرائے گا۔ اور ماہیت سے واقف کر دے گا ؛

## فائدہ

عامل کے واسطے نہایت ضروری یاد رکھنا چاہیے۔ کہ ہر فلک کی ہر ایک اقلیم کا مؤکل جس تخت پر بیٹھ کر حاضر ہوتا ہے۔ اُن سب کی طرز اور بناوٹ ایک جیسی نہیں ہوتی۔ بلکہ بہت مختلف ہوتے ہیں اور ہر اقلیم کے مؤکل کی اسوارعمں الگ الگ ہوتی ہے :-

# دوسرا باب

اس باب میں طلسمات۔ عملیات۔ تعویذات۔ فتیلہ جات اور عجیب وغریب منتروں کا مفصل بیان کرنے کے علاوہ ان سب کے متعلق ہدایات ضروری اور طریقہ وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے جو شخص عامل بننا چاہے۔ تو اُس کے واسطے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل قواعد کا لحاظ رکھے :-

## قاعدہ نمبر ایک

عمل شروع کرنے سے پہلے اپنا بدن پاک۔ اور لباس ستھرا اور صاف بنانا چاہیئے۔ خراب گندہ اور بدبو دار نہ ہو۔ اس کے بعد جس مکان میں بیٹھا ہو۔ وہ شور وشر سے بالکل پاک اور غیر شخص کی آمد ورفت سے علیحدہ ہو۔ اور بوقت عمل کوئی مرد و عورت اندر نہ آنے جائے۔ کیونکہ عمل خراب ہوجانے کا اندیشہ

ہوتا ہے ؛

## قاعدہ دوسرا

جو عمل کرنا ہو۔ نیت صاف عقیدہ پاک۔ یقین کامل اور حضوریٔ قلب سے پڑھنا چاہیئے۔ وسواس شیطانی اور فاسد خیالات سے دل کو پاک رکھنا چاہیئے۔ اگر یقین کامل نہ ہو گا۔ اور نیت میں فرق ہو گا۔ تو کامیابی حاصل نہیں ہو گی۔ اور شروع سے اخیر تک اپنے عمل میں مستقل مزاج اور متقی پرہیز گار رہنا چاہیئے جھوٹ کو زبان پر نہ لائے۔ ہر ایک سے محبت اور پیار رکھے ؛

## قاعدہ تیسرا

جو عمل اور وظیفہ جتنے دنوں تک پڑھنا ہو۔ اتنے روز گوشت گاؤ۔ مچھلی۔ انڈا۔ پیاز۔ لہسن۔ اور سخت غذا وغیرہ نہ کھائے بلکہ جہاں تک ہو سکے۔ غذا نرم اور بہت کم استعمال کرے مناسب ہو۔ تو ہمیشہ روزہ دار رہے۔ اور بدبودار چیزوں سے پرہیز رکھے ؛

## قاعدہ چوتھا

جو عمل پڑھنا ہو۔ اُس کے واسطے ایک وقت مقرر کر لینا چاہیئے۔ عاملِ اکثر اوقات کو اچھا جانتے ہیں۔ کیونکہ بسبب ناخیز اوقات بے عامل کو عمل میں اکثر نقصان واقع ہوتا ہے جگہ اور

وقت شروع سے ختم ہونے تک مقرر مقرر ہونے چاہیئے۔ بلا عذر ان کا تبدیل کرنا نقصان دہ ہوتا ہے۔

## قاعدہ پانچواں

ہر ایک عمل عروج ماہ میں شروع کرنا چاہیئے۔ کیونکہ زوالی کے دنوں میں پڑھنے سے اکثر نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ دوران عمل میں عامل کو غم۔ افسوس۔ غصہ اور رنج اور کسی قسم کا فکر اندیشہ نہیں کرنا چاہیئے۔ ورنہ عمل خراب ہو جانے کا خطرہ ہے۔

## قاعدہ چھٹا

جب عامل کسی اسم کی زکوٰۃ پوری کر چکے۔ تو اس کے بعد بھی دس بارہ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اور جہاں تک ہو سکے۔ اپنے دل کا راز کسی غیر محرم شخص کو نہ بتائے۔ حتی الوسع پوشیدہ رکھے۔

## قاعدہ ساتواں

علم نجوم و اثرات فلکی و تاثیرات اور رفتار سیارگان سے عامل کو بخوبی واقف ہونا چاہیئے۔ کیونکہ فن عملیات و تعویذات میں برج اور ستاروں کے نیک و بد اوقات کا بہت لحاظ رکھا جاتا ہے۔

Habib

# قاعدہ آٹھواں

اگر کسی عمل کو ایک بار کرنے میں کامیابی حاصل نہ ہو۔ تو عامل کے واسطے گھبرانا اور جی توڑنا اچھا نہیں ہوتا۔ بلکہ مستقل مزاج کامل یقین پختہ ارادہ اور کمربستہ ہو کر دو بارہ سہ بارہ وہ عمل کرے۔ کسی وقت میں ضرور کامیاب ہو جائے گا کیونکہ سفر کی تکلیف اٹھانا۔ اور راستہ کی گرد و غبار کھانا کبھی نہ کبھی اکثر منزل مقصود پر پہنچ ہی جاتا ہے۔

# قاعدہ نانواں

جب عامل کسی عمل میں کامیاب ہو جائے۔ تو اس کو کھیل تماشہ نہ سمجھے۔ اور ہر ایک جگہ پر نہ برتے۔ اور بے وقوف نا اہل لوگوں سے ہر وقت پوشیدہ رکھے۔

# قاعدہ دسواں

جب کوئی موکل کسی عامل کی تسخیر میں آ جائے۔ تو وہ اس کو ہر وقت نہ ستایا کرے۔ کیونکہ وہ نقصان دینے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ اور عامل کی جان کا دشمن بن جاتا ہے۔

# قاعدہ گیارہواں



کسی موکل پڑھنے اور تعویذات لکھنے کے واسطے کسی بزرگ

صاحب عمل کی اجازت حاصل کرنی ضروری ہوتی ہے۔ ورنہ کوئی عمل نقصان سے خالی نہیں ہوتا۔

## ابجد

عاملانِ عملیات و کاملانِ تعویذات و ماہرانِ طلسمات نے حروفِ ابجد سے بہت کام لیا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ پہلے عامل ان کو یاد کر کے ذہن نشین کرے۔ تاکہ ہرایک وقت میں ان سے کام لیوے۔ وہ یہ ہیں

**ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ**

ابجد کے معنی شروع کیا۔ ہوز پیوست یا ملا۔ حطی واقف ہوا۔ کلمن سخن گو ہوا۔ سعفص اس نے سیکھا۔ قرشت ترتیب کیا۔ ثخذ نگاہ رکھا۔ ضظغ تمام کیا۔ ان سب حروف سے سات حروف آتشی۔ سات حروف بادی۔ سات حرف آبی۔ اور سات حروف خاکی ہوتے ہیں۔ اور ہرایک حرف کا الگ الگ سیاروں سے تعلق ہوتا ہے۔ جن کی جدول اگلے صفحہ پر درج کی گئی ہے۔ اور مفرد حروف ابجد معہ عدد یہ ہیں۔

ا ۱۔ ب ۲۔ ج ۳۔ د ۴۔ ہ ۵۔ و ۶۔ ز ۷۔ ح ۸

ط ۹۔ ی ۱۰۔ ک ۲۰۔ ل ۳۰۔ م ۴۰۔ ن ۵۰۔ س ۶۰۔

ع ۷۰ ۔ ف ۸۰ ۔ ص ۹۰ ۔ ق ۱۰۰ ۔ ر ۲۰۰ ۔ ش ۳۰۰
ت ۴۰۰ ث ۵۰۰ خ ۶۰۰ ذ ۷۰۰ ض ۸۰۰ ظ ۹۰۰ غ ۱۰۰۰

| سیارہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آتشی | ا | ہ | ط | م | ف | ش | ذ |
| بادی | ب | و | ی | ن | ص | ت | ض |
| آبی | ج | ز | ک | س | ق | ث | ظ |
| خاکی | د | ح | ل | ع | ر | خ | غ |



## قاعدہ اوّل

جو شخص اپنا ستارہ دریافت کرنا چاہے۔ وہ اپنے نام کا پہلا حرف لے کر مذکورہ بالا جدول کے حرف سے ملائے۔ جو ستارہ اس حرف کے اوپر لکھا ہے۔ وہی اس کا سیارہ ہوگا۔

مثلاً ایک شخص نام محمد دین ہے۔ تو اس کا پہلا حرف میم ہے۔ جدول سے ملایا۔ تو اس جگہ میم کے اوپر سیارہ شمس لکھا ہے۔ پس محمد دین کا سیارہ شمس ہے۔

## قاعدہ دوم

جو شخص اپنا طالع یعنی برج معلوم کرنا ہو تو اس کے نام اور اس کی ماں کے نام دونوں کے عدد نکال کر جمع کرکے بارہ پر

تقسیم کریں ۔ اگر ایک باقی رہے ۔ تو برج حمل ۔ دو باقی رہیں تو برج ثور ۔ تین رہیں ۔ تو برج جوزا ۔ چار رہیں ، تو برج سرطان ، پانچ ہیں تو اسد ۔ چھ ہیں تو برج سنبلہ ۔ سات رہیں تو برج میزان ۔ آٹھ رہیں ، تو برج عقرب ۔ نو رہیں ، تو برج قوس ۔ دس رہیں ۔ تو برج جدی ۔ گیارہ رہیں ۔ تو برج دلو ۔ اگر پورے تقسیم ہو جائیں تو برج حوت ہوتا ہے ۔

# حروف طلسم

جس طرح تعویذات و عملیات میں حروف ابجد کا لحاظ دیکھا جاتا ہے ۔ اسی طرح سے طلسمات میں یہ حروف جو ذیل میں لکھے گئے ہیں ۔ لکھتے وقت مد نظر رکھتے ہیں ۔ تاکہ عامل جب طلسمی نقش تحریر کرنے لگے ۔ تو اسے معلوم ہو جائے ۔ کہ میں کونسا حرف لکھ رہا ہوں ۔

| حروف فارسی | ا | ج | ف | ش | ظ | ق ن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف طلسمی | سا | = | ل | ں | 8 | E ٥ |
| حروف فارسی | ب | ح | ص | ع | ک | ر د |
| حروف طلسمی | ٥ | ″ | ــه | د | ہ | ر د |
| حروف فارسی | ت | خ ١٦ | ز | ص | ع | ل ہ |
| حروف طلسمی | ٥ | ″ | ٦ | ت | ۶ | سہ ہ |
| حروف فارسی | ث | د | س | ط | ف | م ی |
| حروف طلسمی | سمــ | کھ | د | 8 | 3 | صد B |

# جدول دوم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف فارسی | ا | ح | س ش | ظ | ق | ل | ی | |
| حروف طلسمی | ہ | [illegible] | [illegible] | ھ | ھ | خد | عہ | |
| حروف فارسی | ب | ح | ر | ص | ع | ک | د | ے |
| حروف طلسمی | ج | مہ | ر | [illegible] | [illegible] | ھ | عہ | سہ |
| حروف فارسی | ت | خ | ز | ض? | غ | ل | ذ? | |
| حروف طلسمی | ہ | صہ | ھ | [illegible] | [illegible] | ہ | ک | |
| حروف فارسی | ث | و | س | ط | ف | م | ع | |
| حروف طلسمی | ٹ | | [illegible] | [illegible] | عد | × | مہ | عہ |



## موکلات

اس میں موکلوں کے نام اور ان کی تاثیر کا بیان کیا جاتا ہے۔ تاکہ ہر ایک عامل کو بڑی آسانی سے معلوم ہو جائے۔ کہ فلاں موکل کا کیا نام اور اس کی تاثیر کیا ہے۔ کیونکہ ماہران عملیات کے واسطے نہایت ضروری ہوتا ہے۔ کہ وہ ان سے بخوبی واقفیت حاصل کریں۔ اور تعویذ لکھنے یا عمل کرنے میں ان کو یاد رکھیں۔ اور مدد چاہیں۔ ورنہ کام درست نہیں ہوتا۔ ان سب سے سات آتشی۔ سات بادی سات آبی اور سات خاکی شمار کیے جاتے ہیں۔ جن کی جدول اگلے صفحہ پر درج ہے۔

| آتشی | بادی | آبی | خاکی |
|---|---|---|---|
| اسرافیل | جبرائیل | کلکائیل | میکائیل |
| دردائیل | رفتمائیل | شرقائیل | تنکافیل |
| اسماعیل | سرکیطائیل | عروزائیل | طاطائیل |
| رڈبائیل | حولائیل | ہمواکیل | لوبائیل |
| سرحائیل | اہجیائیل | عطرائیل | امواکیل |
| ہمرائیل | عزرائیل | میکائیل | حماکائیل |
| اہراطیل | عطکائیل | لوزائیل | لوفائیل |

## حروفِ تہجی

عاملان عملیات و کاتبان تعویذات و ماہران مشکلات فرماتے ہیں۔
کہ جب تک حروفِ تہجی کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے۔ تب تک عامل اپنے کام
میں کامیاب نہیں ہوتا۔ جو لوگ نادانی کی وجہ سے عمل شروع
کر دیتے ہیں۔ اور حروف تہجی کی زکوٰۃ نہیں دیتے۔ تب وہ
[illegible] بعض کا قول ہے۔ کہ یہ اٹھائیس
حروف باری تعالیٰ کے نام ہیں اور تمام فرشتے ان ناموں سے پروردگار

مالین کی عبادت کرتے ہیں۔ اور تمام الفاظ قرآن مجید اور سب نام الٰہی انہیں سے ترتیب ہوئے ہیں۔ ان کی ذکواۃ دینے کا آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر روز ایک حرف کو چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ بلا ناغہ اٹھائیس دن تک یا موکل پڑھیں۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو۔ تو اٹھارہ سو مرتبہ ہر روز بلا ناغہ پڑھنے سے بفضل خدا وہ مشکل حل ہو گی۔

حروف تہجی بھی چار قسم کے ہوتے ہیں۔ گرم۔ سرد و تر خشک حروف گرم یہ ہے۔ ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ۔ جن کو اکٹھا کرنے سے اہطم فشاذ ہوتا ہے۔ ان سب کے عدد ۱۳۵۱ ہوتے ہیں اور حروف سرد یہ ہیں۔ ج ز ک س ق ث ظ جن کا مجموعہ جزکس قثظ اور عدد ۱۵۰۹ ہوتے ہیں۔ اور حروف تر یہ ہوتے ہیں د ح ل ع ر خ غ جمع کرنے سے دحلع رخغ بنتا ہے۔ اور عدد ان کے ۱۹۱۲ ہوتے ہیں۔ اور حروف خشک ان کو کہتے ہیں۔ ب و ی ن ص ت ض جن کا مجموعہ بوین صتض ہوتا ہے۔ اور عدد ان کے ۱۳۵۸ بنتے ہیں۔

جو شخص آتشی یعنی گرم حروف ۱۳۵۱ مرتبہ سردی کے موسم میں پڑھتے۔ اس کا بدن گرم ہو کر پسینہ آنے لگتا ہے۔ اسی طرح اگر سرد حروف گرمی میں پڑھے جائیں۔ جتنے کہ ان کے عدد ہیں۔ تو بدن میں سردی آجاتی ہے۔

علی ہذا القیاس سب حروف جتنے ان کے عدد مجموعی ہوں گے اتنی دفعہ پڑھنے سے اثر ہوتا ہے۔ حروف تہجی کا

معہ کا جادو

موکل کا بھی وظیفہ کرنے لگیں۔ تو اس طرح پڑھیں۔ یا اسرافیل بحق
یا الف یا جبرائیل بحق یا الف یا جبرائیل بحق یا ب یا عزرائیل یا ت وغیرہ

# مختصر جدول حروف تہجی معہ موکلات

| حرف | موکل | حرف | موکل | حرف | موکل | حرف | موکل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | اسرافیل | ب | جبرائیل | ت | عزرائیل | ث | میکائیل |
| ج | کلکائیل | ح | شکفیل | خ | مھکائیل | د | دردائیل |
| ذ | ابراطیل | ر | اھوائیل | ز | سرمائیل | س | ھموائیل |
| ش | ہمرائیل | ص | اہجائیل | ض | طلکائیل | ط | اسماعیل |
| ظ | لوزائیل | ع | لومائیل | غ | لونائیل | ف | سرحمائیل |
| ق | مطرائیل | ک | عزرائیل | ل | طاطائیل | م | رومائیل |
| ن | حولائیل | و | رحمائیل | ہ | دوریائیل | ی | سرکیہائیل |

## قمری مہینے

ماہرین علم اعداد نے شمسی مہینوں کی طرح قمری مہینوں کا بھی بہت خیال رکھا ہے اور ہر ایک مہینے کے تین عشرے کرتے ہیں چنانچہ پہلے عشرہ میں برکت کشائش رزق اور فتحیابی کے تعویذ لکھے

لکھنے چاہیئے۔ اور دوسرے عشرہ میں محبت اور تسخیر کے اور تیسرے عشرہ میں عداوت و ہلاکی دشمن کے اور بقول حضرت عباس رضی اللہ عنہ قمری ہر مہینہ میں سات دن نحس ہوتے ہیں۔ ۳۔ ۵۔ ۱۳۔ ۱۶۔ ۲۱۔ ۲۴۔ ۲۵۔

بموجب روایت حضرت علی کرم اللہ وجہہ ان دنوں میں کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس کا انجام ٹھیک نہیں ہوتا۔ قمری بارہ مہینوں کے نام یہ ہیں۔

محرم۔ صفر۔ ربیع الاول۔ ربیع الثانی۔ جمادی الاول۔ جمادی الثانی۔ رجب۔ شعبان۔ رمضان۔ شوال۔ ذیقعد۔ ذوالحج۔

اسی طرح شمسی مہینوں میں بھی نحس دن ہوتے ہیں۔ مثلاً چیت میں اٹھارہ کا دن۔ بیساکھ میں سولہ۔ جیٹھ میں تیرہ۔ اساڑھ میں گیارہ۔ ساون میں آٹھ۔ بھادوں میں چھ۔ اسوج میں تین۔ کاتک میں ایک۔ مگھر میں ۲۸۔ پوہ میں ۲۶۔ ماگھ میں ۲۲۔ پھاگن میں ۲۱۔ ان دنوں میں کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیئے۔

**منازل قمر** :۔ فن عملیات، تعویذات میں منازل قمر یعنی چاند کی منزلوں کا ذکر بہت جگہ آتا ہے۔ بسہولت ناظرین کے لئے ان کا مفصل بیان کر دینا از حد مفید ثابت ہوگا۔ تمام ستائیس منزلیں ہیں اور ان کے نام یہ ہیں۔ شرطین۔ بطین۔ ثریا۔ دبران۔ ہقعہ۔ ہنعہ۔ ذراع۔ نثرہ۔ طرفہ۔ جبہہ۔ زبرہ۔ صرفہ۔ عوا۔

سماک اعزل۔ عفرہ۔ زبانا۔ اکلیل۔ قدب۔ سولہ۔ نعائم۔ بلدہ۔ سعد ذابح۔ سعد بلع۔ سعد السعود۔ سعد الاخبیہ۔ فرع اول۔ فرع دوم بطن الحوت۔ اور منازل قمر بھی اٹھائیس ہیں۔ ادھر حروف ابجد بھی اٹھائیس ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک حرف کے واسطے ایک منزل مقرر ہوتی ہے۔ جن کا یاد رکھنا عامل کے واسطے نہایت ضروری اور مفید ہوتا ہے۔

# ایام سبعہ

جن کو ہفتہ یا عام لوگ سات دن کہتے ہیں۔ باری تعالیٰ نے ان کی تاثیر بھی الگ الگ بنائی ہیں۔ اور یہ بھی اپنے اپنے نیک و بد وقت میں برابر حکومت کرتے ہیں۔ اور عاملان عملیات نے شمسی و قمری مہینوں برج اور سیاروں کی طرح سات دنوں کی بھی رعایت رکھی ہے۔ کیونکہ تمام دنیا کا دارومدار اور دن رات کا انحصار زیادہ تر انہی دنوں پر ہی پروردگار عالم نے مبنی رکھا ہے۔ اور ہر ایک دن میں بارہ گھڑیاں ہوتی ہیں۔ اور ہر ایک رات میں یکے بعد دیگرے گھڑی آجاتی ہے۔ جیسا کہ ہم نے ساعت نامہ میں لکھا ہے۔ اس جگہ صرف دنوں کے مختلف نام ان کے خواص اور نیک و بد اوقات کا مفصل بیان کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین آسانی سے ذہن نشین کر لیں۔ جدول اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔

# مختصر جدول ایام سبعہ

| مشہور نام | | فارسی | ہندی | سیارہ | سعد و نحس | اس کی ساعت میں کیا تعویذ لکھنے چاہئیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہفتہ | سنیچر | شنبہ | سنیچر | زحل | نحس اکبر | بلا کی دافع عداوت کیلئے تعویذ لکھنے چاہئیں |
| اتوار | اتوار | یکشنبہ | سورج | شمس | نیم سعد | محبت و شفاء امراض و زبان بندی وغیرہ کے لئے |
| سوموار | سوموار | دوشنبہ | چندرماں | قمر | سعد اصغر | محبت و اخلاص اور شفاء امراض کے لئے |
| منگل | منگل | سہ شنبہ | منگل | مریخ | نحس اصغر | بلا کی دشمن اور عداوت کے لئے |
| بدھ | بدھ | چہار شنبہ | بدھ | عطارد | نیم سعد | محبت و اخلاص بند کی زبان بندی ترقی نیکی کیلئے |
| دیر | بیر | پنج شنبہ | برہسپت | مشتری | سعد اکبر | محبت و شفاء امراض ترقی رزق اور حاجت کیلئے |
| جمعہ | شکر | جمعہ | شکر | زہرہ | سعد اوسط | محبت خطاب بندی و زبان بندی وغیرہ کے لئے |

## اقسام تعویذات

عاملان عملیات کہتے ہیں کہ تعویذ چار قسم کے ہوتے ہیں۔

آتشی۔ بادی۔ آبی۔ خاکی۔

آتشی وہ تعویذ ہیں جو فتوحات اور خواب مبارک و تسخیر سند ی

اور دبان بندی وغیرہ کے واسطے کاغذ یا کوری ٹھیکری خواہ ہرن کے چمڑے یا چینی کے ٹکڑے پر لکھ کر آگ میں ڈالا جائے۔ یا چولہے کے نزدیک دبائیں۔

**بادی۔** تعویذ وہ ہوتا ہے۔ جو محبت والفت اور زبان بندی کے لئے لکھ کر کسی اونچی جگہ یا درخت پر لٹکا دیا جائے۔ جو ہوا لگنے سے ہلتا رہے۔

**آبی۔** تعویذ آبی وہ ہے۔ جو تبدیلی کاروبار آبی اور تسخیر وغیرہ کے لئے لکھ کر کسی گہری جگہ پانی یا دریا خواہ تالاب وکھیر وغیرہ میں ڈال دیا جائے۔

**خاکی۔** تعویذ اس کو کہتے ہیں۔ جو ہلاکی دشمن وعداوت اور بغض کے واسطے لکھ کر چھت یا پہاڑ کے نیچے یا چوراہ یا راستہ خواہ قبرستان وغیرہ میں دبایا جائے۔

## تعویذ لکھنا

جس وقت عامل تعویذ لکھنے لگے۔ تو اسی ساعت میں قلم بنا دے۔ اور خواب بندی وزبان بندی کے تعویذ عطارد کی ساعت میں اور تیغ بندی کی ساعت مریخ میں اور ہلاکی دشمن وجدائی کے ساعت زحل میں اور محبت والفت کے ساعت قمر یا مشتری میں کشائش و حصول دولت کے لئے ساعت زہرہ میں لکھے۔ اور صبح کے وقت میں تعویذ محبت وحصول رزق کے اور وقت نیم چاشت تعویذ شفا و امن النظر اور وقت تعویذ عداوت ظہر وعصر کے درمیان لکھے

تعویذ زبان بندی کے اور وقت نماز عشاء تعویذ خواب بندی
وغیرہ کے لکھنے چاہیئے۔
عامل کے واسطے نہایت ضروری ہے۔ کہ جملہ تعویذات کو نہا
دھو کر اور پاک صاف ہو کر باوضو لکھے۔ اور لکھنے سے پہلے
کوئی پاکیزہ خوشبو اپنے بدن پر لگائے۔ اور یا حافظ یا حفیظ یا
رقیب یا وکیل پڑھ کر تمام جسم پر دم کرے۔ پھر اول بسم اللہ
کے ۷۸۶ عدد لکھ کر تعویذ شروع کرے۔ اور لکھتے وقت کسی سے
ہرگز نہ بولے۔ اور ناپاک عورت وغیرہ محرم آدمی کے سایہ کا
ضرور خیال رکھے۔ کیونکہ یہ بہت حساس ہوتے ہیں۔
آتشی تعویذ لکھنا ہو۔ تو لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف کر کے
زانو پر چڑھ کے یا تنور کے قریب بیٹھنا چاہیئے۔
بادی تعویذ جب لکھنا منظور ہو۔ تو مغرب کی طرف منہ کر کے
اونچے مکان ہوادار بیٹھ کر لکھنا چاہیئے۔ اگر جس کے واسطے
یہ تعویذ لکھا جا رہا ہے۔ اس کے نام میں یہ حروف آتے ہیں۔
ا ب ج د و ز ہ ک ن ص ط
آبی تعویذ لکھنا ہو۔ تو منہ شمال کی طرف کر کے دریا خواہ
تالاب کے کنارے پر بیٹھ کر لکھیں۔ اگر کچھ حصہ بدن کا پانی
میں ڈوبا ہو تو بہتر ہوتا ہے۔
خاکی تعویذ لکھنا ہو۔ تو خوشبو مثل عود جلائیں۔ اور منہ
جنوب کی طرف کریں۔ اور خالی مکان میں ایک زانو کے زمین
پر بیٹھ کر لکھیں۔

عاملان عملیات نے تعویذ لکھنے اور ان کے خانے پر کرنے کے بہت طریقے بیان کئے ہیں۔ یہاں تعویذ بنا کر لکھنے اور خانے بھرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ اس لئے تعویذات جو اس کتاب میں لکھے جائیں گے۔ ان کے لکھنے یا پر کرنے کا مختصر طریقہ یہ ہے۔ کہ پہلے خانے بنائیں۔ بعد اس کے جو ہندسہ سب سے چھوٹا ہو۔ اس کو لکھیں۔ پھر اس سے بڑا ہندسہ اسی طرح تمام ہندسے ترتیب وار لکھ کر نقش کو پورا کریں۔ مثلاً۔ تعویذ کے نو خانے اور نو ہندسے ہیں۔ تو پہلے ایک پھر دو تین کو اسی طرح نو تک اپنے اپنے خانے میں لکھیں۔ مگر ہر ایک تعویذ کے خانے جو استادوں نے مقرر کئے ہیں۔ ان کو ادھر ادھر نہیں کرنا چاہیئے۔ مثال کے لئے تعویذ یہ ہے۔

| ۶ | ۱ | ۸ |
|---|---|---|
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |



اگر کسی تعویذ کے ہندسے زیادہ اور بے ترتیب ہوں۔ تو وہ بھی اسی طرح لکھنے چاہیئے۔ مثلاً نیچے دیئے ہوئے تعویذ کے ہندسے زیادہ اور کم دیئے ہیں۔ تو مذکورہ بالا ترکیب کے ساتھ اس کو بھی لکھنا چاہیئے۔ ترتیب وار اور ہر ایک خانہ کے لحاظ سے۔

| ۹ | ۱۲ | ۱۵ | ۱ |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۲ | ۸ | ۱۳ |
| ۳ | ۱۷ | ۱۰ | ۷ |
| ۱۱ | ۶ | ۴ | ۱۶ |

تعویذات آتشی بادی آبی اور خاکی ان چاروں کے خانے
اور ہندسے تو ایک ہی ہوتے ہیں۔ مگر ان کے لکھنے کا وقت
اور پُر کرنے کا طریقہ الگ الگ ہوتا ہے۔

آتشی

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

بادی

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۳ | ۸ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۲ | ۷ | ۶ |

آبی

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |

خاکی

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

عامل کو چاہیے کہ تعویذ لکھتے وقت ان باتوں کا ضرور
خیال رکھے۔ تاکہ کسی قسم کی رجعت نہ ہو۔ تعویذ اگر محبت کے
واسطے لکھنا ہو تو عروج ماہ میں مشک اور زعفران سے داہنی
طرف کاغذ رکھ کر منہ طرف خانہ مطلوب کو کے اس کا تصور دل
میں باندھے۔ بلکہ سامنے موجود جان کر لکھے۔ اور مٹھائی وغیرہ منہ
میں رکھے رہے۔ یاد رہے کہ تعویذ محبت حرام کے واسطے ہرگز نہیں لکھنا چاہیے
ورنہ فائدہ ہرگز نہیں ہوگا۔ اگر یہ منظور ہو۔ کہ مرد عورت سے محبت
کرے تو پہلے عورت کا نام اور پھر مرد کا نام لکھیں۔ اگر عورت
مرد کو چاہتی ہو تو پہلے مرد کا نام اور پیچھے عورت
کا نام لکھنا چاہیے۔

اگر تعویذ رفع امراض و دفع جادو کے لئے لکھتا ہو۔ تو نہایت خوشی
لکھیں۔
اگر بغض و عداوت کے واسطے لکھنے کی نوبت ہو۔ تو پہلے کاغذ بائیں
ران پر رکھے۔ پھر کوئی چیز ترش یا کڑوی منہ میں رکھ کر تیل میں قدرے
سرکہ ملا کر اور نئی قلم سے آخر مہینہ میں لکھے۔
اور ہینگ جلا دے۔ تو بہت جلد فائدہ ہوگا۔ اگر زبان بندی
تیغ بندی و خواب بندی کے واسطے تعویذ بنانا ہو۔ تو
تھوڑا موم منہ میں رکھ کر زبان کو دانتوں میں دبا لے۔
جب تعویذ لکھا جائے۔ تو منہ کھول کر الحمد للہ کہے۔ زبان
بندی کا تعویذ شنگرف سے۔ اور خواب بندی، تیغ بندی
کا سیاہی سے لکھنا چاہیے۔



# عملیات و تعویذات

کوئی آیت یا اسم مقرر خواہ بلا تعداد مدت معین یا ہمیشہ کے
لئے۔ ہر روز بلا ناغہ پڑھنے کو عمل اور ہندی میں منتر اور عام
لوگ ورد کہتے ہیں۔ اور کسی لفظ یا نام کے بحساب ابجد عدد نکال کر عملیات
کے مطابق الگ الگ خانوں میں لکھے جائیں۔ تو اس کو تعویذ
[illegible] اور اکثر لوگ گنڈہ کہتے ہیں۔ اب ان سب
[illegible] تفصیل بیان کیا جاتا ہے۔

# جدول

## جدول اسمائے باری تعالیٰ

یہ جدول اسمائے الحسنیٰ کے نام باری تعالیٰ ہیں جو حروف ابجد کے مطابق ہیں۔ ہر ایک کی بروز ... فرمائے دن خصوصیت وغیرہ پر پیر گشت وغیرہ ان کو پڑھیگا ... اور قلب کے اندر ... لگا اور جسم آفت و بلیات سے محفوظ رہیگا۔ الغرض تمام مشکلات و جملہ حاجات کے لیے پڑھنا مفید ہے۔

| نمبر شمار | حروف ابجد | اسماء الحسنیٰ | اعداد | معنے | خاصیت | تعداد ورد | تاثیر | طبع | بخور | برج | سیارہ | منازل | جن | موکل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | الف | اللّٰہُ | ۶۶ | خدا | جلالی | ۱۰۰۰ | مودت | گرم | عنبر | حمل | زحل | شرطین | [illegible] | اسرافیل |
| ۲ | ب | بَارِیُ | ۲۱۳ | پیدا کرنے والا | جمالی | ۱۰۰۰ | محبت | رطب | شکر | جوزا | مشتری | بطین | [illegible] | جبرائیل |
| ۳ | ج | جَامِعُ | ۱۱۴ | اکٹھا کرنیوالا | مشترک | ۷۰ | محبت | بالیں | دارچینی | سرطان | مریخ | ثریا | [illegible] | کلکائیل |
| ۴ | د | دُیَّانُ | ۶۵ | حساب کرنیوالا | جلالی | ۲۰ | عداوت | گرم | صندل سرخ | ثور | شمس | دبران | [illegible] | دردائیل |
| ۵ | ہ | ہَادِیُ | ۲۰ | راہ دکھانیوالا | جمالی | ۱۰۰ | محبت | گرم | صندل سفید | حمل | زہرہ | ہقعہ | [illegible] | دوریائیل |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | و | وَدُودُ | ۴۶ | دوست دار | جمالی | ۲۰ | محبت | رطب | کافور | جوزا | عطارد | ہنعہ | پرورش | رفتائیل |
| ۷ | ز | زَکِیُّ | ۳۷ | پاک کرنے والا | مشترک | ۷۱ | محبت | خشک | شہد | سرطان | قمر | ذراع | کاویش | سرتائیل |
| ۸ | ح | حَقُّ | ۱۰۸ | سزاوار خداوندی | مشترک | ۳۰۰ | بغض | تر | زعفران | جدی | زحل | نثرہ | عبرتش | تنکفیل |
| ۹ | ط | طَاهِرُ | ۲۱۵ | پاک کرنے والا | جلالی | ۷۲ | عقد شہوت | گرم | مشک | مشتری | حمل | طرفہ | بدیوش | اسمائیل |
| ۱۰ | ی | یٰسِینُ | ۱۳۰ | بزرگ | جمالی | ۱۰۰۰ | فتح زحل | تر | گل سرخ | میزان | مریخ | جبہہ | شہیرش | سرکیطائیل |
| ۱۱ | ک | کَافِیُّ | ۱۱۱ | کفایت کرنے والا | جمالی | ۲۰۰ | محبت | خشک | گل سفید | عقرب | شمس | زبرہ | تدبیرش | حردزائیل |
| ۱۲ | ل | لَطِیفُ | ۱۲۹ | باریک بین | جمالی | ۷۲ | جدائی | سرد | لوبت | ثور | زہرہ | صرفہ | مدیوش | طاطائیل |
| ۱۳ | م | مَلِکُ | ۹۰ | بادشاہ حقیقی | جلالی | | محبت | گرم | آبی | اسد | عطارد | عوا | مجیبش | ردیائیل |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | ن | نُوْرٌ | ۲۵۶ | روشن کرنیوالا | جمالی | ۷۲ | بنفش | تر | سنبل | میزان | قمر | سماک | ملیوش | حولائیل |
| ۵ | س | سَمِیْعٌ | ۱۸۰ | سننے والا | مشترک | ۵۰۰ | عقد شہوت | خشک | خوشبو مرکب | ترس | زحل | فقر | فیروش | ہراکیل |
| ۶ | ع | عَلِیٌّ | ۱۱۰ | بلندمرتبہ | جلالی | ۲۰۰ | دوستی | سرد | سفید ترنج | سنبلہ | مشتری | زبانا | خنیدوش | لومائیل |
| ۷ | ف | فَتَّاحٌ | ۴۸۹ | کھولنے والا | جمالی | ۷۲ | مدارات | گرم | جوز | اسد | مریخ | اکلیل | یعطیوش | سرحمائیل |
| ۸ | ص | صَمَدٌ | ۱۳۴ | بے پرواہ | جلالی | ۲۰۰ | الفت | تر | جاوتربکا | میزان | شمس | قلب | قلانیوش | اہجیائیل |
| ۹ | ق | قَادِرٌ | ۳۰۵ | قدرت والا | مشترک | ۳۰۰ | عقد شہوت | خشک | ترنج | حوت | زہرہ | نعم | شمیروش | عطرائیل |
| ۲۰ | ر | رَبٌّ | ۲۰۲ | پروردگار | جلالی | ۷۲ | مودت | سرد | گلاب | سنبلہ | عطارد | نعائم | رمیوش | امراکیل |
| ۲۱ | ش | شَفِیْعٌ | ۴۶۰ | شفاعت کرنیوالا | جلالی | ۲۰۰ | ہدایت | گرم | مرود سفید | عقرب | قمر | بلدہ | نیوش | ہمرائیل |

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | ت | تَوّابُ | ۴۰۹ | توبہ قبول کرنیوالا | جمالی | ۳۰۰ | موقتم | تر | عنبر | دلو | زحل | سعد ذابح | عطیوسش | عزرائیل |
| ۲۳ | ث | ثابِتُ | ۹۰۳ | قائم رہنیوالا | جلالی | ۴۰۰ | بغض | خشک | عود سفید | حوت | مشتری | سعد بلع | طمیوسش | میکائیل |
| ۲۴ | خ | خالِقُ | ۷۳۱ | پیدا کرنیوالا | مشترک | ۷۰۰ | محبت | سرد | بنفشہ | جدی | مریخ | سعد السعود | دالالیوسش | مہکائیل |
| ۲۵ | ذ | ذاکِرُ | ۹۲۱ | یاد کرنیوالا | مشترک | ۷۹ | بغض | گرم | ریحان | قوس | شمس | سعد الاخبیہ | ملکائیوسش | اسرائیل |
| ۲۶ | ض | ضارُّ | ۱۰۰۱ | ضرر پہنچانیوالا | جلالی | ۷۲ | بغض | گرم | گلِ ارغوان | دلو | زہرہ | مقدم | خایوسش | عطکائیل |
| ۲۷ | ظ | ظاہِرُ | ۱۱۰۶ | آشکارا یا ظاہر | جلالی | ۲۵ | عداوت | خشک | گل نسرین | حت | عطارد | مؤخر | عفویوسش | نوزمائیل |
| ۲۸ | غ | غفورُ | ۱۲۸۶ | بہت بخشنے والا | جمالی | ۳۰ | صحت امراض | خشک | لونگ | حوت | قمر | دسا | عرقیوسش | لوفائیل |

فائدہ:۔ جب کسی اسم شریف کو پڑھنا یا لکھنا ہو۔ تو حرف یا اس کے ساتھ ضرور ملایا کریں۔ مثلاً یا غفور یا باقی وغیرہ۔

# قضائے حاجات

عاملان عملیات و کاملان تعویذات کے واسطے قضائے حاجت و حل مشکلات و حصول مطالبات اور دافع مہمات کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ اور عمل تحریر فرماتے ہیں۔

(۱)

جو شخص قضائے حاجات اور حصول مطلب کے واسطے یہ عمل یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ سُبحٰنَکَ اِنّی کُنتُ مِنَ الظّٰلِمِین ہر روز بلا ناغہ چالیس دن عشاء کے وقت ستر بار پڑھے اور بعد ہر ظالمین کے اپنا مطلب ظاہر کرے۔ انشاء اللہ چند کے اندر فائدہ ہوگا۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔

(۲)

حضرت مشائخ فرماتے ہیں کہ بدیع العجائب بالخیر یا بدیع بارہ سو مرتبہ بارہ روز تک پاکیزہ بستر پر بیٹھ کر پڑھنا اور اسی جگہ پر سو جانا۔ مگر پڑھنے سے پہلے ہر روز اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرنا حصول مدعا اور حاجت روائی کے واسطے مجرب ہے۔

(۳)

یہ نقش سورہ فاتحہ کا واسطے جمیع حاجات و حصول مدعا اور شفاء امراض کے لئے مفید ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۴۲ | ۵۵۳۵ | ۵۵۴۸ | ۵۵۳۰ |
| ۵۵۳۲ | ۵۵۳۶ | ۵۵۴۱ | ۵۵۴۶ |
| ۵۵۳۷ | ۵۵۵۰ | ۵۵۴۳ | ۵۵۴۰ |
| ۵۵۴۴ | ۵۵۳۹ | ۵۵۳۸ | ۵۵۴۹ |

اکتالیس دن تک ۲۳۲ نقش ہر روز لکھ کر آٹے میں گولیاں بنائیں۔ اور دریا میں ڈال دیا کریں۔ شفاء امراض کے لئے کاغذ یا چینی کی پیالی میں لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔

(۴۸)

یہ نقش جملہ حاجات اور مشکلات کے لئے بیحد مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

بیس دن تک ہر روز چوبیس نقش لکھیں۔ اور آٹے میں سب الگ الگ گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ مگر عروج ماہ میں لکھنا شروع کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔

(۵۰)

یہ نقش تعاقب تمام مہمات و دافع

مہمات کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھنا مفید ہے۔ مگر عروج ماہ اور ساعت شمس میں لکھیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۳ | ۲۵۸ | ۲۶۵ |
| ۲۲۴ | ۲۶۲ | ۲۶۰ |
| ۲۵۹ | ۲۶۶ | ۲۶۱ |

(۴۹)

جو شخص عروج ماہ اور ساعت شمس میں اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اس کی تمام حاجتیں دین اور دنیا کی روا ہو جائیں گی۔ اور کوئی مصیبت پیش نہ آئے گی۔ اگر مشکل بن جائے تو انشاء اللہ اس سے مکمل نجات ملے گی اور نظر بد، سایہ، جن، پری، داغ، جادو، لاعلاج امراض و دیگر جسمانی امراض کے لئے بحکم پروردگار بہت مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۵۶۱۴ | ۱۶۵۲۲۴ | ۱۶۵۲۲۵ | ۱۶۵۶۱۱ |
| ۱۶۵۶۱۳ | ۱۶۵۲۱۲ | ۱۶۵۶۱۷ | ۱۶۵۲۲۲ |
| ۱۶۵۶۱۸ | ۱۶۵۲۱۷ | ۱۶۵۶۱۹ | ۱۶۵۲۱۶ |
| ۱۶۵۶۱۴ | ۱۶۵۶۱۵ | ۱۶۵۶۱۴ | ۲۱۵۲۲۲ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۶ | ۸۰ | ۸۳ | ۶۹ |
| ۸۲ | ۷۰ | ۷۵ | ۸۱ |
| ۷۱ | ۸۵ | ۷۸ | ۷۴ |
| ۷۹ | ۷۳ | ۷۲ | ۸۴ |

(۷)

شمس یا مشتری کی ساعت میں یہ تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھنا حصول مدعا اور کشائش رزق و عزت اور مرتبہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

# ترقی رزق

عاملان با کمال واسطے حصول دولت و مال و عزت و مرتبہ اور ترقی رزق و دفع تنگ دستی کے مندرجہ ذیل عملیات و تعویذات زہرہ کی ساعت میں اور وقت صبح لکھنے چاہیئے۔

(۱)

اللّٰہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز

اس آیت کو ایک ہزار ایک بار حضور قلب سے ہر روز بلا ناغہ پڑھنا کشائش رزق اور طلب جاہ و عزت کے لئے مفید ہے۔

(۲)

ماہ صفر بروز آخری چہار شنبہ شروع کرکے ہر مہینے چہار شنبہ کے دن دریا چڑھاؤ تا لب سے نہا کر ایک پہر تک پانی میں کھڑے ہو کر تراسی ۸۳ بار یا باسط پڑھنا ترقی رزق اور فتوحات کے واسطے نہایت مفید ہے۔

(۳)

جس کی دکان پر سودا کم بکتا ہو۔ ترقی تجارت کیلئے اس تعویذ معظم

کر لکھ کر دکان کے دروازہ پر لگائے
وانشاء اللہ خریدار غیب سے آوے
اور بکری بہت ہو ۔ اور خرید و
فروخت بہت ہو ۔

| ۷ | ۳ | ۴ | ۳ | ۵ | ۲ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | ۳ | ۲ | ۴ | ۵ | ۲ |
| ۲ | ۶ | ۲ | ۶ | ۲ | ۴ |
| ۲ | ۴ | ۶ | ۶ | ۵ | ۲ |
| ۱ | ۳ | ۷ | ۵ | ۲ | ۲ |
| ۷ | ۲ | ۳ | ۲ | ۲ | ۵ |
| ۵ | ۴ | ۳ | ۵ | ۴ | ۰ |

(۴)

دفع تنگ دستی و محتاجی اور کشائش
رزق کے واسطے یہ نقش کسی نیک
ساعت میں لکھ کر دیوار پر لگانا از حد
فائدہ مند ہے ۔

| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |

(۵)

کسی نیک ساعت میں اس تعویذ
کو لکھ کر جو شخص اپنے بازو پر
باندھے ۔ اس کا رزق وسیع ہو
جاتا ہے ۔ اور خلقت اس کی بڑی
عزت وحرمت کرتی ہے

۷۸۶

| ۹ ۶ | ۹ ۴ | ۹ ۵ |
|---|---|---|
| ۹ ۲ | ۹ ۹ | ۹ ۱ |
| ۹ ۷ | ۹ ۸ | ۹ ۳ |

(۶)

یہ نقش نہایت عجیب الخاصیت
تاثیر میں اکثر فوائد میں بے نظیر ہے جو
شخص لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔ وہ ہر کام
میں کامیاب ہو ۔ اور وسعت رزق
دفع تنگدستی و محتاجی و حصول عزت
و مرتبہ کے لیے مفید ہے اور پاس
رکھنے والا جمیع آفات و بلیات و جادو
و سایہ جنات وغیرہ سے محفوظ رہے
گا ۔ سات روز پانی میں گھول کر ہر
غرض کے وا[illegible] پلایا جاوے

انشاء اللہ شافی مطلق اس بیمار کو شفا عطا کر دیتا ہے

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اللہ محمد فاطمہ حسن | ۲۹/۹۹۱۹۴۲۵ | ۱۹/۸۹۷ | ۱۲/۷۲۹۳ | حسین علی |
| ۱۴/۹۰۰ | ۸/۷۲۹۱ | ۲/۴۴۰۲ | ۲۹/۴۹۸ | ۳۰/۴۱۹۱۹۴۲۲ |
| ۲۳/۲۳۰۷ | ۱۶/۴۵۶ | ۱۵/۴۲۶۲۹۹۱۹ | ۹/۸۰۵ | ۳/۷۲۸۹ |
| ۱۵/۴۶۴۱۹۹۱۴ | ۴/۸۹۶ | ۲۳/۴۷۹۶ | ۱۸/۱۳۰۵ | ۱۱/۴۵۹ |
| موسیٰ کاظم علی رضا محمد ۲۷۹ | ۱۲/۱۳۰۸ | ۶/۴۵۷ | ۵/۲۳۴۱۹۹۱۹۴ | علی عسکری محمد مہدی ۵۵ |



(۷)

کسی نیک ساعت میں یہ تعویذ لکھ کر جو شخص اپنے بازو پر باندھے تو اس کے تمام مطلب پورے ہو جائیں گے۔ اور وہ کسی آفت ناگہانی میں گرفتار نہیں ہوتا۔ بلکہ تمام بلیات سے محفوظ رہتا ہے تنگ دستی رفع ہو کر اس غیب سے روزی ملتی ہے ظالم حاکم کے سامنے جائے۔ تو وہ اس پر مہربان ہوتا جاتا ہے مریض کے گلے میں بندھوایا جائے۔ خواہ پانی میں گھول کر پلایا جائے تو شافی مطلق اپنے فضل و کرم سے شفا عطا کر دیتا ہے تعویذ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

| ٤٨٦ | | | |
|---|---|---|---|
| محیط ٦٧ | مالک ذو نار ١٠٥ | لمحسن جستان ٢٨٦ | بردا رزاق ٣٢٨ |
| بسم اجن ١٠٢ | انس دکیل ٦٦ | صدالصدق الرحمن ٣٢٦ | الرحیم واحد نرم ٢٨٩ |
| سمیع علیم ٣٣٠ | بدی بلکر ٨٨ | دلی مجید ١٠٣ | حی دالی ٦٥ |
| غفر سلام ٢٨٧ | ناظر اول ٣٢٧ | اللہ عجیب ٦٨ | جواد ملک ١٢ |

# حُب

عاملان کاملات دما بہ سوان مجربات جو عملیات و تعویذات و طلسمات
حُب کے فرماتے ہیں، وہ ناظرین کے واسطے نہایت مختصر اس کتاب دُرِ نایاب
میں مفصل بیان کئے جاتے ہیں، اور تعویذات محبت ہمیشہ وقت صبح اور مشتری یا
زہرہ [illegible] کے پہلے عشرہ میں کوئی میٹھی چیز منہ میں رکھ کر مشک اور زعفران سے لکھے
[illegible]

موجود ہے۔ مگر حرام کے واسطے ہرگز نہ لکھے۔ ورنہ گنہگار ہوگا۔ اگر مرد محبت پر فریفتہ کرنا ہو تو عورت کا نام مرد سے پہلے لکھیں۔ اگر عورت کا مرد پر عاشق کرنا منظور ہو تو پہلے مرد کا نام اور بعد میں عورت کا نام لکھنا چاہیئے۔

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ اور فرقان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

جو شخص کسی کو اپنا عاشق اور دلوانہ بنانا چاہے۔ تو جمعرات عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کر کے چالیس بار چالیس روز بلا ناغہ پڑھے اور محبوب کا تصور دل میں ایسا باندھے جیسا کہ سامنے کھڑا معلوم ہو۔ انشاء اللہ بہت جلد مطلب حاصل ہوگا۔ بشرطیکہ حرام کی نیت نہ ہو [illegible] ورنہ عمل خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے

(۲)

جو کوئی چالیس دن تک بعد نماز پنجگانہ ہر روز بلا ناغہ سورۃ یٰسین کو ایک بار ایک دانہ مرچ سفید پر پڑھ کر جلایا کرے گا مطلوب سو کوس پر کبھی ہو بہت جلد حاضر ہوگا نہایت مفید و قوی الاثر ہے

(۳)

سعد وقت میں اس طلسم کو لکھ کر مطلوب کے گھر کی طرف مشرق لٹکائے کہ ہوا سے ہلتا رہے مطلوب حاضر ہوگا

۸۱۱۲۶۹۲۹۱۱۱۱ ۔۔۔۔

ھ للللل ۹۹۹

۹۹۹ لا V

(۴)

جو کوئی اس تعویذ کو سعد وقت میں لکھ

کر اپنے پاس رکھے کا جس شخص کے پاس جائے گا۔ وہ اس کی بڑی عزت کریگا اور ہر ایک دل میں اس کی محبت و تعظیمت ہو گی

| ٢٣ | ٢٦ | ٢٩ | ١٦ |
|---|---|---|---|
| ٢٨ | ١٧ | ٢٢ | ٢٧ |
| ١٨ | ٣١ | ٢٤ | ٢١ |
| ٢٥ | ٢٠ | ١٩ | ٣٠ |

نام طالب مطلوب

(۵)

یہ تعویذ لکھ کر مطلوب کے گھر میں دبایا جائے۔ تو اس کے دل میں کمال محبت پیدا ہو جائے گی

| ١٤ | ١١ | ٤ | ١٧ |
|---|---|---|---|
| ٥ | ٢ | ٥ | ٢٠ |
| ١ | ٦ | ٩ | ١٢ |
| ٨ | ١٣ | ١٨ | ٧ |

نام طالب و مطلوب

(۶)

مجرب

سعد وقت میں یہ نقش لکھ کر

کی فتیلہ یعنی بتی بنائیں۔ اور تلوں کا تیل چراغ میں ڈالیں۔ اور اس میں رکھ کر جلائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد مطلوب حاضر ہوگا۔

| ١١ | ٨ | ١ | ١٤ |
|---|---|---|---|
| ٢ | ١٣ | ١٢ | ٧ |
| ١٦ | ٣ | ٦ | ٩ |
| ٥ | ١٠ | ١٥ | ٤ |

نام طالب و مطلوب

اس نقش کو لکھ کر فتیلہ و بتی بنائیں اور نئے کورے چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر اس میں رکھیں۔ خانہ مطلوب کو سامنا کر کے جلائیں۔ جب وہ گل ہو جائے، تو تھوڑی مٹھائی پر فاتحہ پڑھیں۔ اور ثواب اس کا حضرت پیران پیر محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی حضرت میر ابو محی الدین شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ اور حضرت شاہ محمد عبد الواحد اور شاہ محمد عبد الصمد

کی روحوں کو بخش کر تقسیم کرے
نوروز اگر ہفتہ کو ہو۔ تو اس سال میں خسرہ چیچک و دیگر امراض اور غلبہ گندم۔ جو۔ تل۔ اور زمینی کیڑے سانپ بچھو وغیرہ بکثرت پیدا ہوں۔ مگر روئی کی پیداوار کم ہوگی بزرگوں و دیگر دنیاداروں کے کاروبار اچھے رہیں گے۔ بارش بہت ہوگی۔ دریاؤں میں پانی بے اندازہ آئیں گے۔ کسی بلائے آسمانی کی وجہ فصل کا اکثر نقصان ہوگا۔ بادشاہوں اور ملک ہندوستان کے واسطے یہ سال اچھا نہیں ہوتا۔ عورتیں اور بچے اکثر مریں گے۔ سردی بہت اور اکثر بے موسم پڑے گی۔ اس سال میں جتنے بچے پیدا ہوں۔ وہ خوبصورت اور صاحب نصیب ہوں گے۔

## اتوار

نوروز اگر اتوار کے دن واقع ہو۔ تو یہ سال بادشاہوں کے لئے نہایت مفید اور اس میں گندم۔ جو و دیگر اجناس کی پیداوار

بکثرت ہوگی۔ مگر فصل پر کوئی آفت ضرور آئے گی۔ اور روئی کا بھاؤ اکثر گراں رہے گا۔ بیماری زیادہ ہونے کی وجہ سے واردائیں بہت ہونگی۔ اور سردی کم رہیگی۔

## سوموار

نوروز اگر بروز سوموار واقع ہو۔ تو اس سال میں اجناس کا بھاؤ اکثر سستا رہے۔ اور سردی بہت پڑیگی۔ مکھی اور کیڑے و دیگر حشرات الارض بکثرت پیدا ہوں گے۔ بادشاہوں کی ترقی دولت اور عزت واقبال کے واسطے یہ سال نہایت اچھا ہے۔ دنیاداروں کے جو مشکل کام ہوں۔ وہ بھی آسان ہوں گے بعض بعض مقامات میں بیماری کی شکائیت رہیگی۔

## منگل وار

نوروز اگر منگل وار ہو۔ تو اس سال کی تاثیر اچھی نہیں مرد عورتوں کی آپس میں بے اتفاقی اور عداوت رہے۔ اور کوئی بلائے آسمانی نازل ہونے سے فصل کی حالت خراب ہو جائیگی۔ اور گرمی زیادہ پڑے گی۔ بادشاہوں کا آپس میں لڑائی فساد اور جھگڑا شروع ہوگا۔ اور کسی امیر مشرقی کی موت آئیگی بارش بہت اور سردی بکثرت ہوگی۔ میوہ جات کم ہوں گے قتل اور خونریزی کی وارداتیں اکثر ہوا کریں گی۔ عام لوگوں کے واسطے یہ سال اچھا ہے۔ مگر اجناس کا بھاؤ گرانی پر رہیگا۔

# بدھ وار

نوروز عالم افروز اگر بروز بدھ آیا ہے۔ تو اس سال میں قتل و خونریزی کی وارداتیں عام ہوں گی۔ غلہ گندم۔ جو و دیگر اجناس بہت پیدا ہوں۔ مگر بھاؤ گراں رہے گا۔ سوزاک اور سنگ مثانہ وغیرہ امراض میں گرفتار ہو کر بیمار اکثر مریں گے۔ اور مرض خناک اور درد گلو کی عام شکایت ہوگی۔ لوگوں کے سب کاروبار بند رہینگے۔ تنگی اور قحط سالی بڑھ جائے گی۔ انصاف دگو اور بے انصافی کا ظہور ہوگا حسد اور کینہ ہر ایک کے دلوں میں بڑھ جائیں گے۔ امیر لوگ اکثر موت کا شکار ہوں گے۔ برسات بے وقت برسے گی۔ ادنے آدمی بڑے لوگوں سے مخالفت کریں گے۔ ہوا ایسی گرم اور تیز چلے جس سے بیماریاں پیدا ہوں۔ اور پختہ ہونے پر قدرے فصل کا نقصان ہوگا۔ اور میوہ جات خراب ہو جائیں گے۔ خشک سالی زیادہ رہیگی

# وِیر وار

جس سال کا نوروز وِیر دار کے دن ہو۔ تو وہ علماء، فضلاء، غرباء، فقراء، صنحاء، درویشوں کے لئے نہایت مفید ہوتا ہے۔ کیونکہ دولت مند لوگ اس میں بہت خیرات کرتے ہیں بادشاہوں کے واسطے خوشی اور کامیابی کا سال ہے۔ تجارت پیشہ لوگوں کو خاطر خواہ فایدہ ہوگا۔ جواہرات کے خریدار بہت نفع اٹھائیں گے

# جمعہ

جمعہ کے دن نوروز عالم افروز اگر واقع ہو۔ تو یہ سال مردمان زمانہ کے واسطے نہایت اچھا اور مبارک بلکہ صوفیائے کرام و عابدوں اور چوسر و شطرنج بازوں کے لئے زیادہ مفید ہے اس میں ہوا نیز اور گرمی بہت ہو۔ جس کی وجہ امراض پیدا ہوں۔ اور موت کا بازار گرم رہے۔

# سال ہجری

سال ہجری کے تمام نیک و بد حالات از روئے نجوم معلوم کرنے کے واسطے نوشیرواں کے وزیر بزرجمہر نے یہ علم لیقد لکھا ہے

**علامات۔** درد سر۔ تمام بدن گرم ہونا۔ دن رات بے چین و بے قرار رہنا۔ منہ زرد اور آنکھیں سرخ ہونا کسی سے بات چیت نہ کرنا خواب میں ڈرنا۔

**رات۔** یکشنبہ یعنی اتوار کی رات کو بسبب کالی پری کا کسی دیو کے سایہ سے بیمار ہوا۔

**علامات۔** بدن سست ہونا۔ خواب میں کسی آدمی کو دیکھ کر ڈرنا۔ بات چیت نہ کرنا۔

**صدقہ۔** زرد رنگ۔ سوا گز کپڑا۔ زرد چاول اور تھوڑی ہلدی کسی غریب محتاج کو خیرات دیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی!

# سال ہجری

سال ہجری کے تمام نیک و بد حالات از روئے نجوم معلوم کرنے کے واسطے نوشیرواں کے بزرجمہر نے یہ طریقہ بھی لکھا ہے کہ جس دن غرہ محرم الحرام یعنے ماہ محرم کا پہلا روز ہو۔ تو اس کے فعل اور تاثیر سے تمام سال کی ماہیت دریافت ہو سکتی ہے جس کا ہم مفصل بیان کرتے ہیں اور واضح ہو کہ ہجری سال ہمیشہ پہلی تاریخ محرم کو شروع ہوتا ہے۔ اور شنبہ (ہفتہ) یکشنبہ (اتوار) دوشنبہ (سوموار) سہ شنبہ (منگل) چہارم شنبہ (بدھوار) پنج شنبہ (جمعرات) جمعہ یہ سات دن شمار کئے ہیں

## شنبہ



غرہ محرم اگر بروز شنبہ واقع ہو۔ تو اس دن کا بادشاہ سیارہ زحل جس کا برج دلو ہے۔ کاملان علوم و ماہران علم نجوم اس کو نحس کر لکھتے ہیں اس کی نحوست کے باعث دنیا میں فتنہ و فساد برپا ہو گا۔ اور بادشاہوں کی آپس میں لڑائی رہے گی۔ عرب کا حاکم بہت ترقی کرے گا۔ نیک لوگ پریشان رہیں گے۔ اور بزرگ آدمی اکثر مریں گے۔ رعیت خراب ہو جائے گی۔ سوداگروں کو تجارت سے نفع نہیں ہو گا سردی خوب زور سے پڑے گی۔ آخیر سال پر بارش بہت برسے گی ہوا مخالف عام لوگوں اور بچوں کو تپ درد گلو درد سینہ درد چشم و دیگر امراض بکثرت ہوں گے بعض بعض پھل کسی آفت کے سبب سے خراب ہو جائیں گے۔ موت کا بازار گرم فقط سال تمام سورج

چاند کو گرہن زلزلہ اور کڑی وغیرہ بھی آئے گی چوپاؤں کے لیے اچھا نہیں۔

## یکشنبہ

غرہ محرم الحرام اگر بروز یکشنبہ واقع ہو۔ تو اس سال کا حاکم نیر اعظم یعنے خورشید اور برج اسد ہے۔ جس کو منجمین مشترک کہتے ہیں۔ اس سال میں فصل خوب غلہ ارزاں۔ بادشاہوں کے کام درست درختوں کو پھل کافی۔ چار پائے صحیح سلامت رہیں گے۔ بارش وقت پر کافی پھول گندم۔ تل۔ خربوزہ وغیرہ بکثرت ہوں گے۔ روئی کی پیداوار کم ہوگی۔ بکری، گائے و دیگر شیر دار جانور دودھ زیادہ دیں گے۔ عورتوں کو درد پستان۔ سردی کم۔ گرمی زیادہ ہوگی۔ حاکم الوقت اپنا جبر و تشدد ظاہر کریں گے۔ سورج کو گرہن لگے گا۔ اور بزرگ آدمی اکثر مریں گے۔۔

## دوشنبہ

غرہ محرم یعنے محرم کا چاند اگر دوشنبہ کو نظر آئے تو اس سال کا حکمران سیارہ قمر اور برج ثور ہوگا۔ جس کو اہل نجوم سعد اصغر شمار کرتے ہیں۔ اس کی تاثیر سالانہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ بادشاہوں کی آپس میں عداوت ہوگی۔ موت کا بازار گرم رہے۔ مرد سیاہ ریش سفید ہو جائیں گے۔ برسات بہت برسے گی۔ غلہ زیادہ نہ ہونے کی وجہ مہنگا اور میانہ مغرب کی طرف کوئی فتنہ نامراد اور شریر آدمی جیل خانوں میں جائیں گے۔ مسافر آرام سے سفر طے کریں گے

بیوپاریوں کو نقصان۔ سردی خوب گرمی درمیانہ۔ بکری گائے دیگر شیردار جانور دودھ زیادہ دیں گے۔ درختوں کا پھل بہت لگے۔ فصل خوب آندھی سے بڑے بڑے درخت جڑھ سے اکھڑ جائیں گے۔ بعض جگہ آگ سے نقصان ہوگا۔ زمین سرسبز نظر آئے گی۔ بیماری بہت پھیلے گی۔ چاند کو گرہن لگے گا۔ کیڑوں اور جانوروں کو خطرہ ہوگا۔ لوگ خوش رہیں گے۔

## سہ شنبہ

غرہ محرم یعنے چاند اگر سہ شنبہ کو دکھائی دے۔ تو اس دن کا برج حمل اور بادشاہ مریخ نحس اوسط جو دلالت کرتا ہے۔ کہ اس سال میں سردی زیادہ پڑے گی۔ تپ و آبلہ اور دیگر امراض بہت ہونگے اہل علم ترقی کریں گے۔ تمام سال بارش بے وقت ہوا کرے گی فصل کی حالت میانہ رہیگی۔ میوہ دار درخت پھل جائے گی بیوپاری لوگ تجارت سے فائدہ حاصل کریں گے۔ مپروں میں عداوت موت کا بازار گرم رہے گا۔ بے انصافی زیادہ ہو گی۔ چوپائے کثرت سے پیدا ہوں گے۔ اور مریں گے۔ شیردار حیوانات دودھ زیادہ دیں گے روئی وغیرہ کم ہو گی۔ غلام اپنے آقاؤں کا کہنا نہیں مانیں گے ادب لحاظ اُٹھ جائے گا۔ مخالف ہوا درختوں کو تباہ کرے گی۔ سورج چاند کو ایک مہینے میں گرہن لگے گا۔ کسی کام میں برکت نہ رہیگی۔ تجارت میں خرابی اور راستوں میں بدامنی پھیل جائے گی۔

# چہار شنبہ

غرہ محرم بروز چہار شنبہ اگر واقع ہو۔ تو اس سال کا بادشاہ سیارہ عطارد اور برج جوزا ہے۔ اس لئے گرمی اور سردی کا خوب زور ہوگا۔ ہوا کم چلے گی۔ کوئی فتنہ اُٹھے گا۔ ہندوستان خطرہ میں رہے گا۔ برسات بے موقعہ ہوا کرے گی۔ تمام لوگوں کے کاروبار میں خرابی پھیلے گی۔ گندم تل اور گنا گراں بھاؤ رہیں گے۔ جانوروں اور کیڑوں کو بیماری آئے گی۔ چہار پائے بکثرت مگر خطرہ سے خالی نہیں رہیں گے۔ امیر لوگ اکثر مریں گے۔ خلقت کی حالت پراگندہ اور ہر جگہ بدامنی ہو جائے گی۔ سوداگر بیوپار سے نقصان اٹھائیں گے۔ بکری گاؤ دیگر شیر دار حیوانات کا دودھ کم ہو جائے گا دولت مند بیمار اور غربا تندرست رہیں گے۔ مرگ مفاجات کی وارداتیں بہت ہونگی۔ خربوزہ بہت اور غلہ پیارا ہوگا۔ ملک کو بیماری سے نقصان پہنچے گا۔ چاند کو گرہن لگے گا۔ اور مکڑی بکثرت آئے گی۔

# پنج شنبہ

غرہ محرم اگر بروز پنج شنبہ ہو تو اس سال کا بادشاہ سیارہ مشتری سعد اکبر اور برج حوت ہے۔ اس لئے سردی خوب پڑے گی اور غلہ ارزاں رہے [illegible] گندم تل اور دیگر اجناس کے خریدار فائدہ حاصل کریں گے۔ بارش بہت ہوگی۔ ہندوستان پر تنگی آئے گی بادشاہوں اور

دنیاداروں کے کاروبار کی حالت اچھی رہے گی۔ درویش اور مالدار فایدہ میں رہینگے عورتوں کو درد پستان ہوا کرے گا۔ جانور خوش نظر آئیں گے۔ مگر خوف زدہ ہوں گے۔ زراعت پیشہ لوگ فصل بہت بوئیں گے۔ انگور خربوزہ بشمار پھلیں گے۔ بیوپاری تجارت سے فایدہ اٹھائیں گے۔ اس لئے ان کی دوران حکومت میں غلہ گندم و نخود و دیگر اجناس کے بھاؤ میں ارزانی ہوا کرے گی۔ مگر بعض اوقات مندا رہے گا۔ سونا چاندی وجواہرات اکثر تیز رہیں گے۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ۔ کا نرخ بھی تیز ہوگا۔ لوگوں کے آپس میں جھگڑے فساد ہوا کریں گے۔ موشکی وارداتیں بھی ظہور میں آئیں گی۔ بیوپاریوں کو فائدہ کم ہوا کرے گا۔ دودھ دہی کا بھاؤ ارزاں رہے گا۔ تل۔ نوریا۔ تارمیرا۔ السی۔ سرسوں اور گنا وغیرہ کی پیداوار اچھی رہے گی۔ پھلدار درختوں اور فصل کے لئے اچھا رہے ہوا کا چلنا اکثر تیزی میں ہوتا رہے گا۔ برسات بہت برسے گی بادشاہوں کے واسطے یہ سیارہ اچھا نہیں ہوتا۔ موسم سرما میں سردی خوب اور گرما میں گرمی درمیانہ پڑے گی۔ زمین پر سبزی بہت نظر آیا کریگی۔

## منگل وار

فارسی سہ شنبہ اس دن کا مالک سیارہ مریخ ہے۔ جو جلاد فلک حاکم اقلیم ترکستان بصورت مرد سپاہی ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے میں گلاب ... کمر میں کٹار باندھے۔ لباس سرخ پہلے کاندھے پر سرخ دوپٹہ سر پر یاقوت کی کلغی پاؤں میں سرخ پاپوش

ڈالے ہوئے بڑے شان و شوکت کے ساتھ حاکم الوقت بن کر آتا ہے اس لئے اس کے عہد حکومت میں غلہ گندم و نخود و جوار۔ مکی۔ باجرہ مونگ۔ موٹھ و دیگر اجناس خورد کا بھاؤ گرانی پر رہیگا۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ۔ شہد۔ سرخ مرچ۔ مسور۔ مال چندن۔ مجیٹھ۔ لاکھ۔ سرخ کپڑا نمک۔ تل۔ تیل۔ چاول۔ دودھ۔ دہی۔ سرسوں۔ لوبیا۔ ناریل۔ میرزا السی یہ سب گراں ہوتے رہیں گے۔ اور لکڑی کوئلہ۔ تمباکو۔ چمڑے کا سامان اور چارپائے گراں ہوں گے۔ سونا چاندی۔ تانبہ۔ قلعی وغیرہ دھاتیں شروع میں ارزاں۔ اخیر میں گراں ہو جایا کریں گی۔ افسام فصل کے لئے اچھا نہیں۔

**موسم**۔ عام لوگوں کی صحت اچھی رہے گی مگر چھوٹے بچے اکثر چیچک وغیرہ امراض میں گرفتار ہوتے رہیں گے بارش کم ہوا کرے گی۔ آسمان گرد آلود اور ابر محیط رہا کرے گا

## بدھ وار

فارسی چہار شنبہ اس دن کا مالک سیارہ عطارد جو خوبصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کچھ لکھتا ہے۔ مالک فلک دوم فیروزی رنگ ہوتا ہے۔ اس لئے جن مہینوں کا نوروز اس دن میں ہوگا۔ ان میں غلہ گندم و نخود۔ شکر کھانڈ روئی۔ السی۔ سونا چاندی وغیرہ کا بھاؤ شروع میں ارزاں اور اخیر میں گراں ہو جایا کرے گا۔ برسات بہت [illegible] ہوا کرے گی۔ جانوروں اور کبوتروں کو بیماری آتی رہے گی۔ سوداگروں

کو بیوپار سے نفع نہیں ہوا کرے گا۔ دودھ۔ دہی وغیرہ بھی اکثر گرانی پر رہینگے بعض بعض مقامات پر مرگ مفاجات اور بیماری کا شہرہ ہو گا۔ سرما اور گرما میں سردی اور گرمی کا خوب زور ہوتا رہے گا امیر لوگ اور چار پاؤں کے لئے خطرہ ہوا کرے گا۔

## ویر وار

فارسی پنج شنبہ اس دن کا مالک سیارہ مشتری خوبصورت مرد بوڑھا ہاتھ میں کتاب لئے ہوئے حاکم فلک ششم زرد رنگ ہوتا ہے۔ اس لئے اس دن کے مہینوں میں غلہ گندم ونخود کی شروع میں گرانی اور اخیر میں ارزانی ہو جایا کرے۔ اور جوار باجرہ مونگ موٹھ۔ ماش۔ مٹر کے بھاؤ میں کمی بیشی ہوتی رہے گی۔ گڑ۔ شکر کھانڈ۔ دودھ۔ روئی۔ کپاس۔ سن رسوت تل تیل۔ تارا میرا۔ السی سرسوں۔ تورِیا۔ سونا۔ تانبہ۔ سامان۔ پنساری اور اشیاء سرخ کپڑا سرخ مرچ۔ لال چندن۔ مجیٹھ۔ مسور۔ شہد وغیرہ گران ہوا کریں گے۔ چارہ لکڑی۔ کوئلہ۔ تمباکو۔ ارزاں رہیں گے۔ فصل کے لئے خراب ہے موسم۔ لوگوں کی صحت اچھی رہے گی۔ اور جانور و چوپائے اکثر مبتلائے مرض رہیں گے۔ چرندے پرندے بہت مریں گے موسم گرمی میں گرمی زیادہ پڑے گی۔ ہوا بہت تیز چلے گی۔ بلکہ آندھی آئے گی۔ بعض اوقات آسمان ابر محیط رہے گا۔ اور کبھی کبھی خفیف بارش بعض جگہ ہوا کرے گی۔

# جمعہ

ہندی شنکر۔ اس دن کا مالک ستیارہ زہرہ خوبصورت عورت ہاتھ میں باجہ مئے ہوئے حاکم فلک سوم سفید رنگ ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے دوران حکومت میں غلہ گندم اور نخود اور دھانیں سونا چاندی۔ جواہرات اور سرسوں تور یا تارامیرا۔ السی۔ روئی۔ کپاہ ان سب کا بھاؤ مندا رہے گا۔ اور گڑ شکر۔ کھانڈ۔ کچھ تیز ہوں گے۔ مگر گندم کا نرخ گاہے۔ ارزاں ہوجایا کرے۔ تعجب نہیں۔ آپس میں لوگوں کے جھگڑے فساد ہوا کریں گے۔ دودھ دہی قدرے ارزاں ہوں گے۔ سوداگری کا بازار مدہم رہا کرے گا۔ جانور خطرہ میں رہیں گے کسی نہ کسی وقت بادل برسے گا۔ بعض جگہ مرگ مفاجات کی اکثر وارداتیں ہوا کریں گی فصل کے لئے اس کا ثمرہ اچھا ہے۔

# طالع نامہ

جس مرد یا عورت کا طالع دریافت کرنا منظور ہو۔ تو اُس کے نام اور اُس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر جمع کر کے بارہ پر تقسیم کریں اگر ایک باقی رہے۔ طالع برج حمل۔ اگر دو رہیں۔ طالع برج ثور۔ اگر تین رہیں تو طالع برج جوزا۔ اور چار رہیں طالع برج سرطان۔ اور پانچ رہیں طالع برج اسد۔ اور چھ رہیں طالع برج سنبلہ۔ اور سات رہیں تو طالع برج میزان۔ اور آٹھ رہیں تو طالع برج عقرب۔

اور نو رہیں طالع برج قوس - اور دس رہیں طالع برج
جدی - اور گیارہ رہیں طالع برج دلو - اگر بارہ پر پوری تقسیم ہو
طالع برج حوت ہے - انہی بارہ برجوں کو ہندی میں راس کہتے ہیں
ان سب کا الگ الگ مفصل بیان کیا جاتا ہے ۔

| باقی | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برج | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
| راس | میکھ | برکھ | متھن | کرک | سنگھ | کنیا | تلا | برچھک | دھن | مکر | کنبھ | مین |

# حمل - میکھ

مرد جس کا عدد ایک باقی بچے اور برج حمل راس میکھ ہو - تو
وہ شخص نیک بخت عاقل شرمیلا - حریص - خلیق - طاقتور ہوتا ہے
محرم کے مہینہ میں ہفتہ کے دن مشرق اور مغرب کی طرف سفر جانا
اس کے واسطے اچھا ہے - اگر کاشت کرے - تو فائدہ میں رہے گا اس کے
دشمن سب مغلوب رہیں گے - کوئی روبرو نہیں آئے گا - اگر کسی کی
دہنی طرف کھڑا ہو کر بات چیت کرے - تو وہ ہمکلام اس پر مہربان
ہو جائے گا - پیدا ہونے کا پہلا و پندرھواں[15] اور چالیسواں
سال اس کے واسطے نہایت خطرناک ہوتے
ہیں - اکثر کسی نہ کسی مرض شدید میں گرفتار ہو گا اگر
ان شدائد سے بچ نکلا - تو پھر وہ چوراسی[84] سال
زندہ رہے گا ۔

# عورت

اس طالع کی عورت خوبصورت شوخ چشم ۔ کوتاہ قد۔ پُر غصہ اور دولت کی از حد حریص رنگ دار لباس کا اور سونے کی انگوٹھی پر بہت خوش ہوتی ہے ۔ اس کی گردن اور بازو پر تل کا نشان ہوتا ہے عمر میں صدمہ آسیب سے ایک بار ضرور بیمار ہو گی۔ پیدا ہونے کا پہلا سال اس کے واسطے نہایت خطرناک ہے ۔ اس میں صحیح سلامت رہے ۔ تو تخمیناً ایک سو برس کی عمر بسر کرے گی ؛

# ثور ۔ برکھ

مرد ۔ اگر دو بجیں اور برج ثور رانس برکھ ہو۔ تو اس طالع کا آدمی صاحب زور شیریں زبان خوش مزاج ہوتا ہے ۔ اس کو تجارت کرنے میں بہت فایدہ ہو گا۔ کبھی ملازم ۔ کبھی بے روزگار رہے گا ۔ اور زندگی میں دو نکاح کرے گا ۔ ماہ ربیع اول میں یکشنبہ کا روز اس کے لئے مبارک ہے ۔ پہلا ۔ چودھواں اور اٹھارہواں سال نہایت خطرناک ہونگے ۔ بلغمی امراض سے اکثر تکلیف اٹھائے گا ۔ اگر ان تمام مصیبتوں میں کامیاب ہوا ۔ اور جان سلامت رہی تو پچپاسویں سال عمر بسر کرے گا ؛

# عورت



جس کا یہ طالع ہو ۔ وہ عورت نیک بخت شیریں زبان

ہنس مکھ۔ کشادہ دل۔ بلند بینی۔ کوتاہ گردن اور صاحب اولاد ہوتی ہے۔ اس کا قد لمبا اور خوبصورت ہوتی ہے۔ ہر وقت خوش اور امن چین میں رہتی ہے۔ مگر کسی نہ کسی وقت آسیب میں مبتلا ہوگی۔ اور تمام عمر میں ۹ و ۲۰ و ۲۵ یہ تینوں سال اس کے واسطے اچھے نہیں ہوتے۔ اگر ان کی نحوست و صدمات سے بچ نکلی۔ تو پھر اس کی عمر ۹۹ برس ہوگی ؛؛

## جوزا - منتھن

**مرد** - اگر تین باقی رہیں۔ تو برج جوزا اور اس منتھن ہو تو اس طالع کا آدمی نیک بخت پرہیزگار شیریں زبان خوبصورت ہوتا ہے اس کے بازو یا گردن پر کوئی نشان اور بزرگوں کا دوست دار ہوتا ہے۔ جو کام کرے۔ اس میں برکت اور بہتری ہو جس کے ساتھ نیکی کرے۔ وہ اُلٹا دشمن بن جائے۔ تجارت کرنا اور مغرب کو سفر جانا اس کے لئے اچھا ہے۔ اس کے حاسد اور دشمن بہت ہوتے ہیں۔ مگر بگاڑ کچھ نہیں سکتے۔ ماہ ربیع الاول میں چہار شنبہ اور جمعہ کے مشکل سے مشکل کوئی کام کریں۔ خداوند کریم آسان کر دیتا ہے۔ مگر پہلا۔ دوسرا اور ستارہواں سال بخیریت گزرے۔ تو اس کی عمر نوے برس ہوگی ؛؛

## عورت

ایسے طالع کی عورت بلند مرتبہ اور صاحب دولت ہوتی ہے

مگر درد شکم و دیگر امراض سے کبھی کبھی بیمار رہنے کی وجہ سے اس کا بدن بہت کمزور اور پتلا رہتا ہے۔ اس کے دشمن بہت ہوں مگر نقصان ہرگز نہ کر سکیں۔ ربیع الاول کا مہینہ اور بدھ اس کے واسطے مبارک ہوتے ہیں۔ ۲۔ ۷۔ ۱۶۔ ۳۰۔ یہ چار سال گردش کے آئیں گے۔ اگر ان میں نقصان سے محفوظ رہی۔ تو ۹۰ برس زندہ رہے گی ۞

## سرطان - کرک

**مرد**- چار باقی رہیں۔ اور برج سرطان راس کرک ہو تو اس طالع کا آدمی رحمدل، صاحب دولت، عقلمند شیریں زبان ہوتا ہے جس کے ساتھ یہ نیکی کرے۔ وہ احسان فراموش ہوگا۔ خدا اس کو رزق بہت دیتا ہے یکشنبہ اور دوشنبہ یہ دن اس کے واسطے نیک ہوتے ہیں۔ ان میں جو کام کرے وہ درست رہتا ہے۔ سفر کرنا اس کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ ۲۴ اور ۳۴ برس کو شدید۔ امراض میں مبتلا ہوکر اگر شفایاب ہوا تو ۸۸ سال تک زندہ رہے گا ۞

## عورت

جس عورت کا یہ طالع برآمد ہو وہ نہایت خوبصورت و حسین اور متحمل پری جمال بے مثال ہمنازنین۔ سیاہ چشم نیک بخت صاحب اولاد اور خاوند کی جان نثار ہوتی ہے۔ اس کے ہاتھ [illegible] اور ناک [illegible] ہوتے ہیں۔ ماہ ربیع الاول دوشنبہ (سوموار) کے دن جو کام کرے اس کا نتیجہ اچھا برآمد ہو۔ مگر اس کے واسطے [illegible]۔ ۷۔ ۲ یہ تین سال نہایت زبوں ہیں۔ اگر کوئی مہلک حادثہ پیش نہ آیا۔ تو اس کی عمر تا اسّی

برس کی ہوگی ؂

## اسد - سنگھ

پانچ پچیس اور برج اسد راس سنگھ ہو۔ تو اس طالع کا آدمی درمیانہ قد۔ قوی بدن ہو۔ مرد دیندار پرہیزگار ہر ایک کا تابعدار و خیر خواہ ماں باپ کا فرمانبردار مزاج گا گرم خشک ہوتا ہے۔ مگر بدعمل عورتوں کی طرف زیادہ خیال رکھتا ہے۔ اس کو صدمہ آگ یا نظر بد سے اکثر تکلیف ہو گی ۱۲-۱۶ برس کی بیماریوں سے اگر اس کی جان سلامت رہی تو پھر وہ نوّے سال عمر بسر کرے گا ؂

## عورت

اس طالع کی عورت صاحب اولاد ہوگی۔ اور پانچ شوہر کرے گی ویروار کا دن، و ذیقعد کا مہینہ اُس کے لئے اچھے ہیں درد چشم میں اکثر مبتلا رہے گی۔ پیدائش کا گیارھواں سال اس پر سخت آئے گا۔ اگر اس کی نحوست سے امن میں رہی۔ نوے برس تین گھڑی زندہ رہے گی۔ غیر آباد اور ویرانوں میں جانا اس کے واسطے اچھا نہیں ہوتا۔ اگر جایا کرے۔ تو درد چشم کا عارضہ ہو جائے جس کا علاج یہ ہے۔ کہ ایک چھوٹا مرغ اور پانچ گز کپڑا صدقہ دیوے سات زمین کوؤں کے پانی سے نہلائے۔ اور کوئی تعویذ لکھا کر اپنے پاس رکھے ؂

## سنبلہ - کنیا

چھ باقی رہیں۔ اور برج سنبلہ راس کنیا ہو۔ تو اس

طالع کا آدمی نیک چلن۔ صابر نازک مزاج اور حریص ہوتا ہے۔
عمر بھر میں اس کو ایک زخم ہوگا۔ اور کوئی بڑا نیک کام ضرور
کرے گا۔ دشمن بہت ہوں گے جس کی بائیں طرف کھڑا ہو کر
گفتگو کرے۔ وہ مہربانی سے پیش آوے۔ ۴۔ ۷۔ ۲۰۔ ۵۰ سال کی
آفات و تکلیفات اور امراض مہلکہ سے محفوظ رہا۔ تو ایک سو برس
کی عمر گزار کر مرے گا۔

## عورت

اس طالع کی عورت گندمی رنگ فراخ چشم۔ راست گو۔
مہمان نواز چست و چالاک اور ہر ایک کی خدمت گزار ہوتی ہے۔
اس کے شکم اور سر میں اکثر درد رہتا ہے۔ تمام عمر کے ۴۔ ۴۔ ۲
یہ دو سال نہایت خراب اور بیماری کے ہوتے ہیں۔ اگر ان میں
تندرست رہی۔ تو پھر وہ ۹۵ سال زندہ رہ کر مرے گی۔

## میزان تلا

سات باقی رہیں۔ اور برج میزان راس تلا ہو۔ تو اس طالع
کا آدمی نیک بخت۔ رحمدل۔ مغرور اور سیاہ چشم اس کے بازو پر تل
کا نشان ہوتا ہے۔ چالیس سال کے بعد اس کو بلند مرتبہ حاصل
ہوگا۔ اس کے واسطے سفر جانا اور قدرے لوہا پاس رکھنا مفید
ہے۔ اس کے دشمن بہت ہوں گے۔ ۷۔ ۲ دن اور ۷ برس تک
صحیح سلامت رہا۔ تو ۵۰ سال زندہ رہے گا۔

# عورت

ایسے طالع کی عورت شیریں کلام نازک اندام کشادہ ابرو اور بلند بینی ہوتی ہے۔ گردن پر تل کا نشان ہوتا ہے۔ ماہ رمضان سہ شنبہ (منگل) کا دن اس کے واسطے بہت نیک ہے۔ مگر ۳-۱۰-۹ یہ دو سال بیماری اور گردش کے ہیں۔ اگر امن میں رہی تو اس کی عمر ۸۲ سال ہو گی ؛

# برچھک عقرب

اگر عدد آٹھ باقی رہیں۔ اور برج عقرب راس برچھک ہو۔ تو اس طالع کا آدمی خوش و صاحب اقبال دولت مند ہر دلعزیز یار و زنگر اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ آگ اور پانی اس کے لئے نقصان دیہ اور دشمن جان کے پیاسے ہوتے ہیں۔ مگر اس کا ایک بال بھی ٹیڑھا نہیں کر سکتے۔ ۳-۷-۵ برس کے صدمات امراض اور تکلیفات اس کے سر سے ٹل گئے۔ تو پھر اس کو نوے سال عمر تک کوئی فکر و اندیشہ نہیں ہوتا ؛

# عورت

اس طالع کی عورت فراخ سینہ خندہ پیشانی صاحب اقبال چہت زبان اور سنہری زیور رنگین کپڑے کی زیادہ شوقین ہوتی ہے شعبان کا مہینہ جمعہ اور ہفتہ کا دن کام کرنے کے واسطے نہایت

مبارک ہیں۔ ان میں جو کام کرے۔ فایدہ میں رہے ۔ ۸۰ و ۴۸ کا سال نہایت منحوس اور خطرناک ہے۔ اگر یہ آسانی سے گزرا۔ تو اُس کی عمر ۹۵ سال ہوگی ::

## قوس دھن

نوباقی رہیں۔ اور برج قوس راس دھن ہو۔ تو اس طالع کا آدمی لمبا نہایت رحمدل۔ شریف پاکیزہ دل ہر ایک کا خیر خواہ اور بیماریوں کا مددگار ہوتا ہے۔ عمر میں ایک دفعہ آوزار سے زخم اور درد سے صدمہ پہنچے۔ اگر ۱۴ - ۱۹ - ۲۷ برس تک بیماریوں اور تکلیفوں سے جانبر ہوا۔ تو پھر نوّے برس تک بلا خوف و خطرہ زندہ رہیگا ::

## عورت

ایسے طالع کی عورت صاحب عقل اور میانہ صورت ہوتی ہے بادی امراض میں اکثر مبتلا رہتی ہے۔ ماہ رمضان جمعہ کے دن جو کام کرے۔ مبارک ہو۔ اور ۸ - ۲۸ - ۴۸ یہ تین سال اس پر خیریت سے گزرے۔ تو ۸۰ برس زندہ رہے گی ::

## جدی مکر

اگر دو باقی رہے۔ اور برج جدی راس مکر ہو۔ تو اس طالع کا آدمی شیریں زبان سیاہ چشم اور صاحب حوصلہ ہے۔ اس کی قسمت میں دو عورتیں ہوتی ہیں۔ ماہ جمادی الاوّل میں جمعہ کے

دن جو کام کرے۔ اس کا نتیجہ اچھا ہو۔ کسی شخص کے بائیں طرف کھڑا ہو کر اگر بات چیت کرے۔ تو وہ اس کا مہربان ہو جائے گا درد شکم و نظر بد وغیرہ امراض میں گاہ بگاہ مبتلا رہے گا۔ چوتھے اور آٹھویں سال اس کو سخت بیماری آئے گی۔ اگر بچ نکلا۔ اور جان سلامت رہی۔ تو ٹھیک سو برس عمر بسر کر کے راہی ملک عدم ہو گا۔

## عورت

اس طالع کی عورت شیریں زبان سیاہ چشم اور صاحب حوصلہ ہوتی ہے۔ اور تکلیف وغیرہ سے امن میں رہتی ہے۔ اور نکاح دو کرے گی۔ درد شقیقہ اس کے سر میں اکثر ہوا کرے گی۔ عورتوں کے مکر و فریب سے ڈرتی رہے۔ اس کی تمام عمر خوشیوں میں بسر ہو گی۔ بیسواں برس اس کے واسطے بہت منحوس ہے۔ اگر اس کی گردش سے محفوظ رہی۔ تو پھر اس کی عمر لمبی ہو گی۔

## دلو — کُنبھ

اگر عدد گیارہ رہیں۔ اور برج دلو راس کنبھ ہو۔ تو اس طالع کا آدمی نیک۔ جلن ہنرمند صاحب دولت بلند مرتبہ اور ہر ایک کا غمخوار ہوتا ہے۔ ماہ ذیقعد میں شنبہ اور سہ شنبہ کو جو کام کرے۔ نہایت مشکل ہو گا۔ اس کے واسطے سفر جانا اچھا اور پانی سے خطرہ ہے ... برس کی گردش سے امن و امان اور بے نقصان بچ نکلا۔ تو پھر نوے برس اور زیادہ عرصہ کی زندگی گزار کر مرے گا۔

# عورت

اِس طالع کی عورت خوبصورت نیک سیرت سفید رنگ سیاہ چشم۔ بلند بینی۔ دراز گردن۔ دولت مند۔ صاحب اقبال۔ غریب پرور۔ یتموں اور محتاجوں کی دستگیری ہوتی ہے ۷۔۹۔۲۱ یہ تین سال اس کے واسطے گردش کے ہیں۔ اگر خیریت میں رہی تو اس کی عمر ۶۵ برس کی ہو گی ::

# حوت - مُبین

پوری تقسیم یعنی بارہ باقی رہیں۔ تو برج حوت راس میں ہو۔ اس طالع کا شخص نہایت رحمدل۔ بنیا۔ بخت۔ صاحب۔ زور اور میانہ عقل ہوتا ہے۔ کئی سال اس کے رنج و غم میں بسر ہوں گے۔ لیکن چند برس کے بعد سفر کرے۔ تو مال دُنیاوی سے مالا مال ہو جائے۔ آسیب پھوڑا پھنسی اور خفقان وغیرہ امراض میں بعض اوقات مبتلا رہے گا۔ جمعرات کے دن جو کام شروع کرے۔ اس میں کامیاب ہو گا۔ کیونکہ یہ دن اس کے واسطے مفید اور کارآمد ہیں۔ اگر یہ ۲۔۷۔۲۲۔۳۴۔ ان خوفناک سالوں سے محفوظ اور امن میں رہا۔ تو ستانویں برس عمر ہو گی ::

# عورت

اس طالع کی عورت نہایت خلیق ہر ایک کی رفیق حلیم الطبع

نیک خو اور صاحب حوصلہ ہوتی ہے۔ مگر جس کے ساتھ یہ نیکی کرے وہ اس کا احسان بھول جائے۔ اور گرم امراض میں اکثر مبتلا رہا کرے۔ عمر کا ۱۸ سال اس کے واسطے بہت گراں ہے۔ اگر اس کی گردش و صدمات سے حفظ و امان رہی۔ تو ۸۰ سال تک زندہ رہیگی :

# زکی نامہ

بقول جناب حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم چار وقت مقرر ہیں ۔ پہلا زکی ۔ دوسرا مابین ۔ تیسرا رنج ۔ چوتھا احراق

زکی۔ یہ وقت نہایت مفید اور مبارک ہوتا ہے۔ ہر ایک کاروبار اسی میں کرنا چاہیے۔ اس میں جنگ کرنے سے فتح ہوتی ہے۔ اور نکاح کے واسطے یہ وقت نہایت عمدہ اور نیک ہے۔ اگر فرزند پیدا ہو۔ تو نیک بخت اور دولت مند اور صاحب نصیب لمبی عمر والا اور عالم ہوتا ہے۔ اگر نیا مکان بنائے ۔ یا تجارت کرے۔ تو فایدہ میں رہے گا۔ اور عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے گا۔

مابین۔ یہ وقت میانہ ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے اس کا نتیجہ نہ اچھا اور نہ برا ہوتا ہے۔ نفع ۔ اور نقصان ہر دو برابر ہوتے ہیں ۔

رنج ۔ یہ وقت نہایت خراب اور منحوس ہے۔ اس

میں کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے۔ ورنہ الٹ ہوگا۔ جنگ کرنے سے فتح نہیں ہوگی۔ مکان بنایا جائے۔ تو چند سال میں گر جائے گا۔ اگر نکاح کریں۔ تو وہ عورت اپنے خاوند کی تابعدار نہیں ہوتی۔ تجارت اور زراعت سے فائدہ نہیں ہوتا۔ اگر لڑکا پیدا ہو۔ تو وہ گاؤں بگاؤں پھرتا رہے گا۔ اپنے گھر کے ساتھ اس کو محبت کم ہوگی۔

**احتراق** – یہ وقت از حد منحوس اور بصورت آتشی ہوتا ہے۔ کوئی کام دین خواہ دنیا کا نیک یا بد ہو۔ اس میں ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ اگر کیا جائے۔ تو اس کا نتیجہ خراب اور نقصان دہ ظاہر ہوگا۔ اگر نکاح ہو۔ تو وہ عورت خاوند سے بیزار رہے گی۔ اگر کاشت کریں۔ تو بیج ہی جل جائے گا اگر ملاقات کو جائیں۔ تو وہ شخص اُلٹا دشمن ہو کر پیش آئے گا۔ اس وقت میں دعا قبول نہیں ہوگی۔ اگر لڑکا پیدا ہو تو بد فعل و جاہل اور سیاہ دل ہوگا۔ نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمادیں

# جدول اوقات روزانہ زکی نامہ

| دن | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمعرات | پہر | ۱ | ½ | ۱ | ½ | ½ | ½ |
| | وقت | احراق | ماہیں | زکی | احراق | ماہیں | رنج |
| بدھ | پہر | ۱ | ½ | | ½ | ½ | ½ |
| | وقت | رنج | احراق | زکی | ماہیں | رنج | ماہیں |
| منگل | پہر | ½ | ۱ | ½ | ۱ | ½ | ½ |
| | وقت | رنج | زکی | ماہیں | احراق | رنج | احراق |
| سوموار | پہر | ۱ | ½ | ۱ | ½ | ½ | ½ |
| | وقت | احراق | ماہیں | زکی | احراق | ماہیں | رنج |
| اتوار | پہر | ½ | ½ | ½ | ½ | ۱ | ½ |
| | وقت | ماہیں | احراق | ماہیں | رنج | زکی | ماہیں |
| ہفتہ | پہر | ½ | ۱ | ۱ | ½ | ½ | ½ |
| | وقت | ماہیں | زکی | احراق | ماہیں | زکی | رنج |
| جمعہ | پہر | ½ | ۱ | ½ | ۱ | ½ | ½ |
| | وقت | ماہیں | احراق | رنج | زکی | ماہیں | رنج |

# سفر نامہ

[illegible] کہتے ہیں۔ منجمین رمل دعا میں مرقوم ہیں

نے لکھا ہے۔ کہ جس طرف چہل سامنے ہوں۔ ادھر کو ہرگز نہیں جانا
چاہیئے۔ کیونکہ چہلوں کو سامنے رکھ کر سفر کرنا رنج و تکلیف اور
نقصان سے خالی نہیں ہوتا۔ ذیل کے نقشہ میں جو تاریخیں لکھی گئی
ہیں۔ اس طرف کو ان تاریخوں میں جانا مناسب نہیں ہوتا کیونکہ چہل
سامنے ہوتے ہیں۔ اور چہلوں کا دورہ بھی چاند کی تاریخوں پر مقرر ہے۔

مشرق یا پورب

| | | |
|---|---|---|
| شمال مشرق ایسان ۲۸ — ۷ — ۲۱ | پوربا ۲۹-۲۲-۱۵-۸ | جنوب مشرق اگنی ۲ — ۹ — ۱۶ — ۲۳ |
| اتر ۱۵ — ۲۲ — ۲۹ | مقام سفر | دکھن ۲۴ — ۱۷ — ۱۰ — ۳ |
| شمال مغرب بایو ۵ — ۱۲ — ۱۹ | پچھم ۲۶-۱۹-۱۲-۵ | جنوب مغرب نیرت ۴ — ۱۱ — ۱۸ — ۲۵ |

شمال یا اتر — جنوب یا دکھن — مغرب یا پچھم

## نظم سفر

منگل بدھ پورب مت جائیں چڑھا ہے پچھم دوار سوموار
اتوار جمعہ نہ جائیں پچھم نہ جائیں دکھن یار

وہ گزر جانے کے بعد مایوس امیدوں میں کامیابی ہوگی۔ کچھ دولت ملے گی۔ اگر مرض ہو۔ تندرست ہو جاؤ گے۔ نوکری کی خواہش ہو۔ تھوڑے دنوں تک پوری ہوگی۔ اگر کسی سے لڑائی ہوئی ہو۔ تو وہ مہلت کے بعد صفائی کرے گا۔ محبوب کے ملنے کا شوق اور خواہش اولاد ہو۔ تو مدت بعد ان میں کامیاب ہو جائے گا۔ گھبرانا ہرگز نہیں چاہیئے۔ کچھ عرصہ کے بعد تمام مقصد پورے ہوں گے ہفتہ کے دن تیل اور ماش کا صدقہ ادا کریں۔

# مشتری

اے سائل تیری فال خانہ مشتری میں آئی۔ جو اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ کچھ زر تیرے ہاتھ آئے گا۔ اب تیرا وقت عیش و عشرت میں بسر ہوگا۔ مدت کے بچھڑے ہوئے دوست سے ملاقات ہوگی۔ رنج و غم اور تنگدستی یہ سب دور ہوں گے۔ اگر اولاد کی خواہش ہے۔ تو پروردگار آپ کو فرزند سعادت مند عطا فرمائے گا۔ اگر چوری ہوگی ہو۔ تو وہ مال مل جائے گا۔ اور چور پکڑا آئے گا۔ کسی سے جھگڑا یا فساد ہو۔ تو وہ آپ سے معافی مانگ کر صلح کرے گا۔ اگر پا پیادہ چلنا دشوار ہو۔ تو عمدہ سواری ملے گی تیرے لئے مناسب ہے۔ کہ ویروار کے دن چنے کی دال اور قدرے ہلدی کا صدقہ کسی محتاج کو دے۔

نحوست دُور ہو گی۔ اور بگڑے ہوئے کام بھی سنور جائیں گے
اور کسی جگہ سے خوش خبری کا پیغام آئے گا۔ تمام دشمن
فرمانبردار بن کر غلام رہیں گے۔ اگر کسی سے لڑے۔ تو فتح
حاصل ہو۔ اگر اولاد کی دل میں آرزو ہے۔ تو فرزند ارجمند
پیدا ہوگا۔ آپس میں فساد ہو۔ تو صفائی ہو جائے گی۔ مگر
تیرے واسطے بہتر ہے۔ کہ اتوار کے دن گندم اور دودھ کا
حسب توفیق صدقہ ادا کر۔ نحوست دُور ہو گی ؛؛

# زہرہ

انگلی اگر خانہ زہرہ میں پڑی۔ تو اے صاحب
فال تمہارا کوئی پردیس گیا ہے۔ تو جلد گھر واپس
آئے گا۔ اگر سواری کو جی چاہا ہے۔ تو ضرور ملے گی رنج
اور غم دل سے دُور ہوں گے۔ کسی جگہ سے خوشی
کا پیغام آئے گا۔ اگر نقصان ہو گیا ہے۔ تو بدلے
بجائے اس کے فائدہ بہت ملے گا۔ اگر کوئی بدن میں
آزار ہے۔ تو پروردگار اچھا کر دے گا۔ کسی خواجہ
سرائے یا عورت سے فائدہ حاصل ہو گا۔ تمہارے
لئے زراعت کرنی بہت مفید ہے۔ عنقریب سب
کام آسان اور دلی مقاصد اچھے ہو جائیں گے اور
دفع نحوست کے واسطے واجب ہے۔ کہ جمعہ کے دن
نمک اور موٹھ بطور صدقہ کسی غریب حاجتمند کو دیں

# عطارد

اے سائل تیری فال کا خانہ اگر عطارد آیا ہے۔ تو اسکی کیفیت یہ لکھتے ہیں۔ کہ تمہاری قسمت میں علم پڑھنا ہے اور چند روز کے بعد تمہارے سب کام ٹھیک ہو جائیں گے اگر وصل محبوب کی آرزو ہے۔ تو وہ حاصل ہوگا۔ اگر جسمانی مرض ہے تو دور ہوگی۔ ایام نحوست رفع ہونے کے بعد ایک آپ پر ایسا قابل شخص مہربان ہو۔ جو بہت مالدار ہوگا۔ اور دولت سے آپ کو مالا مال کر دیگا۔ تھوڑے دنوں تک آپ کے تمام دلی مدعا پورے ہونگے اور مرادیں بر آئیں گی۔ مگر بدھ کے روز کوئی جانور و کپڑہ اور مونگ حسب حیثیت کسی سائل کو صدقہ دینا بہتر ہے واسطے دافع نحوست ہے



# قمر

اے صاحب فال تیرے سوال کا خانہ اگر قمر آیا ہے۔ تو انشاء اللہ اب تیرے دن عیش و عشرت میں بسر ہوں گے۔ دنیا میں تیری عزت و آبرو ہوگی۔ تعجب نہیں۔ کہ عہد وزارت تیری قسمت میں ہو۔ جو دشمن ہوں گے۔ وہ فرمانبردار اور خدمت گار ہو جائیں گے۔ کسی درویش کیمیا گر سے کوئی نسخہ چاندی بنانے کا ملے گا۔ اگر اولاد کی آرزو ہے۔ تو بفضل خداوند کریم ایک فرزند سعادت مند پیدا ہوگا۔ اور [illegible] سے بچنا چاہیئے۔ اور مناسب ہے [illegible] چاولوں کا صدقہ رافع نحوست

سے کے دیئے کسی غریب کو دیویں۔

# عجیب فالنامہ

جو شخص اپنی قسمت کا حال دریافت کرنا یا مطلب نکالنا چاہئے۔ تو پہلے پاک و صاف باوضو ہو کر الحمد اور درود شریف پڑھے۔ پھر یہ پانسہ پکڑے۔ اور بصدق دل و صفائی نیت سے کسی تختی یا صاف زمین پر پھینکے۔ اور جو حروف پانسہ میں اوپر کی طرف ظاہر ہوں۔ ان کو فالنامہ سے دیکھیں۔ تو دلی خواہش کے مطابق عبارت سے پورا مطلب حاصل ہو جائے گا۔

**پانسہ۔** یعنے قرعہ ہفت دھات کا شرف آفتاب یا زہرہ خواہ مشتری کی ساعت بروز جمعہ چاند کے پہلے عشرہ میں اسطرح بنوالیں۔ کہ اس کے تین دانہ کے چاروں طرف حروف (اب ج د) کھدوالیں۔ اور پھر تینوں دانوں کو ایک لوہے کی تار میں اس طرح پرو دیں۔ کہ گردش میں رہیں۔ قرعہ بنانے کا نقشہ ذیل میں درج ہے اس کے مطابق بنا دیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طرف ۱ | ا | | ا | | ا |
| طرف ۲ | ب | | ب | | ب |
| طرف ۳ | ج | | ج | | ج |
| طرف ۴ | د | | د | | د |

ہر ایک کی چاروں طرف

۱۱۱

یہ فال خوش قسمتی کا ایک نشان ہے۔ روزگار میں ترقی اور ہر کام میں کامیابی ہوگی فضل پروردگار سے ناامید نہیں ہونا چاہیئے۔ سب کام بخوبی سرانجام ہوگے۔

د- ب ا

جس چیز کی خواہش ہے وہ جلد ملے گی۔ اور جو نیت ہو۔ وہ پوری ہوگی۔ مگر ہرگز نہ کریں۔ ذرا دیر بعد سب کام درست ہو جائیں گے :

ا ج ا

تمہارے لئے یہ سال مبارک ہے۔ تمام امیدیں بر آئیں گی۔ ہر مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔ کسی عورت سے محبت ہوگی۔ گم شدہ مال مل جائے گا۔ یقین رکھنا چاہیئے :

ا د ا

تجارت اور تمام کاروبار میں ترقی۔ آمدن اچھی۔ جسمانی تکلیف دور ہوگی۔ دشمن زیر ہوں گے۔ ایک مہینہ کے بعد تم سب کچھ دیکھ لوگے۔

ب ا ا

تمام کام درست اور سفر سے فائدہ۔ دل کا فکر کچھ عرصہ کے بعد دور ہوگا۔ تجارت کرو تو نفع پاؤ گے۔ کسی عزیز دوست سے عنقریب ملاقات ہونے والی ہے۔ مگر تمہاری عورت ہمیشہ دکھ دیا کرتی ہے :

ب۔ ب ا

ایک سال تمہارے اوپر گراں رہا ہے۔ جس میں تم نے بڑی مصیبتیں اٹھائی ہیں۔ اب فکر و اندیشہ نہیں کرنا چاہیئے۔ خراب دن گئے۔ اور بہتری کا زمانہ آیا سب رنج و غم دور ہوں گے

ب ج ا

عورت کی خواہش تمہارے
دل میں بہت رہتی ہے جس
سے تم نیکی کرتے ہو۔ وہ اُلٹا
دشمن بنتا ہے۔ تم کو کوئی تکلیف
بھی ہے۔ اور جو دل میں امید
ہے۔ وہ پوری ہو جائے گی

ب د ا

جس جگہ سے کچھ امید
رکھتے ہو۔ وہاں سے فائدہ
ملنا مشکل ہے۔ مگر کسی دوست
کی امداد سے کوئی بہتری ہو
تو بعید نہیں۔ فکر نہ کرو ؛

ج ا ا

تمہارے خراب دن گزرے
اور نیک زمانہ آیا۔ زمینداری
کرو فائدہ اٹھاؤ گے۔ سفر
جانے کا ارادہ ہو۔ تو ضرور جاؤ
گھر اولاد کا فکر رہے گا۔ عورت
کی دل آزاری سے بچ جاؤ گے
کیونکہ تمہارے دن زبردست

ہے۔ آپ کا کہنا اچھی طرح
نہیں مانتی۔ خود غرضی اور
لاپرواہ ہے ؛

ج ب ا

اے صاحب فال تیرے دن
بہت خراب اور نحس ہیں۔ جو کام
تو کرتا ہے۔ اس میں نقصان
اٹھاتا ہے۔ مگر یقین رکھ۔ کہ
پانچ مہینہ کے بعد تیرے کام
سدھر ہو جائیں گے ؛

ج ج ا

تیرے اوپر دو ڈھائی سال سے
بڑی بھاری گردش آنے کی
وجہ سے بنے بنائے کام بگڑ
جاتے ہیں۔ جو تو ارادہ کرتا
ہے۔ وہ پورا نہیں ہوتا۔ بلکہ
درمیان میں ہی رہ جاتا ہے
فکر مت کر۔ چند روز خراب ہیں

ج د ا

چند روز سے تمہارے معاملات
میں ایسی گڑبڑ مچی ہے۔ کہ

جو کام کرتا ہے۔ وہ درست نہیں ہوتا۔ چنتا مت کرو صرف ایک مہینہ خراب ہے ؛

د ا ا

تمہارے واسطے گھر بار ہے تکلیف ہے۔ ایک دم بھی آرام کا نہیں گزرتا۔ اور دل کبھی چنتا سے خالی نہیں رہتا مگر یہ نحوست تمہارے اوپر بڑی دیر تک رہے گی۔ اس کا کوئی چارہ نہیں ہو سکتا

د ب ا

تم اپنے دل میں امید رکھتے ہو کہ کسی جگہ سے مال ملے گا۔ مگر ایک مہینہ کے تمہارے سب کام سرانجام ہوں گے۔ ایک عورت سے ملاپ ہوگا ؛

د ج ا

جس ۔۔۔ سے تم ملنا لینا چاہتے ہو ۔۔۔

مال دے گا۔ اور تمہارا نقصان ہوگا۔ صبر کرنا چاہیئے۔ تھوڑے دنوں تک سب کاروبار ٹھیک ہوں گے ؛

د د ا

تمہاری گم شدہ چیز ملنی بہت مشکل ہے۔ بیوپار کرو۔ فایدہ میں رہو گے۔ تمہارے دشمن بہت ہیں۔ مگر بہتر ہے کہ تم بزرگوں اور فقیروں کی خدمت بجا لایا کرو۔ اور محتاجوں کو روٹی کھلایا کرو ؛

ا ا ب

آپ کا سیارہ گردش میں ہونے کی وجہ سے جو کام کرتے ہو۔ اس سے نقصان ہوتا ہے۔ ان دنوں میں تیرا دلی مدعا پورا ہونا دشوار ہے۔ پردیس جانا تمہارے لیے اچھا نہیں۔ جہاں تک ہو سکے صبر سے کام لیں

ا ج ب

جو کام تو چاہتا ہے وہ دو ماہ کے بعد سرانجام ہوگا مشرق کی طرف سفر جانا تمہارے لئے مبارک ہے کسی خوبصورت عورت سے میل جول ہوگا:۔

ا د ب

معلوم ہوتا ہے۔ کہ تم عزت اور بزرگی چاہتے ہو۔ کسی کو ملنے کی خواہش بھی رکھتے ہو۔ یہ مدعا تمہارا پورا ہوگا اور کچھ مال بھی ملے گا۔ اور کسی دوست کی آرزو دل میں بہت ہے:۔

ب ا ب

نظر آتا ہے۔ کہ تم ترقی کاروبار اور دولت کمانے کی خاطر پردیس میں جانا چاہتے ہو۔ سفر درد جاؤ۔ فائدہ اٹھاؤ گے۔ تمہارا مدعا پورا ہوگا۔ اور دولت ملے گی۔

ب ب ب

تمہارے دشمن ہر وقت گھات میں لگے ہیں۔ اور جان تمہاری ہر وقت خطرہ میں رہتی ہے۔ جو کام کرنا چاہتے ہو۔ وہ دیر سے ہوگا۔ تم قرض خواہوں سے بہت ڈرتے ہو۔ ہر گھڑی دشمنوں سے غافل نہیں ہونا چاہیئے:۔

ب ج ب

یہ دن تمہارے گردش کے ہیں۔ اس لئے ہر طرف سے نقصان اٹھاتے ہو۔ بلکہ دشمن تنگ کرتے ہیں تمہارا اصل مدعا پورا نہیں ہوگا:۔

ا ب ب

تمہارے برے دن گئے اور گلزار قسمت میں تازہ

بہار آئی۔ عنقریب آپ کے
سب کام درست اور نیک
ہوں گے۔ کوئی دوست تمہاری
امداد کرے گا۔ اگر سفر جاؤ
تو فایدہ اُٹھاؤ گے

## ب د ب

معلوم ہوتا ہے۔ کہ تم نے
عیاشی میں پڑنے میں دولت
مال بہت خراب کیا۔ جس
کی وجہ آپ مفلس اور بدقسمت
ہو کر منحوس دنوں میں گرفتار
ہوئے ہو۔ اب تمہارے کام
درست ہوں گے۔ فکر نہ کرو

## ج ا ب

تمہاری موجودہ حالت
عجیب طرح کی ہے۔ آپ کے
دل میں کبھی کچھ کبھی خیال
آتے ہیں کسی غیر شخص
سے کوئی مطلب لینا چاہیے
جو وہ پورا نہیں ہوگا۔ چند
روز کے بعد کوئی بہتری کی
کی صورت بن جائے۔ تو
تعجب نہیں ؛

## ج ب ب

تمہاری کوئی چیز چلی گئی
ہے جس کی چنتا ہر وقت
آپ کے دل میں لگی رہتی
ہے۔ اگر کوئی چیز خریدنی
ہو۔ تو ہرگز نہ خریدیں۔ اور
نہ فروخت کریں۔ اکثر کسی
خط آنے یا خبر سننے کے تمام
انتظار میں ہو ؛

## ج د ب

روزی کا ہر وقت خیال
تمہارے دل میں رہتا ہے
اور کسی جی کی چنتا میں تم
ہر وقت اداس ہو۔ اب
تمہارے دن اچھے ہیں۔ کوئی
خوشی نصیب ہوگی۔ کام
درست ہوں گے ؛

## د ا ب

عورت اور بال بچوں کی

طرف سے آپ کو بڑا رنج ہے
تمہارے دل میں خیال تو دور دور
کے آتے ہیں۔ مگر ہر وقت کی چنتا کچھ نہیں کرنے دیتی۔ فکر و اندیشہ نہ کرو
چند روز گزر جائیں گے ۔

د ب ب

تمہارے من میں ایک پوشیدہ چنتا لگی ہے۔ اور کسی
شخص کو اپنا اپنا فرمانبردار بنانا چاہتے ہو۔ اور جو فائدہ
حاصل کرنے کی دلیل ہے
وہ دیر بعد پوری ہوگی۔ دل میں بجرم نہ کیا کرو۔ تھوڑے
دن گردش کے ہیں۔ گزر جائیں گے ۔

د ج ب

آج کل کسی دوست کا
تم کو خط آنے والا ہے۔ جو
دشمن تمہارے پیچھے لگے ہیں
وہ فرمانبردار ہوں گے

کوئی فکر نہ کریں۔ مگر آپ کی
عورت محبت نہیں کرتی ۔

د ب ب

چند روز سے آپ کو تنگدستی
نے تنگ کر دیا ہے۔ اور
گردش ایام کی وجہ تم جو
کوشش کرتے ہو۔ فضول
جاتی ہے۔ تمہارا کوئی بھی
کام درست نہیں ہوتا

۱۱ ج

مرتبہ اور عزت بڑھانے
اور ملک کی بہتری کرنے
کے واسطے تم مدت سے
کوشش کر رہے ہو۔ مگر
گردش ایام کی وجہ کوئی۔
کام سر انجام نہیں ہوتا خیر
چھ ماہ تک آپ کے کاروبار
ٹھیک ہوں گے ۔

ا ب ج

تمہارے دل میں کسی شخص
کی محبت دامن گیر ہے مگر وہ

تم سے بات چیت نہیں کرتا
اور تم چاہتے ہو۔ کہ وہ میرے
قابو میں آئے۔ تمہارے نصیب
برگشتہ ہیں۔ اس خیالِ محال کو
چھوڑو۔ سراسر نقصان اٹھاؤ گے

ا ج ج

آپ کے من میں ہر وقت
یہی چنتا لگی رہتی۔ کہ جس
طرح ہو سکے۔ میرے دشمن دفع
ہو جائیں۔ اور آج سے پہلے
تمہارا کچھ نقصان بھی ہوا تھا
اب فکر نہ کرو۔ خراب دن
گزر گئے ہیں ؛

ا و ج

تمہاری کوئی چیز کسی نے
دبا رکھی ہے۔ اور ہر وقت
تمہارے من میں چنتا رہتی ہے
آپ کے دن خراب ہیں
کوشش کرتے ہیں کامیاب
نہیں ہوتے۔ فکر نہیں صرف
ایک سال گراں ہے

ب ا ج

تم دنیا کے گورکھ دھندے
میں خوب پھنسے ہو۔ کامیابی
کی بہت کوشش کرتے ہو
چند روز گردش کے بعد
سکھ ملے گا ؛

ب ب ج

تمہاری قسمت میں ابھی
ذق ہے۔ جو کام تو کرنا چاہتا
ہے۔ وہ پورا نہیں ہوتا۔ تمہارا
لین دین ٹھیک نہیں رہتا
دوستوں کی طرف سے تم رنجیدہ
خاطر رہتے ہو۔ ایک رات
سوتے ہوئے تم نے خوف
کھایا تھا ؛

ب ج ج

تمہارے من میں کسی بیمار
کی چنتا بہت رہتی ہے
اور فکر و اندیشہ بہت کرتے
ہو۔ تم کو کوئی تکلیف بھی
ہوئی ہے۔ اچھا خیر۔ کوئی

تکلیف نہیں۔ آپ کے ایام
نحوست گزر گئے ہیں

ب د ج

اب تمہاری مرادیں پوری
ہونگی۔ دشمنوں سے خوف نہ کریں
حاکم کے سامنے جاویں تو وہ مہربان
ہوگا۔ اگر کسی دوست کے ساتھ
میل ملاقات کرنی ہو تو ہو جائے
گی۔ مگر دفع نحوست کے لئے
منگل وار کے دن روزہ رکھا کرو

ج ا ج

آپ کے بدن میں کوئی پوشیدہ
امراض ہے جس کا غم بہت
فکر کرتے ہو۔ اسی وجہ سے
تمہاری طاقت مردمی کمزور ہو
گئی ہے۔ مگر علاج کی ضرورت
نہیں۔ ایام گردش گزر جانے
کے بعد خود بخود ہی تندرست
ہو جاؤ گے یا ... وقت
تمہارے دل میں ایک ...
کے

ج ب ج

آپ کسی عورت سے ملنا
چاہتے ہیں۔ اور ترقی روزگار
کا دل میں ہر وقت خیال
رہتا ہے۔ مگر آپ کا من ایک
جگہ ٹھہرتا نہیں رات دن
سوچ بچار بہت کرتے ہو
اور سوتے وقت بھی اسی
خیال میں رہتے ہو۔ کسی
قسم کا اندیشہ نہ کرو۔ کسی
شخص کی امداد سے تمام
کاروبار جلدی درست ہو جائینگے

ج ج ج

بہت دنوں سے آپ
کسی دشمن سے نقصان
اٹھا رہے ہو جس کا وسواس
تمہارے من میں بہت
رہتا ہے۔ کاروبار بھی اچھے
نہیں۔ خراب آپ کے دن
درست ہونے والے ہیں چنتا
مت کیا کرو۔

## ج د ج

آپ کے مکان میں کچھ دولت دبی ہوئی ہے۔ جس کو لینے کی کوشش کرتے ہو۔ مگر وہ ہاتھ نہیں آتی۔ اور نہ وہ آپ کو ملے گی۔ اس کا وسواس کرنا فضول ہے۔ اس وہم میں تم کامیاب نہیں ہو سکو گے

## د ا ج

آپ کسی عورت کے خیال میں لگے ہیں۔ ہر وقت اس کو یاد کرتے ہو۔ اور شاہی ملازموں سے تم کو خوف آتا ہے۔ اب تمہاری گردش کے دن پورے ہوئے چاہتے ہیں دلی مدعا سب پورے ہونگے اور تمام کام درست ہو جائینگے

## د ب ج

آپ کی دلیل ہے کہ کوئی ایسا شخص ملے جس کی امداد سے میرے کاروبار روزگار میں کامیابی ہو۔ مگر وہ مدد نہیں دیگا۔ فکر نہیں کرنا چاہیئے عنقریب کسی شخص کی امداد سے سب کام درست ہو جائینگے

## د ج ج

یہ دن آپ کے اوپر بہت گراں ہیں۔ دشمنوں سے دل خوف ہے۔ اور پیٹ میں کوئی روگ بھی رہتا ہے۔ خدا کی بندگی کیا کرو۔ سب کام سدھ ہو جائیں گے

## د د ج

معلوم ہوتا ہے۔ کہ آپ نے پچھلے دنوں میں کچھ مال کا نقصان اٹھایا ہے۔ مگر اب بہتری کے دن قریب آئے ہیں۔ چند روز کے بعد آپ کو عورت و اولاد سے سکھ ملے گا

## ا ا د

وہ زمانہ آپ کا نزدیک

که تمہاری کچھ ترقی ہوگی اور
بگڑے ہوئے کام سنور جائیں
گے۔ اولاد و عورت سے
سکھ ملے گا۔ اور دوست سے
ملاقات ہوگی ؛

### اب د

آپ نے جو کام کرنے کا
ارادہ کیا ہے۔ وہ ہرگز نہیں
ہوگا۔ چند روز کے بعد آپ کو
کچھ فائدہ ملے گا۔ جس محبوبہ کو
چاہتے ہو۔ وہ عنقریب چلی
جائے گی۔ تمہارے دل میں
خیال عزت اور نیک بختی
حاصل کرنے کا بہت ہے

### اج د

اولاد و عورت کی طرف سے
آپ کے من میں بہت فکر
رہتا ہے۔ اور کسی عورت کے
خواستگار۔ اور کہیں سفر جانے
کا خیال ہے۔ مگر یہ سب کچھ
فضول ہے کیونکہ ایام گردش ہے

### ادد

گردش زمانہ نے تم کو بہت
تنگ کردیا ہے۔ جو کام
کرتے ہو۔ اس میں کامیابی
نہیں ہوتی۔ اور رشتہ دار
بھی بیگانے رہتے ہیں تمہارے
لئے آج سے ایک سال
گردش کا ہے ؛

### ب اد

کسی کے بھروسہ پر مت
رہو کیونکہ یہ زمانہ معتبر نہیں
تمہاری رحم دلی اور نرمی
دیانتداری نے تمہارا ہی نقصان
کیا ہے۔ اور مخالف بہت
پیدا ہوئے ہیں۔ مگر اب دل
سے چنتا دور کرو ؛

### ب ب د

سفر جانا تو چاہتے ہو۔ مگر
اچھا نہیں۔ کسی دوست
یا عزیز کا خط عنقریب آپ
کو ملے گا ؛

ب د د

دیکھو بھائی تمہارے دن
گردش کے ہیں۔ اور سوچ بچار
زیادہ کرتے ہو۔ مگر کچھ بن نہیں
آتی۔ اکثر مال اور جان کا
نقصان گاہ بگاہ ہوتا رہتا ہے
ابھی تمہارے اوپر دو سال
گردش رہے گی پھر نیا زمانہ
آئے گا ؛

ج ا د

جو کام کرنا چاہتے ہو وہ
بہت جلد ہونے والا ہے
تمہارا دشمن زیر اور دن
درست ہوں گے۔ ہر طرف سے
تم کو سکھ ملے گا ؛

ج ب د

اب تمہاری تکلیف اور
گردش کے دن رفو چکر ہوئے
ہیں۔ اور اچھا وقت آ پہنچا
تجارت کرنے سے نفع اور حاکم
سے فایدہ ہوگا۔ اور کوئی دوست
آپ کا مددگار رہے گا ؛

ج ج د

گمی ہوئی چیز کا تمہارے
من میں زیادہ خیال ہر وقت
رہتا ہے۔ میل ملاپ کا
چارا تو بہت کرتے ہو۔ مگر
پیش نہیں جاتی ۔ یہ دن
خراب ہیں ؛

ب ج د

دیکھو مترا آپ کے خیالات
ہر وقت پراگندہ رہتے ہیں
ترقی مال و دولت کی خواہش
کرتے ہو۔ اور کسی شخص کو
ملنے کی نیت رکھتے ہو۔ مگر
سب کام دیر سے پیدا ہونگے

ج د د

جو تمہاری نیت ہے۔ اسمیں
پہلے کچھ نقصان بعد میں فایدہ ہوگا
کسی بزرگ سے مدد ملے گی

آپ کسی کو ملنے کی خواہش

بہت رکھتے ہو۔ اور سفر جانے کا ارادہ بھی کرتے ہو۔ مگر کامیابی نہیں ہوتی صبر کرو۔

د ب د

آپ کے دن اچھے آئے ہیں۔ دشمن کا خوف دور دشمن کا لا بھ اور دوست سے ملاپ ہوگا۔

---

اولاد و عورت کی طرف سے تم کو دکھ رہتا ہے

دولت کمانے کی خاطر آپ پردیس جانا چاہتے ہو۔ مگر گردش ایام کی وجہ کامیابی مشکل ہے۔

د د د

جو کام آپ کرنا چاہتے ہو۔ وہ جلد پورا ہو جائے گا۔ دشمن کا خوف دور دشمن کا لابھ ہے۔ اور تجارت سے فائدہ ہوگا۔

حبیب رضاء